THE BEST BOOK OF

6000 VERBS AND PROVERBS

Compiled By
YASEEN NAUSHAH
AND
MAKHDOOM SABRI

Malik Book Depot
Urdu Bazar, Lahore

THE BEST BOOK OF

6000

VERBS

AND

PROVERBS

FOR SCHOOL AND COLLEGE STUDENTS

Compiled By :

Yaseen Naushch

And

Makhdoom Sabri

MALIK BOOK DEPOT

.CHOWK URDU BAZAR, LAHORE.

NEW EDITION

Rs. 80 =

MALIK BOOK DEPOT, LAHORE.

Stockists

1. Sabri Dar - Ul - Kutub
2. Sabri Brothers
3. Kitabook Publishers.
4. Munir Sons Publishers.
5. Sabireen Publishers.
   Urdu Bazar Lahore.
6. Sabri Book Centre
   Bustami Road, Smanabad, Lahore.

Ph : 7231388 - 7247480 - 7320310
GRAMS "KITABOOK" G.P.O. BOX, 1986.

Composed By :
DOT COMPOSERS # Tel : 7123297
Printed at :
Nadeem Yunus Press, Lahore.

A

1. *A bad beginning makes a bad ending.*

۱- آغاز بَد، انجام بَد-

2. *A bad bush is better than the open field.*

۲- خالی میدان سے جھاڑی ہی بھلی، پہاڑ نہ ہو تو تنکے کی اوٹ بھلی-

3. *A bad cat deserves a bad rat.*

۳- جیسا کام ویسا دام، جیسی روح ویسے فرشتے-

4. *A bad cook licks his own fingers.*

۴- اناڑی باورچی اپنی ہی انگلیاں چاٹتا ہے-

5. *A bad daughter-in-law is worse than a thousand devils.*

۵- بُری بہو سے ہزار بلائیں بہتر-

6. *A bad husband cannot be a good man.*

۶- بَد خاوند بھلا آدمی نہیں ہو سکتا-

7. *A bad Jack may have as bad a Jill.*

۷- جیسا شوہر ویسی بیوی-

8. *A bad neighbour is as great an evil as a good neighbour is an advantage.*

۸- بُرے ہمسائے سے اِسی قدر نقصان ہوتا ہے جتنا اچھے ہمسائے سے

فائدہ۔

9. *A bad mind, a bad disposition.*

۹۔ بُرا دل بُری طبیعت۔

10. *A bad padlock invites a picklock.*

۱۰۔ بداحتیاطی چوروں کو دعوت۔

11. *A bad thing never dies?*

۱۱۔ بُری چیز ہمیشہ موجود رہتی ہے۔ بُرے کو موت کہاں؟

12. *A bad way has a bad end.*

۱۲۔ بُرے کام کا بُرا انجام، آگ کھائے انگارہ اُگلے۔

13. *A bad workman always quarrels with his tools.*

۱۳۔ ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔

14. *A bald head is soon shaven.*

۱۴۔ گنجا سر جلد منڈ جاتا ہے۔

15. *A barber learns to shave by shaving fools.*

۱۵۔ احمقوں کو مونڈتے مونڈتے نائی مونڈنا سیکھ جاتا ہے۔

16. *A bargain is after all a bargain.*

۱۶۔ قول ہارنا مردوں کا کام نہیں۔

17. *A barley corn is better than a diamond to a cock.*

۱۷- مرغ کے لئے ہیرے کی نسبت جو کا دانہ بہتر ہے۔

18. A bean in liberty is better than a comfit in a prison.

۱۸- آزادی کی روکھی سوکھی غلامی کے پلاؤ زردے سے بہتر ہے۔

19. A beggar can never be bankrupt.

۱۹- فقیر کا دیوالیہ کیا؟

20. A bellyful's a bellyful whether it be meat or drink.

۲۰- پیٹ بھرنے سے مطلب ہے چکنی چپڑی ہو تو کیا اور روکھی سوکھی ہو تو کیا۔

21. A big head and little coit.

۲۱- بڑا سر تھوڑی عقل۔

22. A bird in hand is worth two in the bush.

۲۲- نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔

23. A bit in the morning is better than nothing all day.

۲۳- صبح کا ناشتہ سارا دن کچھ نہ کھانے سے بہتر ہے۔

24. A bit of wood moved by strings in some one else's hand.

۲۴- دوسرے کے ہاتھ کی کٹھ پتلی۔

25. A bitter jest is the poison of friendship.

۲۵- لڑائی کی جڑ ہنسی-

26. A black hen lays a white egg.

۲۶- اچھوں کے بُرے، بُروں کے اچھے ہوتے آئے-

27. A blind man may catch a hare.

۲۷- کبھی اندھے کے بھی ہاتھ بٹیر لگ جاتا ہے-

28. A blind man is no judge of colours.

۲۸- بندر کیا جانے ادرک کا سواد!

29. A blot is no blot until it be hit.

۲۹- جب تک عیب پوشیدہ عیب نہیں-

30. A blunt wedge will do it, where sometimes a sharp axe will not.

۳۰- جو کام نرمی سے نکل سکتا ہے وہ سختی سے نہیں نکل سکتا-

31. A book is a friend that never deceives.

۳۱- کتاب ایک ایسا دوست ہے جو کبھی دھوکہ نہیں دیتا-

32. A boaster and a liar are cousins.

۳۲- خواجہ کا گواہ مینڈک- شیخی باز اور جھوٹا آپس میں بھائی بھائی ہیں-

33. A brave man or a fortunate one is able to bear envy.

۳۳-حسد کا شکار صرف بہادر یا خوش قسمت اشخاص ہی ہوتے ہیں-

34. A brave retreat is a brave exploit.

۳۴- مردانہ پسپائی بڑی شجاعت کا کام ہے-

35. A bribe will enter without knocking.

۳۵- رشوت ہر جگہ راستہ بنا لیتی ہے-

36. A bridle for a tongue is a necessary piece of furniture.

۳۶- زبان کو لگام ضروری ہے-

37. A broken sack will hold no corn.

۳۷-ٹوٹے گھڑے میں پانی نہیں ٹھہرتا-

38. A brother is a friend given by nature.

۳۸-بھائی خداداد دوست ہے-

39. Absence sharpens love.

۳۹- جدائی عشق کی آگ کو بھڑکا دیتی ہے-

40. A burnt child dreads the fire.

۴۰- دودھ کا جلا چھاچھ بھی پھونک کر پیتا ہے-

41. A careless watch invites the vigilant foe.

۴۱- چوکیدار سوئے ڈاکو مار مارے-

42. A carper will cavil at anything.

۴۲- نکتہ چیں ہر بات میں عیب نکالتا ہے-

43. A charitable man is a true lover of

God.

۴۳- سخی خدا کا دوست ہوتا ہے۔

44. A cheerful look makes a dish a feast.

۴۴- خوش اخلاقی بہترین دعوت ہے۔

45. A cheerful wife is the joy of life.

۴۵- خوش مزاج بیوی زندگی کی بہترین نعمت ہے۔

46. A child pursues a flying bird.

۴۶- احمق کا تردد بے مصرف ہوتا ہے۔

47. A chip of the old block.

۴۷- ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے۔ ایک ہی سانچے کے ڈھلے۔

48. A civil denial is better than a rude grant.

۴۸- نرمی کی نہیں سختی کی ہاں سے بھلی ہے۔

49. A clear conscience is a coat of mail.

۴۹- صاف ضمیر بہترین زرہ بکتر ہے۔

50. A close mouth catcheth no flies.

۵۰- بن روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی۔

51. A common blot is held no stain.

۵۱- عام عیب عیب نہیں!

52. A constant guest is never welcome.

۵۲- قدر کھوتا ہے ہر روز کا آنا جانا۔

53. A contented mind is a continual feast.

۵۳- قناعت سب سے بڑی دولت ہے۔

54. A courageous foe is better than a cowardly friend.

۵۴- دلیر دشمن اچھا نہ کہ بزدل دوست۔

55. A covetous man does nothing that he should till he dies.

۵۵- آدمی بوڑھا ہوتا ہے تو حرص جوان ہوتی ہے۔

56. A covetous man is never satisfied.

۵۶- لالچی کا کبھی پیٹ نہیں بھرتا۔

57. A coward's fear can make a coward valiant.

۵۷- خوف کے زیر اثر بزدل بھی شجاعت دکھلا سکتا ہے۔ تنگ آمد بجنگ آمد۔

58. A crafty knave needs no broker.

۵۸- عیار کو دلال کی ضرورت کیا؟

59. A cracked bell can never sound well.

۵۹- کہیں ٹوٹی گھنٹی بھی بجتی ہے؟

60. A creaking cart goes long on the wheels.

۶۰- دنیا میں کوئی چیز ناکارہ نہیں۔

61. A crooked stick will have a crooked a shadow.

۶۱- بڑوں کے بڑے ہوتے آئے۔

62. A crow is never the whiter for washing himself often.

۶۲- کاگا نہ اُجلا ہوئے چاہے دھوؤ لاکھ بار۔

63. A crowd is not company.

۶۳- محبت اور شے ہے صحبت اور شے۔

64. A crowd of books distracts the mind.

۶۴- زیادہ مطالعہ سے دماغ پریشان ہوتا ہے۔

65. A crown is no cure for the headache.

۶۵- دولت سے دکھ دور نہیں ہوتا۔

66. A crust cow hath short horns.

۶۶- خدا گنجے کو ناخن نہ دے!

67. A danger foreseen is half avoided.

۶۷- پیش بندی سے خطرہ ٹل جاتا ہے۔

68. A day after the fair.

۶۸- عید پیچھے ٹرو!

69. A day to come shows longer than a year that's gone.

۶۹- آنے والا دن گزرے ہوئے سال سے بھی بڑا نظر آتا ہے۔

70. A dead bee maketh no honey.

۷۰- مری مکھی سے شہد نہیں بنتا۔

71. A dead mouse feels no cold.

۷۱- مردے کو سردی نہیں لگتی- دنیا کا رنج جیتے جی کا بکھیڑا۔

72. A diamond daughter turns to glass as a wife.

۷۲- لاڈلی بیٹی نکمّی بہو۔

73. A diligent scholar and the master's paid.

۷۳- استاد کی محنت محنتی طالب علم کے ذریعے ہی ثمرآور ہوتی ہے۔

74. A disarmed peace is weak.

۷۴- نہتے کی صلح کو خاتمۂ جنگ نہ سمجھنا چاہیے۔

75. A discontented man knows not where to sit easy.

۷۵- بے صبرے کو چین کہاں؟

76. A disease known is half cured.

۷۶- مرض کی تشخیص کو آدھا علاج سمجھنا چاہیئے۔

77. A doubtful remedy is better than none.

۷۷- ان ہوت سے ہوت بھلی۔

78. A drop of honey catches more flies

than a hogshead of vinegar.

۷۸- سرکہ پینے کی نسبت شہد کے ایک قطرہ کے دنیا میں زیادہ طلب گار ہیں-

79. A drowning man will catch at a straw.

۷۹- ڈوبتے کو تنکے کا سہارا-

80. A drunkard's purse is a bottle.

۸۰- شرابی کی کمائی بوتل نے کھائی-

81. A dry cough is the trumpeter of death.

۸۱- خشک کھانسی موت کا پیغام-

82. A dumb man holds all.

۸۲- کم گوئی معاملے کو بگڑنے نہیں دیتی-

83. A fair day in winter is the mother of a storm.

۸۳- سکون کے بعد طوفان-

84. A fair death honours the whole life.

۸۴- نیک موت تمام زندگی کے لئے باعث عزت ہے-

85. A fair face may hid a foul heart.

۸۵- شکل مومناں کرتوت کافراں-

86. A fair face is half a portion.

۸۶- حسین چہرہ ہی نصف جہیز ہے-

87. A fair face needs no paint.

۸۷- حُسن زیور کا محتاج نہیں ہے۔

88. A fair wife and a frontier castle breed troubles.

۸۸- حسین بیوی اور سرحدی قلعہ لڑائی جھگڑے کی جڑ ہیں۔

89. A favour ill placed is a great waste.

۸۹- غیر مستحق پر عنایت کرنا عنایت کو کھو دینا ہے۔

90. A fault confessed is half redressed.

۹۰- اقرار جرم اصلاحِ جرم۔

91. A fault once denied is twice committed.

۹۱- قصور کر کے ایک بار انکار کرنا گویا دوسری بار قصور کرنا ہے۔

92. A fault-mender is better than a fault-finder.

۹۲- نکتہ چیں سے بہتر وہ ہے جو خطا کی اصلاح کرے۔

93. A feeble body makes the mind weak.

۹۳- کمزور جسم سے دل بھی کمزور ہو جاتا ہے۔

94. A figure among ciphers.

۹۴- اندھوں میں کانا راجہ!

95. A flatterer's throat is an open sepulchre.

۹۵- خوشامدی کا گلا کھلی قبر ہے۔

96. A fleece of a year is more profitable than one which is shorn twice or thrice a year.

۹۶- صبر کا پھل میٹھا ہے۔

97. A flow will have an ebb.

۹۷- ہر کمال کا زوال ہوتا ہے۔

98. A fool and his money are soon parted.

۹۸- احمق کی دولت کو ٹکاؤ کہاں؟

99. A fool cannot be still.

۹۹- احمق چپ نہیں بیٹھ سکتا۔

100. A fool demands much, but he is a greatest fool that gives it.

۱۰۰- احمق بہت کچھ طلب کرتا ہے لیکن جو شخص اس کو دیتا ہے اس سے بڑا احمق ہے۔

101. A fool is better than an obstinate man.

۱۰۱- ضدی سے بے سمجھ بھلا!

102. A fool may ask more questions in hour than a wise man can answer in seven years.

۱۰۲- بیوقوف آدمی ایک گھنٹہ میں اتنے سوال پوچھتا ہے کہ دانش مند

سات سال میں بھی ان کے جواب نہیں دے سکتا۔

103. A fool may give a wise man counsel.

۱۰۳۔ احمق بھی دانا کو کبھی مشورہ دے سکتا ہے۔

104. A fool's bolt is soon shot.

۱۰۴۔ بے عقل کا تیر جلدی چل جاتا ہے۔

105. A fool's tongue is long enough to cut his throat.

۱۰۵۔ احمق کی دراز زبان اس کا گلا کٹوا سکتی ہے۔

106. A forced kindness deserves no thanks.

۱۰۶۔ وہ مہربانی کیا جو مجبوراً کی جائے۔

107. A fox is not taken twice in the same snare.

۱۰۷۔ عقلمند دوبارہ ایک ہی جال میں نہیں پھنستا۔

108. A fox never dies in the dirt of his own ditch.

۱۰۸۔ عقلمند اپنے ہی پھندے میں نہیں پھنستا۔

109. A friend in court makes the process short.

۱۰۹۔ عدالت میں دوست کی موجودگی سے سب کام سہل ہو جاتے ہیں۔

110. A friend is another self.

۱۱۰۔ دوست گویا اپنی ہی ذات کا پرتو ہوتا ہے۔

111. A friend in need is a friend indeed.

۱۱۱۔ دوست وہی جو مصیبت میں کام آئے۔

112. A friend is never known till one has need.

۱۱۲۔ دوستی کی کسوٹی ضرورت ہے۔

113. A friend in the market is better than money in the chest.

۱۱۳۔ منڈی میں دوست کی موجودگی الماری میں روپیہ ہونے سے بہتر ہے۔

114. A friend is easier lost than found.

۱۱۴۔ دوست گنوانا سہل حاصل کرنا مشکل۔

115. A friend married is a friend lost.

۱۱۵۔ جہاں دوست کی شادی ہوئی ہاتھ سے گیا۔

116. A friend's frown is better than a fool's smile.

۱۱۶۔ دوست کی ناراضگی دشمن کی مسکراہٹ سے بہتر ہے۔

117. A friend to everybody is a friend to nobody.

۱۱۷۔ جو شخص سب کا دوست ہے اسے کسی کا دوست نہ سمجھو۔

118. A friendly house is the best of

houses.

۱۱۸- دوستانہ گھر سب سے اچھا گھر-

119. A full belly neither fights, nor flies well.

۱۱۹- لڑنا اور بھاگنا دونوں آدھے پیٹ ہو سکتے ہیں-

120. A full purse makes the mouth to speak.

۱۲۰- جس کی کوٹھی دانے اس کے دیوانے بھی سیانے-

121. A full purse never lacks friends.

۱۲۱- ہوت کے سب ساتھی-

122. A gentle heart is tied with an easy thread.

۱۲۲- شریف دل ملائم دھاگے سے بندھ جاتا ہے-

123. A gentleman without living is like pudding without sweet.

۱۲۳- شریف آدمی بے روزی، حلوا بے کھانڈ-

124. A gift will make its way through stone-walls.

۱۲۴- خدا دیتا ہے تو چھپڑ پھاڑ کر دیتا ہے-

125. A golden dart kills where it pleases.

۱۲۵- سونے کی کٹاری جہاں لگی وہاں کاری-

126. A glolden key open all locks.

۱۲۶- سونے کی چابی سے ہر تالا کھل جاتا ہے۔

127. A golden shield is of great defence.

۱۲۷- سونے کی ڈھال بہترین حفاظت ہے۔

128. A good are her is not known by his arrows, but by his aim.

۱۲۸- ماہر تیرانداز اپنے تیروں سے نہیں بلکہ اپنے نشانے سے پہچانا جاتا ہے۔

129. A good asker needs a good listener.

۱۲۹- جیسا کہنے والا ویسا ہی سننے والا۔

130. A good beginning is half the battle.

۱۳۰- نیک آغاز نصف فتح ہوتی ہے۔

131. A good cause makes a stout heart and a strong arm.

۱۳۱- پن کی جڑ سدا ہری۔

132. A good conscience is a continual feast.

۱۳۲- پاک ضمیر سب سے بڑی نعمت ہے۔

133. A good cow may have an ill-calf.

۱۳۳- ولی کے گھر شیطان۔

134. A good example is the best sermon.

۱۳۴- اچھی مثل کو بہترین نصیحت جانو۔

135. A good fame is better than a good face.

۱۳۵- خوبصورتی سے نیک نامی بھلی۔

136. A good friend is my nearest relation.

۱۳۶- وفادار دوست قریبی رشتہ دار ہوتا ہے۔

137. A good head cannot lie.

۱۳۷- صحیح الدماغ کبھی جھوٹ نہیں بولتا۔

138. A good horse never lacks a saddle.

۱۳۸- مال اچھا تو خریدار بہت۔

139. A good horseman wants a good spure.

۱۳۹- اچھے سوار کا بھی ایڑ لگائے بنا کام نہیں چلتا۔

140. A good husband makes a good wife.

۱۴۰- جیسا خاوند ویسی بیوی۔

141. A good judge conceives quickly, judges slowly.

۱۴۱- قابل منصف سوچتا عجلت میں ہے مگر فیصلہ آہستگی سے کرتا ہے۔

142. A good lawyer makes a bad neighbour.

۱۴۲- قانون دان پڑوسی ہو تو بکھیڑا رہتا ہے۔

143. A good life is the only religion.

۱۴۳- مذہب کیا ہے؟ پاکباز زندگی بسر کرنا!

144. A good man can do no more harm than a sheep.

۱۴۴- نیک آدمی سے کسی کو مطلق نقصان نہیں پہنچ سکتا-

145. A good man is always a learner.

۱۴۵- نیک آدمی ہر وقت سیکھنے کے لئے تیار رہتا ہے-

146. A good marksman may miss.

۱۴۶- بعض اوقات ماہر نشانچی کا نشانہ بھی خطا ہو جاتا ہے-

147. A good marchant may meet with a misfortune.

۱۴۷- نفع نقصان قسمت کے ساتھ ہے-

148. A good mind possesses a kingdom.

۱۴۸- نیک دل بجائے خود سلطنت ہے-

149. A good name is better than riches.

۱۴۹- جائے لاکھ رہے ساکھ-

150. A good name is sooner lost than won.

۱۵۰- نیک نامی گنوانا سہل حصول مشکل-

151. A good payer is master of another man's purse.

۱۵۱- جو شخص لے کر دینا جانتا ہے اس کے لئے بازار ہر وقت کھلا ہے-

152. A good paymaster needs no security.

۱۵۲- کھری آسامی کی ضمانت کیا درکار۔

153. A good presence is a letter of recommendation.

۱۵۳- خوبصورت چہرہ بجائے خود ایک بڑی سفارش ہے۔

154. A good servant should have good wages.

۱۵۴- کھری مزدوری چوکھا کام۔

155. A good swordsman is not a quarreller.

۱۵۵- طاقتور آدمی خود کم ہی جھگڑتا ہے۔

156. A good thing is soon snatched up.

۱۵۶- اچھی چیزیں جلد چھن جاتی ہیں۔

157. A good man dies early.

۱۵۷- نیک آدمی جلد خدا کو پیارا ہو جاتا ہے۔

158. A good tongue is a good weapon.

۱۵۸- زبان شیریں ملک گیری۔

159. A good wife and health are a man's best wealth.

۱۵۹- انسان کی بہترین دولت یہی دو چیزیں ہیں: وفاشعار بیوی اور تندرستی۔

160. A good wife is a good prize.

۱۶۰- نیک بیوی زندگی کا بہترین انعام ہے۔

161. A good winter brings a good summer.

۱۶۱- کڑاکے کی سردی کے بعد شدت کی گرمی پڑتی ہے۔

162. A good workman is never overpaid.

۱۶۲- اچھا کام کرنے والے کی جتنی اُجرت ہو تھوڑی ہے۔

163. A goose-quill is more dangerous than a lion's claw.

۱۶۳- شیر ببر کے ناخن کی نسبت خار پشت کا کانٹا زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔

164. A great city is a great solitude.

۱۶۴- بڑا شہر اتنی ہی بڑی تنہائی۔

165. A great fortune is a great slavery.

۱۶۵- جتنی زیادہ دولت اتنی ہی بڑی غلامی۔

166. A great reputation is a great charge.

۱۶۶- جتنی زیادہ شہرت اتنی ہی بڑی ذمہ داری۔

167. A great ship asks deep waters.

۱۶۷- بڑوں کی بڑی باتیں۔

168. A great talker is a great liar.

۱۶۸- بہت بولنے والا بالعموم جھوٹا ہوتا ہے۔

169. A greedy man God hates.

۱۶۹- خدا لالچی آدمی کو پسند نہیں کرتا۔

170. A green wound is soon healed.

۱۷۰- کسی کے ساتھ دیر تک دشمنی مت رکھو۔

171. A growing youth has a wolf in his stomach.

۱۷۱- جوانی میں بھوک زیادہ لگتی ہے۔

172. A guilty conscience needs no accuser.

۱۷۲- چور کی داڑھی میں تنکا۔

173. A handful of good life is better than a bushful of learning.

۱۷۳- مَن بھر علم سے تولہ بھر عمل بہتر ہے۔

174. A handful of rice is riches to a starving man.

۱۷۴- بھوکے مرتے کو مٹھی بھر چاول ہی سب سے بڑی دولت ہے۔

175. A hard nut to crack.

۱۷۵- ٹیڑھی کھیر۔

176. A hasty man never wanteth woe.

۱۷۶- جلدی کام شیطان کا ہے۔

177. A healthy conscience is like a wall of brass.

۱۷۷- پاک ضمیر کو آہنی دیوار کی مانند جانو!

178. A hedge between keeps friendship green.

۱۷۸- باڑ سے دوستی میں فرق نہیں آنے پاتا۔

179. A hired horse never tired.

۱۷۹- بھاڑے کا ٹٹو کبھی نہیں تھکتا۔

180. A holy habit cleanseth not a foul soul.

۱۸۰- پاک جامہ پہن لینے سے ناپاک روح صاف نہیں ہو جاتی۔

181. A honey tongue, a heart of gall.

۱۸۱- زبان پر شہد، دل میں زہر۔

182. A house pulled down is half rebuilt.

۱۸۲- مکان کو گرا دینا ہی نصف تعمیر ہے۔

183. A hungry man is an angry man.

۱۸۳- بھوکا سو رُوکھا۔

184. A jackdaw is ever found near to jackdaw.

۱۸۴- بھائی بھائیوں کے کوے کووں کے۔

185. A hut is a palace to a poor man.

۱۸۵- غریب کو جھونپڑا ہی محل ہے۔

186. A jealous head is soon broken.

۱۸۶- حاسد کا سر جلد پھوٹ جاتا ہے۔

187. A journey of a thousand miles begins with one step.

۱۸۷- بڑے بڑے کاموں کا آغاز بھی بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

188. A king's palace and scarcity of pearls.

۱۸۸- راجہ کے گھر موتیوں کا کال۔

189. A lazy sheep thinks its wool heavy.

۱۸۹- کاہل بھیڑ سمجھتی ہے اس پر اون کا بوجھ ہے۔

190. A liar must have a good memory.

۱۹۰- جھوٹے کے حافظہ نہیں ہوتا۔

191. A lie has no legs, but a scandal has wings.

۱۹۱- جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے پر بدگوئی کے پر ہوتے ہیں۔

192. A light purse is a heavy curse.

۱۹۲- ناداری سو عیبوں کا ایک عیب ہے۔

193. A lion's skin is never cheap.

۱۹۳- شیر کی کھال بھی کہیں سستی ملتی ہے۔

194. A little bird is content with a little meal.

۱۹۴- غریب آدمی تھوڑے ہی میں خوش ہو جاتا ہے۔

195. *A little man doth often harbour a great soul.*

۱۹۵- بعض اوقات چھوٹے دِلوں میں بھی بڑے کام کرنے کی قوت ہوتی ہے۔

196. *A little debt makes a debter, but a great one an enemy.*

۱۹۶- زیادہ قرض لینا دشمن پیدا کرتا ہے۔

197. *A little field may grow good corn.*

۱۹۷- بعض اوقات چھوٹا آدمی بھی بڑا کام کر جاتا ہے۔

198. *A little gall may spoil a good deal of honey.*

۱۹۸- ذرا سا زہر سارے شہد کو خراب کر ڈالتا ہے۔

199. *A little given seasonably excuses a great gift.*

۱۹۹- وقت پر دیا ہوا تھوڑا ہی بہت ہوتا ہے۔

200. *A little knowledge is a dangerous thing.*

۲۰۰- نیم حکیم خطرۂ جان۔ نیم ملا خطرۂ ایمان۔

201. *A little labour, much health.*

۲۰۱- صحت کے لئے کام ضروری ہے۔

202. *A little leak will sink a great ship.*

۲۰۲- تھوڑی بد احتیاطی بڑا نقصان کرتی ہے۔

203. A little pot soon hot.

۲۰۳- کمزور میں غصہ بہت ہوتا ہے۔

204. A little saving is no sin.

۲۰۴- تھوڑا بچانا کوئی جرم نہیں۔

205. A little ship needs but a little sail.

۲۰۵- چیونٹی کے لئے چپنی ہی دریا۔

206. A little stream will quench a great thirst.

۲۰۶- وقت پر چھوٹا آدمی بھی بڑا کام کر جاتا ہے۔

207. A little with quiet is the only diet.

۲۰۷- سکھ میں روکھی سوکھی بھی بھلی لگتی ہے۔

208. A long tongue is a sign of a short hand.

۲۰۸- بیوقوف باتونی ہوتا ہے۔

209. A lord without riches is a soldier without arms.

۲۰۹- بغیر پیسے نوابی کیا؟ سپاہی بے ہتھیار کیا؟

210. A loss which is not known is not loss.

۲۱۰- جس کی پرواہ نہ کی جائے نقصان نہیں۔

211. A low hedge is easily leapt over.

۲۱۱- چھوٹی ندی آسانی سے پار ہو جاتی ہے۔

212. A lowly man cannot have a high fall.

۲۱۲- ملاحوں کا تو لنگوٹا ہی بھیگے گا۔

213. A lowborn man feels proud of his honours.

۲۱۳- کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا۔

214. A mad beast must have a sober driver.

۲۱۴- غصے پر تحمل ہی قابو پا سکتا ہے۔

215. A madman and a fool are no witness.

۲۱۵- پاگل اور بیوقوف کا کیا اعتبار؟

216. A man at sixteen will prove a child at sixty.

۲۱۶- جلدی پکا جلدی سڑا۔

217. A man can die only once.

۲۱۷- موت ایک ہی بار آسکتی ہے۔

218. A man cannot spin and need at the same time.

۲۱۸- ایک وقت میں دو کام نہیں ہو سکتے۔

219. A man in debt is caught in a net.

۲۱۹- قرض کے دام سے نکلنا مشکل ہے۔

220. *A man in a passion rides a horse that runs away with him.*

۲۲۰- غصہ سب کچھ بھلا دیتا ہے۔

221. *A man is old as he feels himself to be.*

۲۲۱- دل جوان ہو تو بڑھاپا کیا؟

222. *A man is God to his brother man if he but knew his duty.*

۲۲۲- فرض شناس آدمی خدائی رتبہ کو پہنچتا ہے۔

223. *A man without religion is like a horse without bridle.*

۲۲۳- مذہب کے بغیر آدمی بے لگام گھوڑے کی مانند ہے۔

224. *A man who is merciful to a followman a calamity remembers.*

۲۲۴- جو آدمی مصیبت میں دوسروں کے کام آتا ہے گویا اپنا فرض پہچانتا ہے۔

225. *A man is known by his firends.*

۲۲۵- آدمی صحبت سے پہچانا جاتا ہے۔

226. *A man's character depends on whether his friends are good or bad.*

۲۲۶- صحبت کا اثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔

227. A man is known to be mortal by two things: sleep and lust.

۲۲۷- نیند اور ہوس ہی انسان کو فانی بناتی ہے۔

228. A man is known after his death.

۲۲۸- آدمی کی قدر اس کے مرنے کے بعد ہوتی ہے۔

229. A man is not good or bad for one action.

۲۲۹- ایک بار چوری کرنے سے انسان چور نہیں بن جاتا۔

230. A man, like a watch, is to be valued by his doings.

۲۳۰- کاہل آدمی بند گھڑی کی مانند بیکار ہے۔

231. A man may bear till his back break.

۲۳۱- برداشت کی بھی حد ہوتی ہے۔

232. A man must plough with such oxen as he has.

۲۳۲- گزارہ ہر حالت میں کرنا پڑتا ہے۔

233. A man of cruelty is God's enemay.

۲۳۳- بے رحمی خدا کو پسند نہیں۔

234. A man of all hours.

۲۳۴- جہاں دیکھے توا پرات وہیں گائے دن اور رات۔

235. A man of gladness seldom falls into

madness.

۲۳۵- زندہ دل پر مصیبت شاذونادر ہی آتی ہے۔

236. A man of many trades begs his bread on Sundays.

۲۳۶- کامیابی کی کنجی مستقل مزاجی ہے۔

237. A man were better be half blind than have both his eyes out.

۲۳۷-اندھے سے کانا اچھا!

238. A man without money is a bow without an arrow.

۲۳۸- مفلس آدمی بغیر تیر کے کمان کی طرح بیکار ہے۔

239. A man without reason is no better than a beast.

۲۳۹- بے عقل انسان اور حیوان میں کیا فرق؟

240. A man's best fortune or his bad or worst is his wife.

۲۴۰- انسان کی خوش قسمتی یا بد قسمتی اس کی بیوی پر منحصر ہے۔

241. A man's discontent is his worst evil.

۲۴۱- قناعت کا نہ ہونا سب سے بڑا انسانی نقص ہے۔

242. A man's folly ought to be his greatest secret.

۲۴۲- عیب کو چھپا کر ہی رکھنا چاہئے۔

243. *A man's gift makes room for him.*

۲۴۳-رشوت سے کام نکل جاتا ہے۔

244. *A man's house is his castle.*

۲۴۴- اپنا مکان کوٹ سمان!

245. *A man's worth is the worth of his hand.*

۲۴۵- انسان کی قدر زر سے ہوتی ہے۔

246. *A mare's shoe and a horse's shoe are both alike.*

۲۴۶- جہاں تمیز نہیں ہو سکتی وہاں تمیز کرنا سراسر بیوقوفی ہے۔

247. *A mere scholar at court is an ass among apes.*

۲۴۷- دربارِ شاہی میں نرا عالم ایسا ہی ہے جیسے بندروں میں ایک گدھا۔

248. *A mind moves the mass.*

۲۴۸- ارادہ مضبوط ہو تو انسان چٹانوں کو ہلا دیتا ہے۔

249. *A mole wants no lantern.*

۲۴۹- عیب چھپائے نہیں چھپتا۔

250. *A moneyless man goes fast through the market.*

۲۵۰- میلہ میلی کا روپیہ دھیلی کا!

251. A mote may choke a man.

۲۵۱- ذرا سی چیونٹی ہاتھی کی جان لیتی ہے۔

252. A mountain and a river are good neighbours.

۲۵۲- بڑوں کا پڑوس فائدہ مند ہوتا ہے بڑے درخت کی پناہ میں پھل نہ ملے سایہ تو ملتا ہے۔

253. A mouse must not think to cast a shadow like an elephant.

۲۵۳- انسان کو اپنی حیثیت سے باہر نہیں ہونا چاہیئے۔

254. A muzzled cat is no good mouser.

۲۵۴- بندھے منہ سے بلی خاک چوہے پکڑے گی۔

255. A myrtle among thorns is a myrtle still.

۲۵۵- ہیرا کیچڑ میں بھی ہیرا رہتا ہے۔

256. A needy man is lost when he wishes to imitate a powerful man.

۲۵۶- حیثیت سے باہر قدم رکھنا مصیبت کو دعوت دیتا ہے۔

257. A nine day's wonder.

۲۵۷- چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات۔

258. A new broom sweeps clean.

۲۵۸- نیا نوکر شیر مارے۔

259. A noble plant suits not with a stubborn ground.

۲۵۹- اچھے پودے کو زمین بھی نرم ہی چاہیئے۔

260. A nod to the wise and a rod to the foolish.

۲۶۰- عقلمند کو اشارہ احمق کو پھٹکار۔

261. A pebble and a diamond are alike to a blind man.

۲۶۱- اندھے کو ہیرا کنکر سب برابر ہیں۔

262. A pecuniary debt and gratitude are different things.

۲۶۲- روپے کا قرض اور چیز ہے احسان کا قرض اور چیز۔

263. A penny saved is a penny got.

۲۶۳- بچایا سو کمایا۔

264. A pennyweight of love is worth a pound of law.

۲۶۴- جو کام محبت سے نکل سکتا ہے وہ زور سے نہیں ہو سکتا۔

265. A pet lamb makes a cross ram.

۲۶۵- لاڈ پیار سے بچہ بگڑ جاتا ہے۔

266. A picture is a dumb poem.

۲۶۶- تصویر خاموش نظم کی مانند ہوتی ہے۔

267. A piece of churchyard fits everybody.

۲۶۷- موت کے آگے سب برابر ہیں-

268. A pimple has grown upon an ulcer.

۲۶۸- ایک تو کریلا دو سرا نیم چڑھا-

269. A pin a day is a goat a year.

۲۶۹- کوڑی کوڑی کر کے مایا جڑ جاتی ہے-

270. A pitiful look asks enough.

۲۷۰- مصیبت زدہ نگاہ کو مانگنے کی ضرورت نہیں-

271. A place on the ground is safer than upon lofty towers, he who rests on the ground has no chance of falling out.

۲۷۱- بڑا بننے میں ہزار خطرے ہیں- سمندر میں نفع تو بہت مگر سلامتی ساحل پر ہے-

272. A plant often removed cannot thrive.

۲۷۲- کامیابی کے لئے مستقل مزاجی لازمی ہے-

273. A pleasant possession is of no good without a comrade.

۲۷۳-دوست کے بغیر ہر چیز بے مزہ ہے-

274. A poet is born not made.

۲۷۴- شاعر پیدا ہوتے ہیں بنائے نہیں جاتے۔

275. A poor man's rain.

۲۷۵- سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔

276. A poor man's voice is never heard against the rich.

۲۷۶- نقار خانے میں طوطی کی صدا کون سنتا ہے؟

277. A poor man wants somethings, a covetous man all things.

۲۷۷-لالچی سے غریب اچھا کیونکہ لالچی کا تو کبھی پیٹ ہی نہیں بھرتا۔

278. A pound of care won't pay an ounce of debt.

۲۷۸- فکر کرنے سے کیا حاصل؟

279. A pound of idleness weighs twenty ounces.

۲۷۹- بیکاری کی گھڑیاں بھاری گزریں۔

280. A powerful imagination produces the event.

۲۸۰- کسی بات کو بہت سوچو تو ہو گزرتی ہے۔

281. A promise attended to .is a debt settle.

۲۸۱- وعدہ پورا کرنا ایسا جیسے قرض ادا کرنا۔

282. *A promise delayed is justice deferred.*

۲۸۲- وعدہ پورا کرنے میں دیر کرنا ناانصافی ہے۔

283. *A promise neglected is an untruth told.*

۲۸۳- وعدہ خلافی کرنا اور جھوٹ بولنا برابر!

284. *A prophet is not honoured in his own country.*

۲۸۴- گھر کا جوگی جوگنا باہر کا جوگی سدھ۔

285. *A prudent traveller never disparages his own country.*

۲۸۵- عقلمند سیاح کبھی اپنے وطن کی تحقیر نہیں کرتا۔

286. *A quiet conscience sleeps in thunder.*

۲۸۶- صاف ضمیر کو کس کا ڈر؟

287. *A quiet tongue shows a wise head.*

۲۸۷- کم گوئی دانائی کی علامت ہے۔

288. *A ragged coat may cover an honest man.*

۲۸۸- دیانتدار ہونے کے لئے امیر ہونا ضروری نہیں۔

289. *A reconciled friends is a double enemy.*

۲۸۹- ایک بار جو دشمنی کرے اس کا اعتبار نہ کرو۔

290. A reformed rake makes the best husband.

۲۹۰- سدھرا ہوا بدمعاش اچھا خاوند بنتا ہے۔

291. A right sleeps sometimes, it never dies.

۲۹۱- حق آخر مل کر ہی رہتا ہے۔

292. A river, you contend with the sea!

۲۹۲- چھوٹا منہ بڑی بات۔

293. A rogue always suspects deceit.

۲۹۳- بُرے کو سب ہی بُرے نظر آتے ہیں۔

294. A rolling stone gathers no moss.

۲۹۴- ڈانواں ڈول کی مٹی خراب۔

295. A rugged stone grows smooth from hand to hand.

۲۹۵- دنیا سب کچھ سکھا دیتی ہے۔

296. A saint abroad, a devil at home.

۲۹۶- ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور۔

297. A scald man's head is soon broken.

۲۹۷- مرے کا مارنا کیا؟

298. A sceptre is one thing, a ladle

another.

۲۹۸- مالک اور نوکر میں بڑا فرق-

299. A screw is loose somewhere.

۲۹۹- کہیں کوئی کسر ضرور ہے-

300. A secret is your blood, let it out too often and you die.

۳۰۰- راز کو جان سا عزیز رکھنا چاہئے-

301. A sensible man judges of present by past events.

۳۰۱- عقلمند آدمی تجربہ سے سیکھتا ہے-

302. A self-evident truth requires no proof.

۳۰۲- ہاتھ کنگن کو آرسی کیا!

303. A sharp good for a stubborn ass.

۳۰۳- لاتوں کے بھوت باتوں سے کب مانتے ہیں-

304. A ship should not be judged from the land.

۳۰۴- تجربہ سے ہی اصلیت کھلتی ہے-

305. A short cut is often a wrong cut.

۳۰۵- سیدھی راہ چل چاہے دُور ہو-

306. A short prayer finds its way to

heaven.

۳۰۶- دعا کے لئے لفاظی کی ضرورت نہیں-

307. A shroud has no pockets.

۳۰۷- مرنے پر کچھ ساتھ نہیں جاتا!

308. A sliver key can open an iron like.

۳۰۸- کنجی جیسی چاندی کی ویسی لوہے کی-

309. A single sinner sinks the boat.

۳۰۹- ایک پاپی بیڑے کو ڈبو دیتا ہے-

310. A sinful hand makes a failing heart.

۳۱۰- چور کی داڑھی میں تنکا-

311. A sleeping fox catches no poultry.

۳۱۱- جاگتا پائے سونے والا کھوئے-

312. A slight pretext suffices for doing evil.

۳۱۲- من حرامی حجتیں ڈھیر-

313. A slothful man never has time.

۳۱۳- کاہل آدمی کم فرصتی کا رونا روتا ہے-

314. A slow fire makes sweets malt.

۳۱۴- سہج پکے سو میٹھا ہوئے-

315. A small shop may have a good trade.

۳۱۵- نام بڑا- درشن چھوٹا-

316. *A small spark shines in the dark.*

۳۱۶- جہاں درخت نہ ہوں وہاں ارنڈ بھی درخت ہے۔

317. *A small sum will serve to pay a short reckoning.*

۳۱۷- جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہو گا۔

318. *A small wound may be mortal.*

۳۱۸- ذرا سا گھاؤ بھی جان لے لیتا ہے۔

319. *A smart coat is a good letter of introduction.*

۳۱۹- اچھے لباس سے دوسروں پر اچھا اثر پڑتا ہے۔

320. *A soft answer turneth away wrath.*

۳۲۰- ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے۔

321. *A soldier fights upon his stomach.*

۳۲۱- بھوکا سپاہی خاک لڑے گا؟

322. *A sound mind in a sound body.*

۳۲۲- قوی دماغ مضبوط جسم میں ہی رہ سکتا ہے۔

323. *A sorrow is an itching place which is made wrose by scratching.*

۳۲۳- غم جتنا کرو اتنا ہی بڑھتا ہے۔

324. *A sorrow shared is but half a trouble, but a joy that's shared is a joy made*

double.

۳۲۴- رنج بٹانے سے کم ہوتا ہے لیکن خوشی بڑھتی ہے۔

325. A spot is most seen on the finest cloth.

۳۲۵- دھبا سفید کپڑے پر زیادہ چمکتا ہے۔

326. A square peg in a round hole.

۳۲۶- بے محل و بے موقع۔

327. A stitch in time saves nine.

۳۲۷-وقت پر ایک ٹانکا نو کا کام کر دیتا ہے۔

328. A stone in a well is not lost.

۳۲۸- نرغہ میں آیا ہوا بچ کر نہیں نکل سکتا۔

329. A straight stick is crooked in the water.

۳۲۹- سیدھی لکڑی پانی میں ٹیڑھی دکھائی دیتی ہے۔

330. A straw will show which way the wind blows.

۳۳۰- ہوا کا رُخ ایک تنکے سے معلوم ہو جاتا ہے۔

331. A stumble may prevent a fall.

۳۳۱- آدمی وہ ہے جو ٹھوکر کھا کر سنبھل جائے۔

332. A successful man loses no reputation.

۳۳۲- کامیابی سب کچھ چھپا لیتی ہے۔

333. A tame tongue is a rare bird.

۳۳۳-زبان کسی کسی کی قابو میں ہوتی ہے۔

334. A tattler is worse than a thief.

۳۳۴- بکواسی چور سے بھی بُرا۔

335. A thief is certainly caught at last.

۳۳۵-سو دن چور کے ایک دن شاہ کا۔

336. A thief passes for a gentleman, when thieving has made him rich.

۳۳۶-دولت سو عیبوں کو چھپا لیتی ہے۔

337. A thin meadow is soon mowed.

۳۳۷-غریب کا دیوالیہ جلدی نکلتا ہے۔

338. A thing is bigger for being shared.

۳۳۸- کسی چیز میں اپنا حصہ ہو تو وہ بڑی دکھائی دیتی ہے۔

339. A thousand applicants for one appointment.

۳۳۹- ایک انار سو بیمار۔

340. A thousand years hence the river will run as it did.

۳۴۰- یہ چمن یوں ہی رہے گا! دنیا کا سدا یہی حال رہے گا۔

341. A thread will tie an honest man

better than a rope a rogue.

۳۴۱- شریف کو عزت کا بہت خیال رہتا ہے۔

342. A traitor is ill company.

۳۴۲- غدار کو دشمن جانو!

343. A true friend will never be found, or he is, as it were, another self.

۳۴۳- سچا دوست ملنا مشکل ہے۔ کیونکہ وہ تو گویا دوسری شکل میں تم خود ہی ہو۔

344. A tyrant is most tyrant to himself.

۳۴۴- ظلم کا بدلہ مل کر ہی رہتا ہے۔

345. A valiant man's look is more than coward's sword.

۳۴۵- بہادر کی نظر بزدل کی تلوار سے زیادہ کام کرتی ہے۔

346. A voluntary burden is not a burden.

۳۴۶- اپنی مرضی سے اٹھایا بوجھ بوجھ ہی کیا؟

347. A wall has ears, too.

۳۴۷- دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

348. A well-filled belly does not believe in hunger.

۳۴۸- جس کا پیٹ بھرا ہو وہ بھوکے کی تکلیف کیا سمجھتا ہے۔

349. A white wall is a fool's paper.

۳۴۹- بیوقوف ہر جگہ اپنی بیوقوفی ظاہر کرتا ہے۔

350. A wilful man must have his way.

۳۵۰- ضدی کب کسی کی مانتا ہے۔

351. A wilful man needs be very wise.

۳۵۱- ضدی کے لئے عقلمند ہونا ضروری ہے۔

352. A willing mind makes a light foot.

۳۵۲- جہاں چاہ وہاں راہ۔

353. A wise head makes a closed mouth.

۳۵۳- چپ رہنا عقلمندی کی نشانی ہے۔

354. A wise foe is better than a foolish friend.

۳۵۴- نادان دوست سے دانا دشمن بھلا۔

355. A wise man cares not for what he cannot have.

۳۵۵- عقلمند آدمی چاند کو مٹھی میں لینے کی کوشش نہیں کرتا۔

356. A wise man gets learning from those who have none themselves.

۳۵۶- عقلمند بیوقوفوں کے تجربہ سے سیکھتا ہے۔

357. A wise man will be master of mind, a fool will be its slave.

۳۵۷- عقلمند نفس پر قابو رکھتا ہے اور نفس بیوقوف پر۔

358. A wise man is a great wonder.

۳۵۸-دنیا میں عقلمندوں کی تعداد بہت کم ہے۔

359. A wise man is out of the reach of fortune.

۳۵۹- زر عقلمند پر قابو نہیں پاتا۔

360. A wise man's loss is his secret.

۳۶۰- عقلمند نقصان کو مشتہر نہیں کرتا۔

361. A witless head makes weary feet.

۳۶۱- بیوقوف میں ہمت کہاں؟

362. A wise man will make more opportunities than he finds.

۳۶۲- عقلمند موقع نکال لیتا ہے۔

363. A wolf besets you on this side, a dog on that.

۳۶۳- اِدھر کنواں اُدھر کھائی۔

364. A wolf in lamb's clothing.

۳۶۴- بغل میں چھری منہ میں رام رام۔

365. A woman and glass are even in danger.

۳۶۵- عورت اور شیشہ حفاظت میں رکھنا چاہئے۔

366. A woman's counsel is not much, but

he who does not take it is mad.

۳۶۶- عورت کی صلاح کی کچھ زیادہ وقعت تو نہیں لیکن جو اس کی نہیں سنتا وہ احمق ہے۔

367. A woman either loves or hates, there is no third course.

۳۶۷- عورت صرف محبت یا نفرت ہی کر سکتی ہے۔

368. A woman's hair is long; her tongue is longer.

۳۶۸- عورت کی زبان بالوں سے بھی لمبی ہوتی ہے۔

369. A woman's mind and the winter wind change oft.

۳۶۹- بھیڑ کی لات کیا، عورت کی بات کیا۔

370. A woman's nay is no denial.

۳۷۰- عورت کی نہیں بھی ہاں ہوتی ہے۔

371. A woman's work is never done.

۳۷۱- عورت کا کام کبھی ختم نہیں ہوتا۔

372. A wonder lasts but nine days.

۳۷۲- عجوبہ چند روز کے بعد عجوبہ نہیں رہتا۔

373. A word and a stone let go cannot be recalled.

۳۷۳- زبان سے نکلی بات اور کمان سے نکلا تیر واپس نہیں آتے۔

374. A word before is worth two behind.

۳۷۴-پہلے تولو پھر بولو!

375. A word out of season may mar the course of a whole life.

۳۷۵-بے محل بات بہت نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔

376. A word may be recalled, a life never.

۳۷۶- زندگی دوبارہ نہیں آتی۔

377. A word spoken is an arrow let fly.

۳۷۷-زبان سے گیا کمان سے گیا۔

378. A word to the wise is enough.

۳۷۸- عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔

379. A work begun is half done.

۳۷۹- کام شروع کرنا ہی مشکل ہوتا ہے۔

380. A workman is known by his work.

۳۸۰- کاریگر کام سے پہچانا جاتا ہے۔

381. A worm will turn.

۳۸۱- دبے پر کیڑا بھی چوٹ کرتا ہے۔

382. A worthly man is not mindful of past injuries.

۳۸۲- بھلا آدمی دل میں کینہ نہیں رکھتا۔

383. A worthless vessel does not get

broken.

۳۸۳-بیکار چیز ٹوٹے گی کیا؟

384. A wound does not pierce the soul.

۳۸۴- تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا گھاؤ نہیں بھرتا۔

385. A wound never heals so well but that the scar can be seen.

۳۸۵- زخم کا نشان نہیں مٹتا۔

386. A year begun is reckoned as one finished.

۳۸۶- وقت گزرتے دیر نہیں لگتی۔

387. A young idler, an old beggar.

۳۸۷-جوانی میں آوارہ- بڑھاپے میں فقیر۔

388. Above all, liberty.

۳۸۸- آزادی سے بڑھ کر نہیں کوئی شے!

389. Absence is to love what wind is to fire; it puts out the little, it kindles the great.

۳۸۹- جدائی محبت کے لئے ایسے ہی ہے جیسے آگ کے لئے ہوا تھوڑی کو تو بجھا دیتی ہے لیکن روشن کو اور بھڑکاتی ہے۔

390. Abide by your deed.

۳۹۰- اپنے کئے کو بھگتو!

391. A young whore, an old saint.

۳۹۱- نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔

392. Absence sharpens love, presence strengthens it.

۳۹۲- فراق میں عشق بھڑکتا ہے وصال سے جڑ پکڑتا ہے۔

393. Abundace is no fault.

۳۹۳- امیری جرم نہیں!

394. Accusing the times is but excusing ourselves.

۳۹۴- زمانہ کی شکایت اپنا بچاؤ!

395. Acorns were good till bread was found.

۳۹۵- چپڑی نہ ملے تو روکھی ہی بھلی!

396. Actions speaks louder than words.

۳۹۶- اصلیت کو افعال ہی ظاہر کر سکتے ہیں۔

397. Add a little to a little, and there will be a great heap.

۳۹۷- تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔

398. Admonish your friends in private, praise them in public.

۳۹۸- دوستوں کو نصیحت تنہائی میں اور تعریف مجمع میں کرنی چاہئے۔

399. Adversity makes a man wise, not rich.

۳۹۹- بپتا سے گیان بڑے نہ دھن!

400. Advice when most needed is least heeded.

۴۰۰- نصیحت کی قدر بعد میں ہوتی ہے-

401. Advice was forthcoming from all; few accepted the danger.

۴۰۱- بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے؟

402. Advice none to marry or go to war.

۴۰۲- شادی اور لڑائی کے معاملے میں کبھی نصیحت نہ دو-

403. Adverse fortune brought forth discord.

۴۰۳- بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں-

404. Africa ever produces something new.

۴۰۴- دور کے ڈھول سہانے

405. Affirmations are apter to be believed than negations.

۴۰۵- خوشامدی کا کون اعتبار نہیں کرلیتا؟

406. After a funeral a feast.

۴۰۶- غم کے بعد خوشی!

407. After a storm comes a calm.

۴۰۷- طوفان کے بعد سکون-

408. After dinner sit a while; after supper walk a mile.

۴۰۸- صبح کے کھانے کے بعد آرام شام کے کھانے کے بعد سیر صحت کے لئے مفید ہے-

409. After reckoning one must drink.

۴۰۹- کام کے بعد آرام!

410. After the deed no counsel is of any avail.

۴۱۰- بعد از وقت نصیحت فضول!

411. After so money ship-wrecks, the harbour.

۴۱۱- مصیبتوں کے بعد آرام!

412. After - wit is everybody's wit.

۴۱۲- موقع گزرنے پر سب عقلمند بن جاتے ہیں-

413. After - wit is fool's wit.

۴۱۳- بعد از وقت سمجھ آئی تو کیا؟

414. Age and wedlock tame man and beast.

۴۱۴- بڑھاپا اور شادی انسان اور حیوان دونوں کو رام کر دیتے ہیں-

415. Agree, for the law is costly.

۴۱۵- مقدمہ بازی تباہ کر دیتی ہے-

416. Agues come on horseback, but go away on foot.

۴۱۶- روگ آتا گھوڑے کی چال ہے جاتا چیونٹی کی چال ہے-

417. Alike every day makes a clout on Sunday.

۴۱۷- روز کی عید کا چاؤ نہیں رہتا-

418. All are fellows at football.

۴۱۸- کھیل میں کون بڑا کون چھوٹا!

419. All are not hanged that are condemned.

۴۱۹- مایوس ہونا کفر ہے-

420. All are not friends, that speak us fair.

۴۲۰- خوشامدی آدمی دوست نہیں ہوتے-

421. All are not maidens that wear fair hair.

۴۲۱- ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی-

422. All are not saints that go to church.

۴۲۲- منہ میں رام رام بغل میں چھری-

423. All are not thieves that dogs bark at.

۴۲۳۔ کتے کے بھونکنے سے کوئی چور نہیں بن جاتا۔

424. All are presumed good till they are found in a fault.

۴۲۴۔ آزمائش بھلے برے کی کسوٹی ہے۔

425. All beasts of prey are strong or treacherous.

۴۲۵۔ شکاری جانور بہادر یا دغاباز ہوتے ہیں۔

426. All blood is alike ancient.

۴۲۶۔ خون سب کا برابر!

427. All bread is not baked in one oven.

۴۲۷۔ پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتیں۔

428. All bring grist to your mill.

۴۲۸۔ سب اپنا ہی فائدہ سوچتے ہیں۔

429. All came from and will go to others.

۴۲۹۔ دنیا میں اپنا کچھ بھی نہیں۔

430. All cats are grey in the dark.

۴۳۰۔ مصیبت میں کسی پر اعتبار نہیں رہتا۔

431. All colour will agree in the dark.

۴۳۱۔ مصیبت میں سب بھائی بھائی۔

432. All complain of want of memory, but none want of judgement.

۴۳۲- اپنی غلطی کو کوئی نہیں مانتا!

433. All covet, all lose.

۴۳۳- آدھی چھوڑ ساری کو دھائے آدھی رہے نہ ساری!

434. All delay is hateful, but it causes wisdom.

۴۳۴- سوچ سمجھ کر کام کرنا عقلمند کی نشانی ہے۔

435. All do not admire and love the same things.

۴۳۵- سب کو ایک ہی چیز نہیں بھاتی۔

436. All doors are open to courtesy.

۴۳۶- اخلاق کو ہر جگہ خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

437. All excess turns into vice.

۴۳۷- حد سے گزرنا عیب ہے۔

438. All fails that fools think.

۴۳۸- مورکھ کی ناؤ کبھی نہیں تیرتی۔

439. All fail where faith fails.

۴۳۹- اعتبار بغیر کام نہیں چلتا۔

440. All false praise wounds an honest mind.

۴۴۰- دیانت دار خوشامد پسند نہیں کرتا۔

441. All fame is dangerous; good brings

envy, bad shame.

۴۴۱- شہرت خطرناک چیز ہے اچھی سے حاسد پیدا ہوتے ہیں اور بری سے خود کو شرم آتی ہے۔

442. *All fish are not caught with flies.*

۴۴۲- سب کو ایک لاٹھی سے نہیں ہانکا جاتا۔

443. *All good comes to an end-except the goodness of God.*

۴۴۳-خدا کی نیکی اور رحمت کی کوئی انتہاء نہیں۔

444. *All griefs with bread are less.*

۴۴۴- تنگ دستی سب سے بڑی مصیبت ہے۔

445. *All hoods make not monks.*

۴۴۵- گیروے کپڑوں سے کوئی جوگی نہیں ہو جاتا۔

446. *All hours are not ripe.*

۴۴۶- ہر بات کے لئے موقع ہوتا ہے۔

447. *All is fair in love and war.*

۴۴۷- محبت اور جنگ میں سب کچھ جائز ہے۔

448. *All is fine that is fit.*

۴۴۸-جس چیز سے اپنا مطلب نکلے وہی جائز ہے۔

449. *All is for the best.*

۴۴۹- جو ہو، سو بھلا!

450. *All is good that God sends us.*

۴۵۰- جو خدا کرتا ہے اچھا کرتا ہے۔

451. All is not last that is in danger.

۴۵۱- مصیبت میں اوسان بحال رکھو۔

452. All is not won that is put in the purse.

۴۵۲- دولت آنی جانی ہے۔

453. All is well that ends well.

۴۵۳- انت بھلے کا بھلا!

454. All is well with him who is beloved of his neighbours.

۴۵۴- پڑوسی دوست ہوں تو آدمی بڑے آرام میں رہتا ہے۔

455. All keys hang not on one girdle.

۴۵۵- ایک ہی لاٹھی سے سب کو نہیں ہانکا جاتا۔

456. All lay loads on a willing horse.

۴۵۶- جو بولے سو دروازہ کھولے۔

457. All mankind is beholden to him that is kind to the good.

۴۵۷- نیک آدمی سے سب مدد کے خواستگار ہوتے ہیں۔

458. All married women are not wives.

۴۵۸- سب بیویاں اپنے فرائض کو نہیں پہچانتیں۔

459. All men now worship gold, piety

being quite overthrown.

۴۵۹- خدا ترسی کی بجائے آجکل زر پرستی کا رواج ہے۔

460. All nobility is lost in him whose only merit is in birth.

۴۶۰- صرف خاندانی شرافت شرافت کا معیار نہیں۔

461. All men love themselves.

۴۶۱- ہر کوئی اپنے آپ کو محبت کرتا ہے۔

462. All offices are greasy.

۴۶۲- محنت کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

463. All maturity is destined to decay.

۴۶۳- ہر کمالے را زوال۔

464. All rivers do what they can for the sea.

۴۶۴- بڑے آدمی کا کام سب کرنے کو بھاگتے ہیں۔

465. All roads lead to Rome.

۴۶۵- سب راہیں دلی کو۔

466. All strive to give to the rich.

۴۶۶- مایا کو ملے مایا کر کر لمبے لمبے ہاتھ!

467. All succeeds with people who are of sweet and cheerful disposition.

۴۶۷- خوش مزاجی اور زندہ دلی کامیابی کا راز ہے۔

468. All that glitters is not gold.

۴۶۸- ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہو سکتی-

469. All that shakes falls not.

۴۶۹- کمزور چیزوں میں بھی طاقت ہوتی ہے-

470. All that is rare is dear, that which is every-day is cheep.

۴۷۰- نایاب چیز مہنگی ہوتی ہے-

471. All the passions are extinguished with old age; self-love dies never.

۴۷۱- خودپرستی کے سوائے بڑھاپا اور سب نفسانی خواہشوں کو ضائع کر دیتا ہے-

472. All the wit in the world is not in one head.

۴۷۲- جو اپنے آپ کو دنیا میں سب سے عقلمند سمجھے وہ بیوقوف ہے-

473. All things risen will fall.

۴۷۳- ہر کمال کا زوال ہوتا ہے-

474. All things done magnificiently be the rich.

۴۷۴- امیر جو کچھ کرے قابلِ تعریف ہے-

475. All the world will beat the man whom fortune buffets.

۴۷۵- قسمت کے مارے کو سب مارتے ہیں-

476. All things are easy that are done willingly.

۴۷۶- زبردستی کا کام لاگے کڑوا-

477. All things are difficult before they are easy.

۴۷۷- کام کرنا مشکل ہے-

478. All things are good untried.

۴۷۸- جب تک واسطہ نہ پڑے سبھی اچھے ہیں-

479. All things are soon prepared in a well-ordered house.

۴۷۹- اچھے انتظام سے سب کام جلدی ہو جاتے ہیں-

480. All things change, nothing perishes.

۴۸۰- ہر چیز شکل بدلتی ہے ضائع کچھ نہیں ہوتا-

481. All things in their being are good for something.

۴۸۱- ہر چیز کا کوئی نہ کوئی مصرف ہے-

482. All things require skill but an appetite.

۴۸۲- کھانے کا طریقہ سکھانے کی ضرورت نہیں-

483. All things are good unsaid.

۴۸۳۔سوچ سمجھ کر بولو۔

484. All things thrive but thrice.

۴۸۴۔ خوشحالی دیرپا نہیں: چاندنی چار دن۔

485. All time is the right time for saying what is right.

۴۸۵۔ حق بات کے لئے ہر وقت موزوں!

486. All tongues are not made of the same.

۴۸۶۔ زبانیں یکساں نہیں ہوتیں۔

487. All truth is not always to be told.

۴۸۷۔ کبھی کبھی سچ بھی چھپانا پڑتا ہے۔

488. All wickedness comes of weakness.

۴۸۸۔ کمزوری سب برائیوں کی جڑ ہے۔

489. All will come out in the washing.

۴۸۹۔ لڑائی میں پوشیدہ راز بھی عیاں ہو جاتے ہیں۔

490. All wish to know, but no one to pay the fee.

۴۹۰۔ دنیا میں سب پیسے بغیر کام نکلنا چاہتے ہیں۔

491. All work and no play makes Jack a dull boy.

۴۹۱۔ پیتے پیتے آدمی کولہو کا بیل بن جاتا ہے۔

492. *All your geese are swans.*

۴۹۲- اپنا گدھا بھی گھوڑا معلوم ہوتا ہے-

493. *Allowance is to be made for him who first attempts a thing.*

۴۹۳- تعریف تو اسی کی ہے جو کام شروع کرے-

494. *Always to excel and to be superior to others.*

۴۹۴- ہمیشہ ترقی کرنا اور دوسروں پر سبقت لے جانے کی کوشش کرنا انسان کا فرض ہے-

495. *Alexander conqueror of so many kingdoms and peoples, was overcome by anger.*

۴۹۵- غصہ پر قابو پانا سب سے مشکل کام ہے-

496. *Allow time and moderate delay; haste administers all thing badly.*

۶۹۶- جلدی کا کام خراب ہوتا ہے- شتابی کرے خرابی!

497. *Alms - giving never made a man poor.*

۴۹۷- خیرات کرنے سے کوئی غریب نہیں ہوتا-

498. *Although it rain, throw not thy watering pot.*

۴۹۸- صرف خدا کے بھروسے نہ رہو-

499. Although the sun shine, leave not thy cloak at home.

۴۹۹- موسم کا کیا اعتبار-

500. Ambition and love are the wings of great actions.

۵۰۰- محنت اور امنگ سے بڑے بڑے کام ظہور میں آتے ہیں-

501. Amendment is no sin.

۵۰۱- اصلاح کوئی جرم نہیں-

502. Amendment is repentance.

۵۰۲- اصلاح ہی سچی توبہ ہے-

503. Among the blind, the one-eye is king.

۵۰۳- اندھوں میں کانا راجہ!

504. An act done against my will is not my act.

۵۰۴- جو کام مجبوری کی حالت میں کیا جائے اس کے لئے کوئی ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا-

505. Among us most sacred is the majesty of wealth.

۵۰۵- دنیا والوں کا سب سے بڑا دیوتا دھن ہے-

506. An age builds up cities, an hour

destroys them.

۵۰۶- بنانا مشکل ہے ڈھانا آسان-

507. An ape's an ape though he wears a good ring.

۵۰۷- آب زم زم نہانے سے کوئی مومن نہیں بن جاتا-

508. An angry man regards advice even as a crime.

۵۰۸- غصہ میں نصیحت کرنے والا زہر لگتا ہے-

509. An army goes upon its belly.

۵۰۹- فوج کے لئے رسد سب سے ضروری ہے-

510. An ass is but an ass though laden with gold.

۵۱۰- گدھا گدھا ہی رہے گا چاہے اس پر سونا کیوں نہ لاد دو-

511. An ass is beautiful to an ass and a pig to a pig.

۵۱۱- اپنے کو اپنے ہی پیارے لگتے ہیں-

512. An ass loaded with gold climbs to the top of the castle.

۵۱۲- نیک صحبت ترقی کا زینہ ہے- کاٹھ کے ساتھ لوہا بھی تر جاتا ہے-

513. An ass that carries a load is better than a lion that devours him.

۵۱۳- نکمے شیر سے کار آمد گدھا اچھا ہے۔

514. An empty bag will not stand upright.

۵۱۴- بزدل کے پاؤں نہیں ہوتے۔

515. An empty brain is a devil's workshop.

۵۱۵- خالی بیٹھے شیطانی سُوجھے۔

516. An empty door will tempt a saint.

۵۱۶- مفت کی شراب قاضی پر حلال۔

517. An empty purse fills the face with wrinkles.

۵۱۷- افلاس قبل ازوقت بوڑھا بنا دیتا ہے۔

518. An enemy under the guise of a friends is very dangerous.

۵۱۸- گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے!

519. An examined enterprise goes on boldly.

۵۱۹- سوچا سمجھا کام ٹھیک طرح چلتا ہے۔

520. An honest man's word is as good his bond.

۵۲۰- دیانتدار آدمی کی زبان سب سے بڑی ضمانت ہے۔

521. An honourable death is better than

disgraceful life.

۵۲۱- عزت کی موت ذلت کی زندگی سے ہزار درجہ بہتر ہے-

522. An hour of pain is as long as a day of pleasure.

۵۲۲- گھڑیاں مصیبت کی گزرتی ہیں مہینوں میں-

523. An ignorant man keeping a great fuss.

۵۲۳- پڑھا نہ لکھا نام محمد فاضل-

524. An ill agreement is better than bad judgement.

۵۲۴- اپنا سمجھوتہ دوسرے کے بُرے انصاف سے بہتر ہے-

525. An ill conscience can never hope well?

۵۲۵- بدنیت سے کیا امید ہو سکتی ہے؟

526. An ill deed cannot bring honour.

۵۲۶- کوئلوں کی دلالی میں منہ کالا-

527. An ill paymaster never wants excuse.

۵۲۷- بہانہ باز کو بہانہ کی کیا کمی؟

528. An ill physician cannot cure others.

۵۲۸- طبیب آپ ہی درماندہ ہے- دوسروں کا علاج کیا کرے گا-

529. An ill turn is soon done.

۵۲۹- بُرا کام کرنا بہت آسان ہے۔

530. An intemperate youth brings to old age a worn out body.

۵۳۰- بڑھاپے میں کمزور جسم جوانی کی نادانیوں کا خمیازہ ہے۔

531. An itch is worse than a smart.

۵۳۱- بعض اوقات خفیف تکلیف بڑے دکھ سے زیادہ تکلیف دہ ثابت ہوتی ہے۔

532. An oath that is not to be made is not to be kept.

۵۳۲- وعدہ کر کے ایفاء نہ کرنے کی نسبت وعدہ نہ کرنا بھلا۔

533. An obedient wife commands her husband.

۵۳۳- حُکم بردار بیوی کی ہر بات خاوند مانتا ہے۔

534. An old dog cannot alter his way of barking.

۵۳۴- بڑھاپے میں عادات نہیں بدلتیں۔

535. An old dog will learn no tricks.

۵۳۵- کہیں بوڑھے طوطے بھی پڑھتے ہیں؟

536. An old fox needs not to be taught tricks.

۵۳۶- مکار کو مکاری سیکھنے کی ضرورت نہیں۔

537. An old goat is never the more reverned for his beard.

۵۳۷-بوڑھے کی عزت اس کی عقل سے ہوتی ہے نا کہ داڑھی سے-

538. An old knave is no babe.

۵۳۸- گرگ باراں دیدہ آسانی سے نہیں پھنستا

539. An old wi inkle never wears out.

۵۳۹- بوڑھے بھی کہیں جوان ہوئے ہیں؟

540. An open door may tempt a saint.

۵۴۰- مفت کی شراب قاضی پر بھی حلال-

541. An open enemy is better than a false friends.

۵۴۱- جھوٹے دوست سے دشمن بھلا-

542. An open brow indicates an open heart.

۵۴۲- کشادہ پیشانی کشادہ دلی کی نشانی ہے-

543. An ounce of discretion is worth a pound of wit.

۵۴۳- عقل مندی کے ساتھ ہوشیاری کا ہونا ضروری ہے-

544. An ounce of practice is worth a pound of preaching.

۵۴۴- باتیں بنانا آسان ہے کام کرنا مشکل- من بھر وعظ سے توبہ بھر عمل

اچھا ہے۔

545. An ounce of prevention is better than a pound of cure.

۵۴۵- تولہ علاج سے ماشہ پرہیز بہتر ہے۔

546. An ounce of vanity spoils a hundred weight of merit.

۵۴۶- غرور لیاقت کو چھپالیتا ہے۔

547. An ounce of wisdom is worth a pound of wit.

۵۴۷-تولہ بھر ہوشیاری ماشہ بھر عقل کے برابر ہے۔

548. An ox is taken by the horns and a man by the tongue.

۵۴۸- بیل سینگوں سے اور انسان زبان بندی سے قابو میں آتا ہے۔

549. An unhappy man's cart is sure to trumble.

۵۴۹- مفلسی میں آٹا گیلا!

550. An unlawful oath is better broke than kept.

۵۵۰- ناجائز وعدہ کو پورا نہ کرنا ہی مناسب ہے۔

551. An unruly patient makes a harsh physician.

۵۵۱- چڑچڑے مریض سے طبیب بھی سخت سلوک کرتا ہے۔

552. *And do you believe that the buried ashes care?*

۵۵۲- مرے پیچھے کس بات کی پرواہ! دنیا کے بکھیڑے جیتے جی کے ہیں۔

553. *And evil things are neighbours to good.*

۵۵۳- بُرائی اور بھلائی سب جگہ ہے۔

554. *Ancestral glory is a lamp to posterity.*

۵۵۴- بڑوں کے کارنامے ہم کو ٹھیک راہ دکھاتے ہیں۔

555. *Anger and haste hinder good counsel.*

۵۵۵- غصہ اور جلدی میں اچھی نصیحت نہیں سنی جاتی۔

556. *Anger is a sworn enemy.*

۵۵۶- غصہ جانی دشمن ہے۔

557. *Anger is blind.*

۵۵۷- غصے میں آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

558. *Anger makes a rich man hated and a poor man scorned.*

۵۵۸- غصہ امیر میں نفرت اور غریب میں حقارت کا باعث ہوتا ہے۔

559. *Anger punishes itself.*

۵۵۹- غصہ خود کو ہی نقصان پہچانتا ہے۔

560. Anger which is covered up is dangerous.

۵۶۰- دبایا ہوا غصہ خطرناک ہوتا ہے۔

561. Antiquity is not always a mark of verity.

۵۶۱- قدامت ہی سچائی کی دلیل نہیں۔

562. An little silly soul, easily can pick a hole.

۵۶۲- نکتہ چینی بہت آسان ہے۔

563. Anything for a quiet life.

۵۶۳- چین کی زندگی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔

564. Apothecaries would not sugar their pills unless they were bitter.

۵۶۴- دوا کی گولیوں پر قند چڑھانے کی کیا ضرورت تھی اگر وہ کڑوی نہ ہوتیں؟

565. Appearances are often deceitful.

۵۶۵- ظاہری صورت پر مت جاؤ۔

566. Appetite comes with eating.

۵۶۶- کام کئے سے ہی ہوتا ہے۔

567. Applause is the beginning of abuse.

۵۶۷- تعریف کے بعد گالیاں بھی ملتی ہیں۔

568. Arms are the props of peace.

۵۶۸- امن وامان کا انحصار ہتھیاروں پر ہے۔

569. Art consists in concealing art.

۵۶۹- کاریگری کیا جو ہر کسی کو نظر آجائے۔

570. Are you attempting to appease every body by abandoning virtue?

۵۷۰- ساری دنیا کو کوئی خوش نہیں کر سکتا!

571. Argue at home, but a mole abroad.

۵۷۱- گھر میں سیانا باہر دیوانہ۔

572. Art has an enemy called ignorance.

۵۷۲- جہالت کاریگری کی دشمن ہے۔

573. As a man lives, so shall he dies; As a tree falls, so shall it lie.

۵۷۳-انسان کی موت اس کی زندگی کا نمونہ ہے۔

574. As a man is friended, so the law ended.

۵۷۴-انصاف بھی شخصیت کا لحاظ کرتا ہے۔

575. As a man makes his bed, so he must lie.

۵۷۵- جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

576. As a wolf is like a dog, so is a flatterer like a friend.

۵۷۶- خوشامدی اور دوست میں اتنا ہی فرق ہے جتنا بھیڑیئے اور کتے میں-

577. As courteous as a dog in a kitchen.

۵۷۷- کھانے کا کتا!

578. As good twenty as nineteen.

۵۷۸- انیس بیس کا فرق!

579. As I brew, so I must drink.

۵۷۹- جیسا کرو گے ویسا بھرو گے-

580. As is the garden, such is the gardener.

۵۸۰- باغ دیکھ کر مالی کی ذات پہچانی جاتی ہے-

581. As long as you are prosperous, you will have many friends, but if your days are overcast you will find yourself alone.

۵۸۱- بنی کے سب یار- دنیا پیسے کی!

582. As long lives a merry heart as a sad one.

۵۸۲- زندگی خوشگوار گزرنی چاہیئے-

583. As soon as a man is born is begins to die.

۵۸۳- ہے زندگی سے موت برابر لگی ہوئی!

584. As soon as I was born I wept and every day shows why.

۵۸۴- دنیا تکالیف کا گھر ہے۔

585. As soon comes the lamb's skin to market as the old sheep's

۵۸۵- موت کے ہاتھ کمان- بوڑھا بچے نہ جوان!

586. As soon as you have drunk you turn your back on the spring.

۵۸۶- جس ہنڈیا میں کھائے اُسی میں چھید کرے۔

587. As the bell chinks, so the fool thinks.

۵۸۷- بلی کو چھیچھڑوں کے خواب۔

588. As the crow, so the eggs shall be.

۵۸۸- سانپ کے سنپولیے ہی ہوں گے۔

589. As the good man saith, so say we; as the good woman saith, so must it be.

۵۸۹- بھلے آدمی کی سب تائید کرتے ہیں اور بھلی عورت جو کہے وہ ہو کر رہتا ہے۔

590. As the ald cock crows, the young one learns.

۵۹۰- بچے بڑوں سے سیکھتے ہیں۔

591. As our affairs go with us so also is our mind affected.

۵۹۱- حالات کا اثر دل پر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔

592. A liar must have a good memory.

۵۹۲- جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا۔

593. As the twig's bent, the tree's inclined.

۵۹۳- جس طرف شاخیں جھکیں درخت بھی اسی طرف جھک جاتا ہے۔

594. As your wedding ring wears so do your cares.

۵۹۴- شادی پر خوشی و غم کا انحصار ہے۔

595. Ask much to get little.

۵۹۵- تھوڑا حاصل کرنے کے لئے بہت تکالیف اٹھانی پڑتی ہے۔

596. Ask my companion if I be a thief.

۵۹۶- چور کا گواہ گھٹ کترا!

597. Ask of God and not of the rich.

۵۹۷- خدا کے سوا کسی کے آگے ہاتھ مت پھیلاؤ۔

598. Ask thy purse what thou shouldst buy.

۵۹۸- جتنی چادر ہو اتنے ہی پاؤں پھیلاؤ۔

599. Asses that bray most eat least.

۵۹۹- جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں۔

600. Associating with the bad, you yourself will become bad.

۶۰۰- صحبت بد بُرا بنا کر ہی رہتی ہے۔

601. Assist him who is carrying his burden, but by no means him who is laying it aside.

۶۰۱- سُست آدمی کی کوئی مدد نہیں کرتا۔

602. Assurance is two-thirds of success.

۶۰۲- اعتماد کامیابی کا راز ہے۔

603. At a round table there's no dispute of place.

۶۰۳- گول میز پر کون بڑا کون چھوٹا؟

604. At length the fox turns monk.

۶۰۴- نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔

605. At open doors dogs come in.

۶۰۵- آ بیل مجھے مار!

606. At table it becomes no one to be hostile.

۶۰۶- مجلس میں دشمنی ظاہر نہ کرو۔

607. At the end of the work you may judge of the woman.

۶۰۷- کام دیکھ کر رائے دو۔

608. *At the first cup man drinks wine, At the second cup wine drinks wine, At the third cup wine drinks man.*

۶۰۸- شراب کی کثرت انسان کو ناکارہ بنا دیتی ہے۔

609. *At the game's end we shall see who gains.*

۶۰۹- ہار جیت کھیل کے بعد جانی جاتی ہے۔

610. *Attribute every beginning and ending as from thence.*

۶۱۰- ہر کام کا آغاز و انجام خدا کے ہاتھ ہے۔

611. *Avarice never made any man rich.*

۶۱۱- لالچ سے کوئی دولت مند نہیں ہوتا دیکھا گیا۔

612. *Avoid evil and it will avoid thee.*

۶۱۲- گناہ سے دُور رہو پھر تمہیں ڈر کس کا؟

B

613. *Back again, like a bad penny.*

۶۱۳- بُری عادات مشکل سے چھوٹتی ہے۔

614. *Bad company is the devil's net.*

Bad, Bar, Bark
Be

۶۱۴- بُری صحبت شیطان کا جال ہے۔

615. Bad counsel confounds the adviser.

۶۱۵- بُری نصیحت دینے والے کو نقصان پہنچاتی ہے۔

616. Bad customs are better broken up than kept up.

۶۱۶- بُری رسوم کو ترک کر دینا ہی اچھا ہے۔

617. Bad excuses are worse than none.

۶۱۷- جھوٹے بہانوں کی نسبت سچ کہہ دینا بہتر ہے۔

618. Bad is want which is born of plenty.

۶۱۸- سب کچھ ہونے پر بھی صبر نہ کرنا بُرا ہے۔

619. Bad luck often brings good luck.

۶۱۹- بُرائی میں بھی بعض دفعہ بھلائی چھپی ہوتی ہے۔

620. Bald heads are soon shaven.

۶۲۰- کمبخت پر مصیبت آتے دیر نہیں لگتی۔

621. Barking dog seldom bite.

۶۲۱- جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں!

622. Bashfulness is an enemy to success.

۶۲۲- جس نے کی شرم اس کے پھوٹے کرم!

623. Be a friend to thyself and others will be so too.

۶۲۳- اپنی عزت اپنے ہاتھ ہے۔

624. Be always in time, too late is a crime.

۶۲۴- وقت کی پابندی سب طرح کا سُکھ-

625. Be always merry as you can, for none delights in a sorrowful man.

۶۲۵- غمگین کے پاس کوئی بیٹھنا پسند نہیں کرتا-

626. Be it weal or be it woe, it shall not be always so.

۶۲۶- دن ہمیشہ پھرتے رہتے ہیں-

627. Be just before you are generous.

۶۲۷- فیاضی کی نسبت انصاف زیادہ ضروری ہے-

628. Be not ashamed of your handicraft.

۶۲۸- کام میں کیا شرم؟

629. Be not the first to quarrel, nor the last to make it up.

۶۲۹- لڑائی میں کبھی پہل نہ کرو اور صلح کے لئے ہر وقت تیار رہو-

630. Be not too hasty to outbid another.

۶۳۰- دوسرے کا محل دیکھ کر اپنی جھونپڑی کو آگ نہ لگاؤ-

631. Be slow in choosing a friend, but slower in changing him.

۶۳۱- نت نئے دوست بنانے کی نسبت دیکھ بھال کر دوست بنانا بہتر ہے-

632. Be sparing in praising and more so

in blaming.

۶۳۲- تعریف احتیاط سے اور برائی اور بھی زیادہ احتیاط سے-

633. Be surety, and danger is at hand.

۶۳۳- ضمانت دینا خطرے سے خالی نہیں-

634. Be never so high, the law is above you.

۶۳۴- قانون سے سب نیچے ہیں-

635. Bear and forbear.

۶۳۵- صبر کا پھل میٹھا!

636. Bear wealth, poverty will bear itself.

۶۳۶- امارت میں افلاس کی نسبت زیادہ احتیاط لازمی ہے-

637. Bear with evil and expect good.

۶۳۷- کبھی تو دن پھیریں گے ہی!

638. Beat the dog before the lion.

۶۳۸- کھُلا خطرۂ عظیم پوشیدہ خطرے سے کم خطرناک ہوتا ہے-

639. Beautiful enough it good enough.

۶۳۹- ظاہری خوبصورتی کس کام کی!

640. Beauty and folly are often companion.

۶۴۰- خوبصورت آدمی عموماً بے قوف ہوتے ہیں-

641. Beauty has a short date.

۶۴۱- چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات!

642. Beauty is blossom.

۶۴۲- حُسن دو دن کا مہمان ہے۔

643. Beauty is but skin - deep.

۶۴۳- خوبصورتی چام کی ہی ہے۔

644. Beauty is potent but money is omnipotent.

۶۴۴- حسن میں طاقت ہے لیکن دولت سب سے زیادہ طاقتور ہے۔

645. Beauty pleases the eyes, but only sweetness of disposition charms the soul.

۶۴۵- شعر:

سیرت کے ہم غلام ہیں صُورت ہوئی تو کیا
سرخ و سفید مٹی کی مُورت ہوئی تو کیا

646. Beauty without grace is a violet without smell.

۶۴۶- جمال بے کمال پھول بے بُو کی مانند ہے۔

647. Bees that have honey in their mouth have stings in their tails.

۶۴۷- مکھی کے ڈنک بھی ہوتا ہے۔

648. Before old age my care was to live

well, in old age, to die well.

۶۴۸- بڑھاپے میں عاقبت کا خیال آتا ہے۔

649. Beggar's bags are bottomsless.

۶۴۹- فقیروں کا پیٹ نہیں بھرتا۔

650. Beggars must be no choosers.

۶۵۰- بھیک اور پچھوڑ پچھوڑ!

651. Being on sea, sail; being on land, settle.

۶۵۱- جیسا دیس ویسا بھیس!

652. Believe that you have it, and you have it.

۶۵۲- قناعت بہترین دولت ہے۔

653. Believe well and have well.

۶۵۳- بھلا سوچو، ہو گا بھلا!

654. Believe me that gifts captivate both men and gods.

۶۵۴- تحائف سے آدمی تو کیا دیوتا بھی بس میں آجاتے ہیں۔

655. Bells call others to church, but enter not in themselves.

۶۵۵- دوسروں کو نصیحت خود میاں فضیحت!

656. Benefits please like flowers, while

they are fresh.

۶۵۶- احسان جلد فراموش ہو جاتے ہیں-

657. Best is best.

۶۵۷- اچھا اچھا ہی ہے-

658. Best is cheapest.

۶۵۸- سستا رووے بار بار مہنگا رووے ایک بار-

659. Best to bend while it's a twig.

۶۵۹- عادات بچپن میں ہی سدھاری جا سکتی ہیں-

660. Betrayers are hated even by those whom they benefit.

۶۶۰- غدار سے سب نفرت کرتے ہیں-

661. Better a diamond with a flaw than a pebble without.

۶۶۱- معمولی ہیرا بھی بڑھیا کنکر سے بہتر ہے-

662. Better a good expectation than a mean possession.

۶۶۲- دنیا بہ امید قائم-

663. Better a little lose than a long sarrow.

۶۶۳- غم کی نسبت تھوڑا نقصان بہتر ہے-

664. Better a penny with right than a

thousand without.

۶۶۴- حق حلال کا ایک پیسہ لاکھ کے برابر ہے۔

665. Better an empty house than an ill - tenants.

۶۶۵- بُرے کرایہ دار سے مکان خالی ہی بہتر۔

666. Better an egg today than a hen tomorrow.

۶۶۶- نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔

667. Better an old man's darling than a young man's slave.

۶۶۷- جوان کی غلام ہونے کی نسبت بوڑھے کی محبوبہ ہونا بہتر ہے۔

668. Better be a fool than a knave.

۶۶۸- مکار سے بیوقوف اچھا۔

669. Better be alone than in ill company.

۶۶۹- بُری صحبت سے اکیلا بھلا!

670. Better be born lucky than wise.

۶۷۰- عقل کی قدر نہیں دولت کی قدر ہے۔

671. Better be denied than deceived.

۶۷۱- دھوکہ دینے کی نسبت صاف انکار اچھا ہے۔

672. Better be envied than pitied.

۶۷۲- بہتر ہے کہ دنیا تم سے حسد کرے نہ کہ تم پر ترس کھائے۔

673. Better be half - hanged than ill-wed..

۶۷۳- بُری بیوی سے تو مرنا بہتر ہے۔

674. Better be idle than ill-employed.

۶۷۴- بُرا کام کرنے کی نسبت بیکار رہنا اچھا ہے۔

675. Better be proficient in one art than smatterer in a hundred.

۶۷۵- سو کاموں کو ادھورا کرنے کی نسبت ایک کام اچھی طرح کرنا بہتر ہے۔

676. Better bend than break.

۶۷۶- جھک کر چلے تو ٹوٹے کیوں؟

677. Better buy than borrow.

۶۷۷- مانگنے سے خریدنا بہتر!

678. Better cut the shoe than pinch the foot.

۶۷۸- جھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان۔

679. Better deny at once than promise long.

۶۷۹- سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب۔

680. Better do it than wish it done.

۶۸۰- آپ کام سو مہا کام!

681. Better die once for all than live in

continual terror.

۶۸۱- رات دن کے ڈر سے تو موت اچھی!

682. Better fed than taught.

۶۸۲- پہلے روٹی پیچھے کچھ اور!

683. Better give a shilling than lend and lose half a crown.

۶۸۳- ادھار دینے کی نسبت حسب توفیق بخش دینا بہتر ہے۔

684. Better give the wool than sheep.

۶۸۴- سارا جاتا دیکھئے آدھا دیجئے بانٹ۔

685. Better go about than fall in a ditch.

۶۸۵- سیدھی راہ چل خواہ دور ہو!

686. Better go back than go wrong.

۶۸۶- غلط راہ پر چلتے رہنے کی نسبت پلٹ جانا بہتر ہے۔

687. Better go to bed supperless than rice in debt.

۶۸۷- ادھار کھانے سے بھوکے سونا اچھا۔

688. Better go to heaven in rags than to hell in embroidery.

۶۸۸- ناجائز طریق سے دولت کمانے کی نسبت غریب رہنا اچھا ہے۔

689. Better go without medicine than call in an unskillful physician.

۶۸۹- نیم حکیم خطرۂ جان!

690. Better good afar off than evil at hand.

۶۹۰- بھلائی دور بھی ہو تو قریب کی برائی سے بھلی-

691. Better half an egg than an empty shell.

۶۹۱- من بھر کپاس اور تولہ بھر سونا برابر-

692. Better ill-fed than ill-bred.

۶۹۲- بھوکا اچھا- بد چلن برا!

693. Better late than never.

۶۹۳- دیر میں ہونا بہتر بہ نسبت اس کے کہ کبھی نہ ہو!

694. Better lose a jest than lose a friend.

۶۹۴- ایسی ہنسی اچھی نہیں جس سے دوستی میں فرق آئے-

695. Better ride an ass that carries us than a horse that throws us.

۶۹۵- کار آمد چیز گھٹیا بھی اچھی!

696. Better short of pence than short of sense.

۶۹۶- پیسے سے عقل بڑی-

697. Better sit still rise and fall.

۶۹۷- حیثیت کے باہر پاؤں نہ رکھنا ہی اچھا ہے-

698. Better small fish than an empty dish.

۶۹۸- نہ ہونے سے تھوڑا بھی اچھا!

699. Better suffer for truth than prosper by falshood.

۶۹۹- حق کی مصیبت جھوٹ کی آسائش سے اچھی۔

700. Better suffer ill than do ill.

۷۰۰- دوسروں کو دکھ نہ دے آپ ہی سہہ لے۔

701. Better the feet slip than the tongue.

۷۰۱- زبان سنبھال کر بولو!

702. Better thou perish than truth.

۷۰۲- حق کی راہ میں موت کی کیا پرواہ!

703. Better to ask than go astray.

۷۰۳- پوچھنے میں کیا شرم!

704. Better to be blind than to see ill.

۷۰۴- نظربد ڈالنے کی نسبت اندھا ہونا اچھا۔

705. Better to die a beggar than live a beggar.

۷۰۵- ذلت کی زندگی سے موت اچھی۔

706. Better to rule than to be ruled by the rout.

۷۰۶- کبھی ہار نہ مانو!

707. Better to trust in God than in His saints.

۷۰۷- خدا پر اعتقاد اولیاؤں پر بھروسہ رکھنے سے بہتر ہے۔

708. Better untaught than ill-taught.

۷۰۸- بُری تعلیم سے اَن پڑھ رہنا اچھا۔

709. Better wear out than rust out.

۷۰۹- بیکاری میں شیطانی سوجھے!

710. Between the devil and the deep sea.

۷۱۰- نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن!

711. Beware of a silent dog and still water.

۷۱۱- دھیرا سو گھمبیرا!

712. Beware of him who regards not his own reputation.

۷۱۲- جب اپنی اُتار لی تو دوسرے کی اتارتے کیا دیر لگتی ہے۔

713. Beware of no man more than thyself.

۷۱۳- سنوارنے بگاڑنے والا آدمی آپ ہی ہے۔

714. Beware of one who flatters unduly; he will also censury unjustly.

۷۱۴- جو ناجائز خوشامد کرتا ہے وہ ناجائز برائی بھی کرے گا۔

715. Bind fast, find fast.

۷۱۵- جیسے باندھو گے ویسے ہی پاؤ گے-

716. *Bind the sack before it be full.*

۷۱۶- دشمن زور پکڑ جائے گا تو ہرگز قابو میں نہ آئے گا-

717. *Binds are entangled by their feet and men by their tongue.*

۷۱۷- پرندے بے بس ہوتے ہیں تو ٹانگوں کے بس اور انسان زبان کے بس-

718. *Birds of feather flock together.*

۷۱۸- کبوتر با کبوتر، باز با باز!

719. *Birth is much; breeding is more.*

۷۱۹- جبلی خصلت پر تربیت سونے پر سہاگہ ہوتی ہے-

720. *Black is the badge of hell.*

۷۲۰- اندھیر دوزخ کی نشانی ہے-

721. *Black will take no other hue.*

۷۲۱- کالے پر دوسرا کوئی رنگ نہیں چڑھ سکتا-

722. *Blame is the lazy man's wages.*

۷۲۲- کاہل آدمی کے ہاتھ سوائے ندامت کے کچھ نہیں آتا-

723. *Blind zeal only does harm.*

۷۲۳- اندھادھند جوش باعث نقصان ہے-

724. *Blood is thicker than water.*

۷۲۴- اپنا مارے گا بھی تو چھاؤں میں ڈالے گا۔

725. Blow not against the hurricane.

۷۲۵- زبردست کا ٹھینگا سر پر۔

726. Blow will answer blows.

۷۲۶- اینٹ کا جواب پتھر۔

727. Blushing is virtue's colour.

۷۲۷- شرم و حیا پاکدامنی کی نشانی ہے۔

728. Bodies devoid of mind are as statues in the market-place.

۷۲۸- بے عقل انسان بت کی مانند ہوتا ہے۔

729. Bodily labour earns not much.

۷۲۹- جسمانی مشقت سے زیادہ پلے نہیں پڑتا۔ آدمی دماغ کے زور سے کماتا ہے۔

730. Bones for those who come late.

۷۳۰- دیر کرنے سے نقصان ہوتا ہے۔

731. Books and friends should be few and good.

۷۳۱- کتب اور دوست تھوڑے لیکن اچھے رکھنے چاہئیں!

732. Borrowed cats catch no mice.

۷۳۲- مانگے ہوئے اوزاروں سے کام نہیں چلتا۔

733. Borrowed garments never fit well.

۷۳۳-مانگے تانگے کے کپڑے ٹھیک نہیں آتے۔

734. Borrowing thrives but once.

۷۳۴-قرض ایک بار ہی ہضم ہوتا ہے۔

735. Brave actions never want a trumpet.

۷۳۵-بہادری کا کام نہ چاہے نام!

736. Brevity is the soul of wit.

۷۳۶-اختصار ظرافت کی جان ہے۔

737. Bright to sight, heart's delight.

۷۳۷-آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک۔

738. Bring not a bagpipe to a man in trouble.

۷۳۸-غم میں خوشی کا ذکر مت چھیڑو۔

739. Bring up a raver and it will peck out your eyes.

۷۳۹-ءپاک جگہ کی عزت کرو!

740. Broken friendship may be soldered but never sound.

۷۴۰-سانپ کو لاکھ دودھ پلاؤ جب موقع ملے گا ڈنک مارے گا۔

741. Broken sacks will hold no corn.

۷۴۱- ٹوٹے ہوئے دل پہلے کی طرح نہیں جڑتے!

742. Brothers quarrel like thieves inside a

house, but outside.

۷۴۲- چھوٹے گھڑے میں پانی نہیں ٹھہرتا۔

743. Brother quarrel like thieves inside a house, but outside their swords leap out in each other's defence.

۷۴۳-بھائی بھائی ہی رہیں گے۔

744. Building and marrying of children are great wasters.

۷۴۴-شادی اور تعمیر عمارت میں خرچ کا اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے۔

745. Bullies are generally cowards.

۷۴۵-شیخی باز بزدل ہوتے ہیں۔

746. Burns not your house to fright away the mice.

۷۴۶- تھوڑے فائدے کے لئے زیادہ نقصان کرنا۔

747. Business and action strengthen the brain, but much study weaknes it.

۷۴۷- کام کاج دماغ کو تقویت دیتے ہیں لیکن زیادہ مطالعہ اسے کمزور کرتا ہے۔

748. Business neglected, business lost.

۷۴۸-جس کام میں غفلت کی گیا!

749. Business is the salt of life.

۷۴۹- زندگی کا لطف کام کرنے ہی سے ہے۔

750. But one egg and that too addled.

۷۵۰- ایک انڈہ وہ بھی گندہ۔

751. But envy is better worth than compassion.

۷۵۱- محسود بننا ترس کھائے جانے سے بہتر ہے۔

752. Butter is gold in the morning, silver at noor, lead at night.

۷۵۲- مکھن صبح کو صحت بخش دوپہر کو فائدہ مند اور شب کو نقصان دہ ہوتا ہے۔

753. Buy what you do not want, and you will sell what you cannot spare.

۷۵۳-فضول خرچ ہمیشہ تنگ دست رہتا ہے۔

754. Buyers want a hundred eyes; sellers none.

۷۵۴-پیسہ خرچنے والا دیکھ بھال کر چیز خریدتا ہے۔

755. Buying is cheaper than asking.

۷۵۵-مانگنے کی نسبت خرید لینا سستا پڑتا ہے۔

756. By always taking out and never putting in, the bottom is soon reached.

۷۵۶- نکالتے نکالتے قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے۔

757. By doing nothing we learn to do ill.

۷۵۷-خالی بیٹھے شیطانی سوجھے!

758. By losing present time we lose all time.

۷۵۸-وقت ضائع کرنے والا کبھی کوئی کام نہیں کر سکتا!

759. By others' faults wise men correct their own.

۷۵۹- کسی نے لقمان سے پوچھا عقل کس سے سیکھی؟ جواب دیا بیوقوفوں سے!

760. By perseverance the snail reached the ark.

۷۶۰- استقلال بڑی چیز ہے۔

761. By time all things are produced and judged.

۷۶۱- ہر چیز کا وقت ہوتا ہے۔

762. By trying the Greeks got into Troy.

۷۶۲- ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا!

763. By bearing with others, you shall be borne with.

۷۶۳-جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

764. By his very concealment he added fame to fame.

۷۶۴- گمنامی سے شہرت بڑھتی ہے۔

765. By no art can chastity be repaired when one injured.

۷۶۵- نہیں رہتی ہے وہ خوبی جہاں عصمت میں داغ آیا!

766. By gift one gets pardon.

۷۶۶- نذرانہ سے معافی مل جاتی ہے۔

C

767. Calmity is the touch stone of a brave mind.

۷۶۷- بہادر کا امتحان مین مصیبت میں ہوتا ہے۔

768. Clamities make great talkers.

۷۶۸- مصیبت آدمی کو باتیں کرنا سکھا دیتی ہے۔

769. Calculate well before you speak.

۷۶۹- پہلے تولو، پھر بولو!

770. Call a spade a spade.

۷۷۰- کھری کھری بات کہہ دینا۔

771. Call not the devil; he will come fast.

۷۷۱- شیطان کا نام لینے کی دیر ہے. جھٹ آتا ہے-

772. Care follows increasing wealth and the desire for greater things.

۷۷۲- جتنی دولت اتنی ہی زیادہ ہوس اور فکر-

773. Can the Ethiopian change his skin?

۷۷۳- کوئل نہ ہوئے اجلی چاہے نو من صابن لگائے-

774. Care killed the cat.

۷۷۴- فکر بُری بلا!

775. Care is not cure.

۷۷۵- فکر لاحاصل ہے- فکر علاج نہیں-

776. Cares passes every age.

۷۷۶- فکر پیچھا نہیں چھوڑتے-

777. Carrion crows bewail the dead sheep and then eat them.

۷۷۷- گدھ پہلے شور مچاتے ہیں پھر مردار کو کھا جاتے ہیں-

778. Careless of things which are near, we pursue eagerly things which are far away.

۷۷۸- آدھی چھوڑ ساری کو دھائے آدھی رہے نہ ساری پائے-

779. Cast in the same mould.

۷۷۹- ایک ہی ڈھیر کے چاول، ایک ہی سانچے میں ڈھلے-

780. *Carrying coal to Newcastle.*

۷۸۰- اُلٹے بانس بریلی کو!

781. *Cast not dust into the well that gives you water.*

۷۸۱- جس ہنڈیا میں کھائے اسی میں چھید کرے-

782. *Cast not forth the old water till the new come in.*

۷۸۲- امید پر زیادہ بھروسہ نہ رکھو!

783. *Catch not at the shadow and lose the substance.*

۷۸۳- شراب کے پیچھے اصلیت نہ کھو بیٹھو!

784. *Catch the bear before you sell his skin.*

۷۸۴- خیالی پلاؤ مت پکاؤ-

785. *Catch who catch can.*

۷۸۵- اس دنیا میں ہے بڑی آپا دھاپی جو مارے سو میری!

786. *Caution is the parent of safety.*

۷۸۶- سلامتی کے لئے احتیاط ضروری ہے-

787. *Chance contrives better than we ourselves.*

۷۸۷- دنیا میں اتفاق کی حکومت ہے-

788. Chance makes relations; choice makes friends.

۷۸۸- رشتہ اتفاق سے لیکن دوستی مرضی سے ہوتی ہے۔

789. Change your pleasure, but never change your friends.

۷۸۹- شغل بدل سکتے ہیں لیکن دوست مستقل چاہئیں۔

790. Changing of words is lighting of hearts.

۷۹۰- گفتگو سے مسرت حاصل ہوتی ہے۔

791. Charity begins at home.

۷۹۱- اول خویش بعدہ درویش!

792. Charity gives. herslef rich; covetousness hoards itself poor.

۷۹۲- انسان غریب خیرات سے نہیں بلکہ لالچ سے ہوتا ہے۔

793. Chastity once tarnished can be restored by no art..

۷۹۳- نہیں رہتی ہے وہ خوبی جہاں عصمت میں آیا داغ۔

794. Cheat me in the price, but not in the goods.

۷۹۴- مہنگا بیچو پر کھرا بیچو۔

795. Cheats never prosper.

۷۹۵- دھوکے کبھی پھلتے پھولتے نہیں دیکھے گئے۔

796. Child is the father of man.

۷۹۶- چھوٹوں سے بڑے ہوتے آئے۔

797. Children and fools tell the truth.

۷۹۷- اوچھے کے پیٹ میں بات نہیں پچتی۔

798. Children are certain care, but very uncertain comforts.

۷۹۸- بچے تکلیف تو سب دیتے ہیں لیکن آرام کوئی کوئی۔

799. Children are poor man's riches.

۷۹۹- غریب کی اولاد ہی دولت ہے۔

800. Children are what you make them.

۸۰۰- بچوں کو جیسا سکھاؤ سیکھ جاتے ہیں۔

801. Children bring with them innumerable cares.

۸۰۱- اولاد کے ساتھ فکر وابستہ ہے۔

802. Chips of the same block.

۸۰۲- ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے۔

803. Choose neither a woman nor linen by candle light.

۸۰۳- عورت اور کپڑے کو دن میں دیکھ کر لینا چاہئے۔

804. Choose not a house near an inn, or in

a corner.

۸۰۴- سرائے کے نزدیک یا کونے میں مکان اچھا نہیں۔

805. Christmas comes but once a year.

۸۰۵- ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے۔

806. Circumstance alter cases.

۸۰۶- حالات سے معاملات بدل جاتے ہیں۔

807. Cleanliness is a fine life-preserver.

۸۰۷- صفائی سے عمر بڑھتی ہے۔

808. Clemency is the remedy of cruelty.

۸۰۸- ظلم کا علاج رحمدلی بھی ہے۔

809. Claw me and I will claw thee. y

۸۰۹- تو مجھے میں تجھے!

810. Cleanliness is next to godliness.

۸۱۰- صفائی پارسائی سے دوسرے درجہ پر ہے۔

811. Cleverness seeks cleverness.

۸۱۱- لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔

812. Close sits my shirt, but closer my skin.

۸۱۲- اپنا اپنا پرایا پرایا۔

813. Cold tea and cold rice may be endured, but not the counsel

uncalled.

۸۱۳- بغیر مانگے نصیحت کڑوی لگتی ہے۔

814. Come and welcome, go by and no quarrel.

۸۱۴- آؤ تمہارا گھر جاؤ کوئی جھگڑا نہیں۔

815. Come not to the counsel uncalled.

۸۱۵- بغیر پوچھے رائے مت دو۔

816. Comfort is better than pride.

۸۱۶- غرور کی نسبت آرام بہتر ہے۔

817. Common danger produces agreement.

۸۱۷- مصیبت ایک کر دیتی ہے۔

818. Companionship with a powerful person is never to be trusted.

۸۱۸- طاقتور کی دوستی پر بھروسہ مت کرو۔

819. Coming events cast their shadows before hand.

۸۱۹- ہونہار پوت کے پاؤں پالنے میں ہی نظر آجاتے ہیں۔

820. Company in distress makes the sorrowless.

۸۲۰- مرگ انبوہ جشن دارد!

821. Comparisons are odious.

۸۲۱- مقابلہ ناگوار ہوتا ہے۔

822. Concord makes lowly power helpful.

۸۲۲- ایک اور ایک مل کر گیارہ ہو جاتے ہیں۔

823. Condition makes and condition breaks.

۸۲۳- حالات ہی بنائے اور حالت ہی بگاڑے۔

824. Confidence begets confidence.

۸۲۴- دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔

825. Conscience is a good to all mortals.

۵۴۵- انسانوں کے لئے ضمیر ہی خدا ہے۔

826. Consider that a friend may be made out of an enemy.

۸۲۶- دشمن کو بھی دوست بنایا جا سکتا ہے۔

827. Confidence, like the soul, never returns thither whence it has departed.

۸۲۷- ساکھ جہاں گئی، گئی!

828. Conscience places a bridle upon the tongue.

۸۲۸- ضمیر زبان کی لگان ہے۔

829. Confidence placed in another often compels confidence return. y

۸۲۹- اعتبار سے عموماً اعتبار پیدا ہوتا ہے۔

830. Conscience is the voice of the soul; the passions are the voice of the body.

۸۳۰- ضمیر روح کی آواز ہے اور جذبات جسم کی۔

831. Constant dropping wears away the stone.

۸۳۱- روز کے ٹپکنے سے پتھر بھی گھس جاتا ہے۔

832. Content is better than riches.

۸۳۲- قناعت سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔

833. Content is the true philospher's stone.

۸۳۳-قناعت ہی اصل پارس پتھر ہے۔

834. Contented with your lot, you will live wisely.

۸۳۴-تھوڑے میں راضی ہونے میں ہی زیادہ خوشی ہے۔ نہ آئے کی خوشی نہ گئے کا غم۔

835. Contented with little and canty with more.

۸۳۵- قناعت بڑی دولت ہے۔

836. Contentment is a great gain.

۸۳۶- بڑی دولت قناعت ہی ہے۔

837. Conversation makes what he is.

۸۳۷- گفتگو سے اصلیت جانی جاتی ہے۔

838. Conversation teaches more than meditation.

۸۳۸- گفتگو غوروخوض سے زیادہ سکھاتی ہے۔

839. Correct accounts keep good friends.

۸۳۹- حساب پاک دوستی، دُرست!

840. Counsel breaks not the head.

۸۴۰- نصیحت سننے میں نقصان کیا؟

841. Counsel is not command.

۸۴۱- نصیحت حکم نہیں!

842. Counsel is never out of date.

۸۴۲- اصلاح ہر وقت کی اچھی!

843. Courage is often caused by fear.

۸۴۳- مرتا کیا نہ کرتا!

844. Courtesy costs nothing.

۸۴۴- اخلاق میں کیا خرچ ہوتا ہے۔

845. Courtesy is cumbersome to him that knows it not.

۸۴۵- بداخلاق اخلاق کو کیا جانے؟

846. Courtesy on one side only lasts not long.

۸۴۶- یک طرفہ اخلاق میں پائیداری کہاں-

847. Courts have no almanacs.

۸۴۷-شاہوں پر پابندی کون لگائے؟

848. Covetousness breaks the bag.

۸۴۸-لالچ کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے-

849. Covetousness is generally incurable.

۸۴۹- طمع لاعلاج عموماً!

850. Cowardice is the mother of cruelty.

۸۵۰- بزدل بے رحم-

851. Craft must have clothes, but truth loves to go naked.

۸۵۱- مکر ملبوس راستی عریاں!

852. Crafty men deals in generalities.

۸۵۲- مکار کبھی سیدھی بات نہیں کرتا-

853. Creep before you gang.

۸۵۳-دوڑنے سے پہلے چلنا سیکھو!

854. Criticism is easy and art is difficult.

۸۵۴- کام کرنے کے مقابلہ میں نکتہ چینی آسان ہے۔

855. Crooked by nature is never made straight be education.

۸۵۵- کتے کی دم بارہ برس نلی میں رکھا ٹیڑھی کی ٹیڑھی رہی۔

856. Crosses are ladders that lead to Heaven.

۸۵۶- قدرت کے بگاڑے کو کون سنوارے۔

857. Crows do not pick out crows' eyes.

۸۵۷- کتے کا کتا دشمن نہیں ہوتا۔

858. Cruelty is a tyrant that's always attended with fear.

۸۵۸- ظالم کو ہر وقت کھٹکا لگا رہتا ہے۔

859. Crust cows have short horns. y

۸۵۹- خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔

860. Cupboard love.

۸۶۰- مطلب کی یاری۔

861. Custom is the guide of the ignorant.

۸۶۱- جاہل لکیر کے فقیر ہوتے ہیں۔

862. Custom rules the law.

۸۶۲- قانون رسم و رواج پر مبنی ہوتا ہے۔

863. Cut your coat according to your cloth.

۸۶۳- جتنی چادر دیکھئے اتنے پاؤں پساریئے!

864. Cut your wisdom teeth. y

۸۶۴- تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو- ابھی دنیا دیکھو!

D

865. Dainty dogs may eat dirty puddings.

۸۶۵- نفاست پسندی ظاہری زیادہ ہوتی ہے-

866. Dinty maketh dearth.

۸۶۶- تکلف میں ہے تکلیف سراسر-

867. Danger and delight grow on one stock.

۸۶۷- خطرے میں بھی لطف ہے- .

868. Danger past, God forgotten.

۸۶۸- دکھ بسرا خدا بھولا!

869. Dangers are overcome by dangers.

۸۶۹- مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آسان ہو گئیں-

870. Daring serves as a wall.

۸۷۰- جرأت بڑے کام کی چیز ہے-

871. Daub yourself with honey and you will be covered with flies.

۸۷۱- مکھی گڑ پر ہی گرتی ہے-

872. Day lessens grief.

۸۷۲- دکھ کی رات پہاڑ ہو جاتی ہے-

873. Daughters and dead fish are not keeping wares.

۸۷۳- بیٹیاں اور مری مچھلیاں رکھنے کی چیزیں نہیں-

874. Daylight will peep through a very small hole.

۸۷۴- سچ آخر ظاہر ہو کر ہی رہتا ہے-

875. Dead men are of no family and are akin to none.

۸۷۵- جان ہے تو جہان ہے-

876. Dead men bite not.

۸۷۶- مردہ کیا نقصان پہنچائے گا؟

877. Dead men open the eyes of the living.

۸۷۷- موت عبرت حاصل کرنے کی چیز ہے-

878. Deaf men are quick - eyed and distrustful.

۸۷۸-بہروں کی آنکھیں تیز ہوتی ہیں اور وہ کسی کا اعتبار نہیں کرتے۔

879. Death and the sun are not to be looked on with a steady eye.

۸۷۹- موت اور سورج کو ٹکٹکی لگا نہیں دیکھا جاتا۔

880. Death defies doctor.

۸۸۰- موت کا دارو نہیں۔

881. Death devour lambs as well as sheep.

۸۸۱- موت کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان۔

882. Death does not end all things.

۸۸۲- موت قیامت نہیں۔

883. Death is bitter to man in prosperity or in much business.

۸۸۳-عروج اور کام میں موت تلخ معلوم ہوتی ہے۔

884. Death is in the pot

۸۸۴- کھانے میں حد اعتدال سے تجاوز کرنا موت ہے۔

885. Death keeps no calendar.

۸۸۵- موت اور گاہک کا کیا وقت؟

886. Death meets us everywhere.

۸۸۶- موت کہاں نہیں؟

887. Death pays all debts.

Death

۸۸۷- موت سب قرض اتار دیتی ہے۔

888. Death foreseen come not.

۸۸۸- موت کا کوئی وقت معین نہیں۔

889. Death takes no excuse.

۸۸۹- موت ٹالے نہیں ٹلتی!

890. Debt is a grievous bondage to an honourable man.

۸۹۰- عزت دار کے لئے قرض سنگین بندھن ہے۔

891. Death is the gate of life.

۸۹۱- موت زندگی کا دروازہ ہے۔

892. Death alone reveals how insignificant are the paltry bodies of men.

۸۹۲- موت سے ہی پتہ چلتا ہے کہ انسان کتنا حقیر ہے۔

893. Death is rest from labour and miseries.

۸۹۳- موت سب تکلیفات سے چھٹکارہ ہے۔

894. Death and life are in the hands of the tongue.

۸۹۴- زندگی اور موت کا انحصار زبان پر ہے۔

895. Death comes even to the monumental

stones and the names inscribed thereon.

۸۹۵- موت کے پنجے سے چھٹکارا ناممکن ہے۔

896. Death's day is doomsday.

۸۹۶- آپ مرے جگ پرلو۔

897. Death is better than suspense.

۸۹۷- انتظار کی تکلیف موت سے بڑھ کر ہے۔

898. Death with friends is a festival.

۸۹۸- ہمہ یاراں دوزخ، ہمہ یاراں بہشت۔

899. Debt is the worst poverty.

۸۹۹- قرض داری بدترین مفلسی ہے۔

900. Debtors are liars.

۹۳۰- مقروض کو جھوٹا بننا پڑتا ہے۔

901. Debts make freeman slaves.

۹۳۱- مقروض آزاد بھی غلام ہے۔

902. Deceit is in haste, but honesty can stay a fair measure.

۹۳۲- دھوکہ باز بھاگنے کی کرتا ہے لیکن دیانتدار کو کیا ڈر؟

903. Deceit will not succeed long.

۹۳۳- کاٹھ کی ہنڈیا ایک ہی بار چڑھتی ہے۔

904. Deceiving a deceiver is no knavery.

۹۳۴- جیسے کو تیسا!

905. Deeds are males and words are females.

۹۳۵- مرد کام کرتے ہیں عورتیں باتیں بناتی ہیں۔

906. Deeds make the old man.

٦۳٦- بڑھاپا جوانی کی غلط کاریوں کا خمیازہ ہے۔

897. Deep rivers flow in silence.

۸۹۷- دھیرا سو گھمبیرا!

898. Delays are dangerous.

۸۹۸- آج کا کام کل پر مت چھوڑو!

899. Delays increase desires and sometimes extinguish them.

۸۹۹- دیر شوق بڑھاتی ہے لیکن بعض اوقات بجھاتی بھی ہے۔

900. Deliberate slowly, execute promptly.

۹۰۰- دھیرے سے کر سوچ بچار پھرتی سے کر کار!

901. Deliberating is not delaying.

۹۰۱- سوچنا وقت ضائع کرنا نہیں ہے۔

902. Dependance is but a poor trade.

۹۰۲- اوروں کے سر گزارہ کب تک؟

903. Desert and reward seldom keep company.

۹۰۳- لیاقت والوں کو ہمیشہ ہی انعام نہیں ملتا۔

904. Despair doubles our force.

۹۰۴- زندگی سے مایوس ہونے پر کمزور آدمی شیر کا مغز نکال لیتا ہے۔

905. Despair not only aggravates our misery, but our weakness.

۹۰۵- مایوسی صرف تکلیف ہی نہیں بڑھاتی بلکہ کمزوری میں بھی اضافہ کرتی ہے۔

906. Despair loses all.

۹۰۶- ہمیں کبھی ناامید نہیں ہونا چاہئے۔

907. Desperate diseases have desperate remedies.

۹۰۷- گہرے گھاؤ کا گہرا علاج۔

908. Despise not your enemy.

۹۰۸- دشمن کو حقیر نہ جانو!

909. Destiny leads the willing but drags the unwilling.

۹۰۹- قسمت کرے یاوری ان کی باندھیں جو ہمت کی کمر
نچائے یہ انہیں ناچ جو نہ ہمت سے ہو بہرہ ور

910. Destiny will find out a way.

۹۱۰- پیش وہی آنی ہے جو کچھ پیشانی میں ہے۔

911. Detractors are their own foes and the

world's enemies.

۹۱۱- بد گو اپنے بیری دنیا کے دشمن-

912. Devotion has mastered the hard way.

۹۱۲- ریاضت سے کیا کچھ نہیں ہو سکتا؟

913. Devise not evil against thy neighbour.

۹۱۳- پڑوسی کا بُرا مت چاہو!

914. Diamonds cuts diamonds.

۹۱۴- زہر کو زہر اتارتا ہے-

915. Diet curses more than the lancet.

۹۱۵- ایک پرہیز سو علاج!

916. Different sores must have different salves.

۶۴۶- جیسی بیماری ویسی دواء-

917. Difficulties give way to diligence.

۹۱۷- محنت سے مصیبت بھاگتی ہے-

918. Diffidence is the right eye of prudence.

۹۱۸- احتراز دانائی کی دائیں آنکھ ہے-

919. Dignity grows more easily than it obtains a beginning.

۹۱۹- بھرے کو سب بھرتے ہیں-

920. *Diligence is a great teacher.*

۹۲۰- محنت سے کیا نہیں سیکھا جا سکتا؟

921. *Dirt dirtiest upon the fairest spot.*

۹۲۱- صاف جگہ پر میلا بہت ہی میلا لگتا ہے-

922. *Diligence is the mother of good fortune.*

۹۲۲- محنت دولت کی ماں ہے-

923. *Dirty water does not wash clean.*

۹۲۳- بُرے سے بھلائی کی امید؟

924. *Discover not a secret to another.*

۹۲۴- کسی سے بھید مت کہو-

925. *Discreet women have neither eyes nor ears.*

۹۲۵- سمجھدار عورتیں فضول باتیں نہ دیکھتی ہیں نہ سنتی ہیں-

926. *Discretion is the better part of valour.*

۹۲۶- بہادری عقلمندی کے بغیر بیکار-

927. *Disgrace are like cherries - one draws another.*

۹۲۷- مصیبت کبھی تنہا نہیں آتی!

928. *Diseases are the interest of pleasure.*

۹۲۸- بیماری عیش و عشرت کا سود ہے۔

929. *Dissimulation brings forth errors, which ensnare the dissembler himself.*

۹۲۹- چارہ کُن را چاہ در پیش۔

930. *Displease none if you can avoid it.*

۹۳۰- جہاں تک ہو سکے کسی کو ناخوش نہ کرو۔

931. *Distant drums sound well.*

۹۳۱- دور کے ڈھول سہانے۔

932. *Dishonour is worse than death.*

۹۳۲- ذلت کا جینا مرنے سے بدتر ہے۔

933. *Diversity of humour breedeth tumours.*

۹۳۳- مختلف مزاجوں میں اتفاق نہیں ہو سکتا۔

934. *Do all things as someone were watching.*

۹۳۴- خدا حاظر و ناظر ہے۔

935. *Do as I say, not as I do.*

۹۳۵- کہنا اَور کرنا اَور!

936. *Do as most men do and men will*

speak well of thee.

۹۳۶- دوسروں کی تقلید کرنا ہردل عزیزی کا راز ہے-

937. Do as you would be done by.

۹۳۷- جیسا اپنے ساتھ چاہو ویسا سلوک دوسروں کے ساتھ کرو-

938. Do good and forget.

۹۳۸- نیکی کر دریا میں ڈال!

939. Do good and care not to whom.

۹۳۹- نیکی اور پوچھ پوچھ-

940. Do good and then do it again.

۹۴۰- سو بار نیکی کر!

941. Do not add fire to fire.

۹۴۱- جلتی آگ پر تیل مت ڈالو!

942. Do not argue against the sun.

۹۴۲- زبردست سے بحث کرنا فضول ہے-

943. Do not believe any one about yourslef more than yourslef.

۹۴۳- تمہاری بابت تم سے بہتر کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا-

944. Do not attempt to rival the powerful.

۹۴۴- زبردست سے ٹکر لینا ناروا ہے-

945. Do not be in a hurry to tie what you cannot untie.

۹۴۵- ایسا کام کرنے میں جلدی نہ کرو جس کا بعد میں افسوس ہو-

946. *Do not cry before you are hurt.*

۹۴۶- بن مارے کی توبہ- قبل از مرگ واویلا-

947. *Do not do a favour to a bad man; it is like sowing your seed in the sea.*

۹۴۷- بُرے سے بھلائی کرنا بے وقوفی ہے-

948. *Do not what is already done.*

۹۴۸- پسے ہوئے کو پیسنے سے حاصل؟

949. *Do not disturb an evil which is well buried.*

۹۴۹- سوتے فتنے کو مت جگاؤ-

950. *Do not believe those who praise you.*

۹۵۰- خوشامدی کا یقین نہ کرو-

951. *Do not do today what you will repent of tomorrow.*

۹۵۱- آج ایسا کوئی کام نہ کرو جس پر کل پچھتانا پڑے-

952. *Do not give a sword to a child.*

۹۵۲- بچے کے ہاتھ میں چاقو مت دو-

953. *Do not go to the council-hall before you are called.*

۹۵۳- بے طلب کئے مشورہ دینا مناسب نہیں-

954. Do not expect friends to do for you what you can do for yourslef.

۹۵۴- اپنا کام دوسروں پر نہ چھوڑو۔

955. Do not effusively offer your right hand to everyone.

۹۵۵- ہر ایک کا دوست بننے کی کوشش مت کرو۔

956. Do not give me words instead of meal.

۹۵۶- خالی باتوں سے بھی کہیں پیٹ بھرتا ہے۔

957. Do not flee conversation, nor let your door be always shut.

۹۵۷- نہ تو باتونی بنو اور نہ ہی کم گو۔

958. Do not fight against two adversaries.

۹۵۸- ایک وقت میں دو دشمنوں کا مقابلہ نہ کرو!

959. Do not entrust your all to one vessel.

۹۵۹- سارا روپیہ ایک ہی گھوڑے پر نہ لگاؤ۔

960. Do evil and look for like.

۹۶۰- بُرا کر بُرا ہو۔

961. Do not judge the horse by the harness.

۹۶۱- دکھاوے پر مت جاؤ!

962. Do not keep a dog and bark yourslef.

۹۶۲- نوکر رکھ کر خود جھاڑو دینا-

963. Do not lose the time in praying.

۹۶۳- ہمت مرداں مددِ خدا-

964. Do not lose your friend for your jest.

۹۶۴- ایسا مذاق نہ کرو جو دوست کو ناگوار گزرے-

965. Do not play with edged tools.

۹۶۵- کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے-

966. Do not pluck the beard of a dead lion.

۹۶۶- مرے کو مارنا حد درجہ ذلالت ہے-

967. Do not poke into the rest of hornets.

۹۶۷- بھڑوں کے چھتے کو مت چھیڑو-

968. Do not pull all your eggs in one basket.

۹۶۸- سارے انڈے ایک ہی ٹوکری میں مت رکھو-

969. Do not put the saddle on the wrong horse.

۹۶۹- الٹا کام مت کرو!

970. Do not quarrel vehemently about other people's business.

۹۷۰- دوسروں کے جھگڑے میں اپنا سر گنوانا۔

971. Do not reckon your chickens before they are hatched.

۹۷۱- انڈے ٹوٹنے سے پہلے چوزے مت گنو!

972. Do not rob Peter to pay Paul.

۹۷۲- چوری کر کے خیرات کرنا۔

973. Do not run up against hungry man.

۹۷۳- بھوکا شیر خطرناک ہوتا ہے۔

974. Do not sing your triumph before you have conquered.

۹۷۴- فتح سے پہلے ڈھول بجانا۔

975. Do not take the antidote before the poison.

۹۷۵- قبل از مرگ واویلا۔

976. Do not talk Arabic in the house of a Moor.

۹۷۶- جاہل سے عالمانہ باتیں کرنا فضول۔

977. Do not throw away the water you have before you have obtained more.

۹۷۷- آئندہ کی امید پر کوئی چیز بھی ضائع نہیں کرنی چاہئے۔

978. Do not tie asses with horses.

۹۷۸- گدھے گھوڑے ایک نہ کرو۔

979. Do not trust to appearance.

۹۷۹- شکل و صورت پر مت جاؤ۔

980. Do that which is right and let come what come may.

۹۸۰- حق کی راہ پر چلو اور کسی کی پرواہ مت کرو۔

981. Do well and aoubt no men.

۹۸۱- بھلا کرو اور تم پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے۔

982. Do ill and doubt all men.

۹۸۲- چور کو سبھی چور نظر آتے ہیں۔

983. Do well and have well.

۹۸۳- کر بھلا ہو بھلا۔ ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہیے ویسی سنیے۔

984. Do you grow gentler and better as old age creeps on?

۹۸۴- بڑھاپے کے ساتھ آدمی حلیم طبع اور نیک ہو جاتا ہے۔

985. Do you wish never to be sad? Live rightly.

۹۸۵- غم سے دور رہنا چاہتے ہو تو حق کی راہ چلو۔

986. Dog does not eat dog.

۹۸۶- کتا کتے کا بیری نہیں ہوتا۔

987. Dogs never go into mourning when

a horse dies.

۹۸۷- تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔

988. Doing nothing is doing ill.

۹۸۸- خالی بیٹھے شیطانی سوجھے۔

989. Draw not thy bow before the arrow be fixed.

۹۸۹- کچی فصل کاٹنا نادانی ہے۔

990. Draw strength from weakness.

۹۹۰- کمزوری سے طاقت حاصل کرنی چاہئے۔

991. Dread and affection never exist together.

۹۹۱- خوف اور محبت کبھی یکجا نہیں رہتے۔

992. Dress slowly when you are in a hurry.

۹۹۲- تیزی میں معاملہ بگڑ بھی جاتا ہے۔

993. Dring nothing without seeing it; sign nothing without reading it.

۹۹۳- ہر کام سوچ سمجھ کر کرو۔

994. Drop by drop the sea is drained.

۹۹۴- بوند بوند کرکے تالاب خالی ہو جاتا ہے۔

995. Drown not thyself to save a

drowing man.

۹۹۵- دوسرے کی جان بچانے کے لئے اپنی جان گنواؤ۔

996. Dry bread at home is better than roast meat abroad.

۹۹۶- باہر کی چکنی چپڑی سے گھر کی روکھی سوکھی بھلی۔

997. Dry shoes won't catch fish.

۹۹۷- محنت کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

998. Dumb dogs are dangerous.

۹۹۸- جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔

999. Dumb folks get no lands.

۹۹۹- جو مانگے سو پائے۔

1000. Durability is better than decoration.

۱۰۰۰- نمائش سے پائیداری بہتر ہے۔

1001. Dying is as natural as living.

۱۰۰۱- مرنا برحق ہے۔

E

1002. Each bird loves to hear himself sing.

۱۰۰۲- اپنے کو کون بڑا نہیں سمجھتا۔

1003. Each day brings its own bread.

۱۰۰۳- نیا دن، نئی روزی-

1004. Each man makes his own shipwreck.

۱۰۰۴- ہر شخص خود ہی اپنی تباہی کا باعث بن جاتا ہے-

1005. Eagles catch no flees.

۱۰۰۵- جس کا کام اسی کو ساجے-

1006. Early birds pick up worms.

۱۰۰۶- پہلے مارے سو میری-

1007. Early ripe, early rotten.

۱۰۰۷- جلدی پکا جلدی سڑا-

1008. Early sow, early mow.

۱۰۰۸- اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے-

1009. Early start makes easy stages.

۱۰۰۹- وقت پر کام شروع کرنے میں آسانی رہتی ہے-

1010. Early to bed and early to rise, makes a man healthy, wealthy and wise.

۱۰۱۰- جلدی سونا اور جلدی اٹھنا انسان کو صحت، دولت اور عقل سے نوازتا ہے-

1011. Early up, and never the nearer.

۱۰۱۱- کوشش بھی کی اور کام بھی نہ بنا۔

1012. Earth is the best shelter.

۱۰۱۲- چین تو قبر ہی میں نصیب ہو گا۔

1013. Earth's joys and heaven's combined.

۱۰۱۳- آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔

1014. Ease and honour are seldom bed fellows.

۱۰۱۴- بڑے آدمی کو ہزاروں فکر لگے رہتے ہیں۔

1015. Easier said than done.

۱۰۱۵- کہنے سے کرنا مشکل ہے۔

1016. East and west, home is best.

۱۰۱۶- پورب یا پچھم۔ گھر ہے اتم۔ جو سُکھ چبارے بلخ نہ بخارے۔

1017. Eat a bit before you drink.

۱۰۱۷- پینے سے پہلے تھوڑا سا کھا لینا چاہئے۔

1018. Eat and drink measurely and delay the medicines.

۱۰۱۸- کھانے پینے میں پرہیز حکیم کو دور رکھتا ہے۔

1019. Eat to live, but do not live to eat.

۱۰۱۹- زندگی کا مقصد عیش و عشرت نہیں۔

1020. Education begins a gentleman, conversation completes him.

۱۰۲۰- تکلم اور شیریں زبان کے بغیر تعلیم ادھوری رہتی ہے-

1021. Education is a possession which cannot be taken away.

۱۰۲۱- علم چرایا نہیں جا سکتا-

1022. Either a tranquil life or a happy death.

۱۰۲۲- آسودہ زندگی یا شاد موت-

1023. Either do not attempt at all or go through with it.

۱۰۲۳- یا تو شروع ہی نہ کرو یا پورا کر کے چھوڑو-

1024. Either Caesar or nobody.

۱۰۲۴- یا شاہ یا گدا- یا عید یا روزہ-

1025. Either I will find a way or make one.

۱۰۲۵- مصمم ارادے کے سامنے مشکلات نہیں رکتیں-

1026. Either to conquer to die.

۱۰۲۶- تخت یا تختہ-

1027. Employment is enjoyment.

۱۰۲۷- بیکار کی زندگی بدمزہ-

1028. Empty vessel makes the most noise.

۱۰۲۸- تھوتھا چنا باجے گھنا۔

1029. Empty words buy no barley.

۱۰۲۹- خالی باتوں سے کام نہیں چلتا۔

1030. Emulation is a virtue.

۱۰۳۰- رشک کرنا خوبی ہے۔

1031. Endure this evil lest a worse come up on you.

۱۰۳۱- ہر حال میں شکر لازم ہے۔

1032. Endless money forms the sinews of war.

۱۰۳۲- زر و دولت لڑائی کے ہتھیار ہیں۔

1033. Endure a rival with patience.

۱۰۳۳- دوسروں کو دیکھ کر مت جلو۔

1034. Enemies may serve for witnesses as well as friends.

۱۰۳۴- اگر وکیل ہوشیار ہو تو گواہانِ مخالف سے ویسی ہی شہادت دلوا سکتا ہے جیسی کہ گواہانِ موافق سے۔

1035. Enjoy your own lot.

۱۰۳۵- خدا کے دیئے پر قناعت کرو۔

1036. Enough is as good as a feast.

۱۰۳۶- کافی سو وافی!

1037. Enquire not what's in another's pot.

۱۰۳۷- اپنے کام سے کام!

1038. Envy does not enter an empty house.

۱۰۳۸- کنگال سے حسد کیا؟

1039. Envy has no holidays.

۱۰۳۹- حاسد کو چین کہاں؟

1040. Envy is more irreconcilable than hatred.

۱۰۴۰- نفرت کی نسبت حسد کو مغلوب کرنا مشکل ہے۔

1041. Envy never eriched any man.

۱۰۴۱- حسد سے کون دولت مند بنا ہے؟

1042. Envy seeks the highest thing.

۱۰۴۲- کونسا صاحب مرتبت ہے جس کے حاسد نہیں؟

1043. Errors and omissions excepted.

۱۰۴۳- بھول چوک لینی دینی۔

1044. Error is always in haste.

۱۰۴۴- شتابی میں خرابی ہے۔

1045. Error is endless.

۱۰۴۵- غلطی میں غلطی!

1046. Even a fly hath its spleen.

۱۰۴۶- غصہ کس کو نہیں آتا؟

1047. Even a single hair has its own shadow.

۱۰۴۷- چھوٹی سے چھوٹی چیز کی بھی قیمت ہوتی ہے؟

1048. Even fools speak to the purpose.

۱۰۴۸- دیوانہ بکار خویش ہشیار-

1049. Even Aesop has no remedy for obsessions.

۱۰۴۹- وہم کی دوا حکیم لقمان کے پاس بھی نہ تھی-

1050. Even a small work needs a big appliance.

۱۰۵۰- لومڑی کے شکار کو بھی شیر کا سامان چاہئے-

1051. Even death does not come on asking.

۱۰۵۱- منہ مانگی موت بھی نہیں ملتی-

1052. Even ill-luck is good for something in a wise man's head.

۱۰۵۲- دانا آدمی مصیبت سے بھی ایک نہ ایک فائدہ اٹھالیتا ہے-

1053. Even in a village of eight there is a patriot.

۱۰۵۳- محب وطن کہاں نہیں ہوتے؟

1054. Even laughter is an injury to one who has suffered great loss.

۱۰۵۴- غم کے مارے کو ہنسی بھی بری لگتی ہے۔

1055. Even the lion must defend itself against the flies.

۱۰۵۵- شیر کو بھی مکھیوں سے بچاؤ کرنا پڑتا ہے۔

1056. Even when the wound is healed the scar remains.

۱۰۵۶- گھاؤ کا نشان نہیں مٹتا۔

1057. Every animal loves itself.

۱۰۵۷- اپنے کو کون نہیں چاہتا۔

1058. Every advantage brings its disadvantage.

۱۰۵۸- پھول کے ساتھ کانٹا۔

1059. Every beginning is cheerful.

۱۰۵۹- شروع میں ہر کام آسان ہوتا ہے۔

1060. Even walls have ears.

۱۰۶۰- دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

1061. Every bird known by its note.

۱۰۶۱- انسان اپنی گفتگو سے پہچانا جاتا ہے۔

1062. Every bird must hatch her own egg.

۱۰۶۲- اپنا کام خود ہی کرنا پڑتا ہے۔

1063. Every bird thinks its own nest charming.

۱۰۶۳- اپنی چیز سب کو بھاتی ہے۔

1064. Everybody's business is nobody's business.

۱۰۶۴- ساجھے گھوڑے کے کون جڑے نعل۔

1065. Every cloud has a silver lining to it.

۱۰۶۵- برے دنوں کے بعد اچھے دن ضرور آتے ہیں۔

1066. Every cock can crow on his own dunghill.

۱۰۶۶- اپنی گلی میں کتا بھی شیر۔

1067. Every country has its custom.

۱۰۶۷- جہاں جاؤ گے جدا رسم و رواج پاؤ گے۔

1068. Every couple is not a pair.

۱۰۶۸- ضروری نہیں ہر شادی خانہ آبادی بھی ہو۔

1069. Every day brings its work.

۱۰۶۹- نیا دن نیا کام!

1070. Every day hath its night.

۱۰۷۰- رنج و راحت توام ہے۔

1071. Every day is not Sunday.

۱۰۷۱- ہر روز عید نہیں۔

1072. Every deed is to be judged by the doer's intention.

۱۰۷۲- خدا نیت دیکھتا ہے۔

1073. Every dog has his day.

۱۰۷۳- کوڑھی کے بھی دن پھرتے ہیں۔

1074. Every dog is a lion at home.

۱۰۷۴- اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے۔

1075. Every door may be shut but death's door.

۱۰۷۵- موت کا دروازہ کبھی بند نہیں ہوتا۔

1076. Every error is not to be called folly.

۱۰۷۶- غلطی کس سے نہیں ہوتی؟

1077. Every evil thing is easily stifled at its birth; allowed to become old it generally become too powerful.

۱۰۷۷- گربہ کشتن روزِ اول۔

1078. Every flatterer lives at the expense of the person who listen to him.

۱۰۷۸- خوشامدی خوشامد پسندوں کے خرچ پر جیتے ہیں۔

1079. Every fool can find faults which a

wise man cannot remedy.

۱۰۷۹- نکتہ چینی آسان ہے۔

1080. Every generation needs regeneration.

۱۰۷۰- ہر نسل میں نقائص ہوتے ہیں۔

1081. Every good scholar is not a good schoolmaster.

۱۰۸۱- ہر مفکر و دانشور اچھا استاد نہیں ہو سکتا۔

1082. Every heart knows its bitterness.

۹۸۲- کونسا گلزار ہے جس میں خزاں آئی نہ ہو۔

1083. Every hill has its valley.

۱۰۸۳- ہر کمالے را زوال!

1084. Every horse thinks his own pack heaviest.

۱۰۸۴- اپنا بار سب کو گراں لگتا ہے۔

1085. Every inch of joy has an ell of alloy.

۱۰۸۵- خوشی کے ساتھ غم وابستہ ہے۔

1086. Every land is his native land to a brave man.

۱۰۸۶- بہادر کی ہر جگہ عزت ہوتی ہے۔

1087. Every insane person believes other

people to be mad.

۱۰۸۷- پاگل کو سب پاگل ہی لگتے ہیں۔

1088. Every land does not produce everything.

۱۰۸۸- ہر ملک کی پیداوار جدا جدا ہے۔

1089. Every law has a loophole.

۱۰۸۹- ء ہر قانون میں نقص ہوتے ہیں۔

1090. Every light has its shadow.

۱۰۹۰- چراغ تلے اندھیرا۔

1091. Every light is not the sun.

۱۰۹۱- ہر جگنو تارا نہیں ہوتا۔

1092. Every little helps.

۱۰۹۲- تھوڑے کو حقیر نہ جانو!

1093. Every man can tame a shrew except he that hath her.

۱۰۹۳- دوسرے کا کام سب کو آسان نظر آتا ہے۔

1094. Every man for himself.

۱۰۹۴- اپنی مدد آپ کرو۔

1095. Every man has his weak side.

۱۰۹۵- عیب سے کون پاک ہے۔

1096. Every man hath his ill day.

۱۰۹۶- مصیبت کس پر نہیں آتی-

1097. Every man is little world.

۱۰۹۷- ہر شخص کی دنیا نرالی ہے-

1098. Every man is either a fool or a physician after thirty years of age.

۱۰۹۸- تیس برس کی عمر کے بعد آدمی یا تو بے قوف ثابت ہوتا ہے یا حکیم بن جاتا ہے-

1099. Every man is his own enemy.

۱۰۹۹- انسان آپ ہی اپنا دشمن ہے-

1100. Every man is the son of his own works.

۱۱۰۰- سب کو اپنے کیے کا پھل ملتا ہے-

1101. Every man must carry his own cross.

۱۱۰۱- بانٹ لے کوئی کسی کا درد یہ ممکن نہیں-

1102. Every man praises his own wares.

۱۱۰۲- اپنی چیز کی ہر کوئی تعریف کرتا ہے-

1103. Every man remembers his own interests.

۱۱۰۳- ہر شخص اپنا فائدہ سوچتا ہے-

1104. Every man thinks his own geese

swans.

۱۱۰۴- اپنا نینگر پرایا ڈھینگر-

1105. Every man to his taste.

۱۱۰۵- ہر شخص کا مزاج مختلف ہوتا ہے-

1106. Every man to his trade.

۱۱۰۶- جس کا کام اسی کو ساجے-

1107. Every man is most skillful in his own business.

۱۱۰۷- ہر شخص اپنے کام میں نہایت ہوشیار ہوتا ہے-

1108. Every man is blind in his own cause.

۱۱۰۸- اپنے نفع کے لئے انسان کیا کچھ نہیں کرتا؟

1109. Every man's home is his safest place of refuge.

۱۱۰۹- اپنا مکان کوٹ سمان-

1110. Every medal has its reverse side.

۱۱۱۰- ہر تصویر کے دو رُخ ہوتے ہیں-

1111. Every miller draws water to his own mill.

۱۱۱۱- اپنا بھلا سبھی چاہتے ہیں-

1112. Every people hath its prophet.

۱۱۱۲- پیغمبر سب جگہ ہوتے ہیں۔

1113. Every potter boasts of his own pot.

۱۱۱۳- اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا۔

1114. Every reed will not make a pipe.

۱۱۱۴- ہر ایک بانس سے بانسری نہیں بن سکتی۔

1115. Every rise has a fall.

۱۱۱۵- ہر کمالے را زوالے۔

1116. Every shoe fits not every foot.

۱۱۱۶- ہر بات کے لئے الگ موقع ہوتا ہے۔

1117. Every sin brings its punishment with it.

۱۱۱۷- گناہ کی سزا مل کر رہتی ہے۔

1118. Every slip is not a fall.

۱۱۱۸- مرد وہ ہے جو ٹھوکر کھا کر سنبھل جائے۔

1119. Every tub must stand upon its own bottom.

۱۱۱۹- اپنا توشہ اپنا بھروسہ۔

1120. Every vice hath its cloack.

۱۱۲۰- ہر عیب کے لئے پردہ ہوتا ہے۔

1121. Every white hath its black, and every sweets its sour.

۱۱۲۱- یکساں نہیں رہتا ہے زمانہ کسی کا۔

1122. Every why has a wherefore.

۱۱۲۲- ہر بات کی کوئی وجہ ہوتی ہے۔

1123. Every wrong is avenged on earth.

۱۱۲۳- یہاں سودا نقد بنقد ہے۔

1124. Everybody is wise after the event.

۱۱۲۴- موقع کے بعد عقل کس کو نہیں آجاتی؟

1125. Everybody's business is nobody's business.

۱۱۲۵- ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹتی ہے۔

1126. Everybody's friend is nobody's.

۱۱۲۶- سب کا ساتھی کس کا میت؟

1127. Everyone bows to the bush that shelters him.

۱۰۰۷- جس سے مطلب نکلے یار- اسی کا گن گانا۔

1128. Everyone can find fault, few can do better.

۱۱۲۸- نکتہ چینی آسان کام کرنا مشکل۔

1129. Everyone fastens where there is gain.

۱۱۲۹- مطلب کا یار زمانہ!

1130. Everyone is kin to the rich man.

۱۱۳۰- جس کی جیب میں پیسہ اس کے سب-

1131. Everyone is the maker of his own fate.

۱۱۳۱- قسمت اپنے بنائے بنتی ہے-

1132. Everyone is witty for his own purpose.

۱۱۳۲- اپنے مطلب کو سب ہوشیار-

1133. Everyone is want to praise him who is no more.

۱۱۳۳- جو مر چکا ہے اس کی سب تعریف کرتے ہیں-

1134. Everyone knows best where the shoe pinches.

۱۱۳۴- جس کے پیر نہ پھٹی بوائی- وہ کیا جانے پیڑ پرائی-

1135. Everyone knows his own interest well.

۱۱۳۵- ہر شخص اپنے مطلب کو پہچانتا ہے-

1136. Everyone puts his fault on the times.

۱۱۳۶- قصور اپنا ہو کوئی لگائے الزام زمانے کو-

1137. Everyone should sweep before his own door.

۱۱۳۷- اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو-

1138. Everyone talks of what he loves.

۱۱۳۸- جو دل کو بھائے وہی زبان پر آئے-

1139. Everyone is eloquent in behalf of his own cause.

۱۱۳۹- اپنے مطلب میں سب بڑھ چڑھ کر بولتے ہیں-

1140. Everyone thinks himself able to advise others.

۱۱۴۰- اپنی عقل اور پرائی دولت سب کو بہت نظر آتی ہے-

1141. Every one who dances is not happy.

۱۱۴۱- معلوم کیا کسی کو دردِ نہاں ہمارا-

1142. Every one's faults are not written in their foreheads.

۱۱۴۲- عیب ماتھے پر نہیں لکھے ہوتے-

1143. Everything ancient is to be respected.

۱۱۴۳- پرانی چیز کی قدر کرنی چاہئے-

1144. Everything beautiful is lovable.

۱۱۴۴- خوبصورتی کس کو پیاری نہیں-

1145. Everything hath an end.

۱۱۴۵- ہر چیز فانی ہے-

1146. Everything appears yellow to the jaundiced eye.

۱۱۴۶- ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا نظر آتا ہے-

1147. Everything becomes easy by force of habit.

۱۱۴۷- کام کو کام سکھاتا ہے-

1148. Everything can be endured except case.

۱۱۴۸- بیکاری برداشت نہیں ہوتی-

1149. Everything comes to them who wait.

۱۱۴۹- صبر کا پھل میٹھا-

1150. Everything goes to him who wants nothing.

۱۱۵۰- بن مانگے موتی ملیں- مانگے ملے نہ بھیک-

1151. Everything is as you take it.

۱۱۵۱- جیسا سمجھو ویسا ہو-

1152. Everything is dear to its parents.

۱۱۵۲- اپنے بچے کس کو پیارے نہیں لگتے؟

1153. Everything is good for something.

۱۱۵۳- دنیا میں کوئی چیز فائدے سے خالی نہیں-

1154. Everything is good in its season.

۱۱۵۴- ہر چیز اپنے وقت پر اچھی لگتی ہے-

1155. Everything must have a beginning.

۱۱۵۵- ہر چیز کا آغاز ہوتا ہے-

1156. Everything new is fine.

۱۱۵۶- نئی چیز مَن کو بھاوے-

1157. Everything passes away except what is well done.

۱۱۵۷- نیکی ہمیشہ زندہ رہتی ہے-

1158. Evil comes of omission as well as commission.

۱۱۵۸- بعض کاموں کے کرنے اور بعض کے نہ کرنے میں برائی ہے-

1159. Evil gains are so ruin.

۱۱۵۹- بے ایمانی تباہی کا باعث ہوتی ہے-

1160. Evil communications corrupt good manners.

۱۱۶۰- کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ بھی کالے منہ بھی کالا-

1161. Everything which is unknown is taken for magnificent.

۱۱۶۱- دُور کے ڈھول سہانے-

1162. Everywhere the poor man is despised.

۱۱۶۲- غریب ہر جگہ خوار-

1163. Evil beginnings have bad endings.

۱۱۶۳- آغاز بد انجام بد-

1164. Evil-doers never lack excuses.

۱۱۶۴- بدکار کو بہانے بہتیرے-

1165. Evil examples are contagious.

۱۱۶۵- برائی پر لگ کر اڑتی ہے-

1166. Evil is soon believed.

۱۱۶۶- بُری افواہ پر لوگوں کو جلد اعتبار آجاتا ہے-

1167. Example is better than precept.

۱۱۶۷- نصیحت سے تمثیل بہتر ہے-

1168. Excellent with his tongue, but his right hand remiss in the battle.

۱۱۶۸- باتوں میں ہوشیار کام میں خوار-

1169. Excess in nothing this I regard as a principal of the highest value in life.

۱۱۶۹- بداعتدالی نہ کرو یہ زندگی کا بہترین مقولہ ہے-

1170. Excess of delight palls appetite.

۱۱۷۰- زیادہ خوشی میں کھانا نہیں سُوجھتا-

1171. Except no good in return.

۱۱۷۱- نیکی کر دریا میں ڈال-

1172. Exchange is no robbery.

۱۱۷۲- قوموں میں تجارت و تبادلہ سے فریقین کو یکساں فائدہ ہوتا ہے۔

1173. Expedition is the soul of business.

۱۱۷۳- پھُرتی کاروبار کی جان ہے۔

1174. Experience comes with ripe years.

۱۱۷۴- تجربہ دھوپ میں بال سفید کرنے سے نہیں آتا۔

1175. Experience is a precious gift, only given a man when his hair is gone.

۱۱۷۵- تجربہ ایک قیمتی چیز ہے جو بڑھاپے میں ملتا ہے۔

1176. Experience cannot be bought.

۱۱۷۶- تجربہ مول نہیں ملتا۔

1177. Experience cannot be bought too cheap.

۱۱۷۷- تجربہ آسانی سے حاصل نہیں ہوتا۔

1178. Experience makes a ready man.

۱۱۷۸- تجربہ انسان کو قابل بنا دیتا ہے۔

1179. Experience without learning is better than learning without experience.

۱۱۷۹- علم بے عمل سے عمل بے علم بہتر ہے۔

1180. Extreme justice is often extreme

injustice.

۱۱۸۰- انصاف میں بھی نرمی ضروری ہے۔

1181. Extremes are dangerous.

۱۱۸۱- انتہاپسندی بداعتدالی خطرناک ہے۔

F

1182. Facts are stubborn things.

۱۱۸۲- سچائی چھُپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے۔

1183. Failure teaches success.

۱۱۸۳- ٹھوکر کھا کر عقل آتی ہے۔

1184. Faint praise is disparagement.

۱۱۸۴- بے دلی کی تعریف بُرائی کے برابر۔

1185. Faith sees by the ears.

۱۱۸۵- اگر اعتقاد ہو تو کان سے سُنی بات دل میں جگہ پا جاتی ہے۔

1186. Fair and softly goes far in a day.

۱۱۸۶- خوشامدی مطلب جلد نکال لیتا ہے۔

1187. Fair feathers make fair fowls.

۱۱۸۷- اچھے لباس سے خوامخواہ بھلا مانس لگتا ہے۔

1188. Fair words make fool pleased.

۱۱۸۸- خوشامد دل کو موہ لیتی ہے۔

1189. Faithfulness and sincerity are the highest things.

۱۱۸۹- صداقت اور وفاداری سب سے افضل ہیں-

1190. Faithful to the funeral urn.

۱۱۹۰- آخری دم تک کا ساتھی-

1191. Fair battle leaves no bitterness behind.

۱۱۹۱- لڑائی کے وقت اگر کوئی ممنوع فعل سرزد نہ ہو تو صلح کے بعد دلوں میں کدورت نہ رہے گی-

1192. Fall not out with a friend for a trifle.

۱۱۹۲- دوست سے ذرا سی بات پر لڑ بیٹھنا مناسب نہیں-

1193. False folk should have many witnesses.

۱۱۹۳- سچے کو گواہ کی ضرورت نہیں-

1194. False in one particular, false in every particular.

۱۱۹۴- ایک بات میں جھوٹا سب باتوں میں جھُوٹا-

1195. False friends are worse than bitter enemies.

۱۱۹۵- جھوٹے دوستوں سے جانی دشمن بہتر-

1196. Falsehood, though it seems

profitable, will hurt you; truth though it seems hurtful, will profit you.

۱۱۹۶- جھوٹ گو فائدہ مند معلوم ہو نقصان پہنچائے گا لیکن سچ اگرچہ ظاہر میں نقصان دہ نظر آئے دراصل فائدہ مند ثابت ہو گا-

1197. Falsehood never made a fair hinder end.

۱۱۹۷- جھوٹ کا انجام کبھی اچھا نہیں ہوتا-

1198. Fame is a magnifying glass.

۱۱۹۸- شُہرت محدب شیشہ ہے-

1199. Familiarity breeds contempt.

۱۱۹۹- قدر کھوتا ہے ہر روز کا آنا جانا-

1200. Fancy surpasses beauty.

۱۲۰۰- جسے پیا چاہے وہی سہاگن ہوئے-

1201. Fanned fires and forced love never did well.

۱۲۰۱- بن سُلگی آگ اور زبردستی کی محبت آخر کب تک؟

1202. Far away fowls have fair feathers.

۱۲۰۲- دُور کے ڈھول سہانے-

1203. Far from court, far from care.

۱۲۰۳- شاہوں سے دُور رہنا ہی اچھا-

1204. Far from home is near to harm.

۱۱۹۴- گھر سے دُور جان کو خطرہ-

1205. Far from Juno, far from his thunder.

۱۲۰۵- آگ سے دور، گرمی سے بچاؤ-

1206. Far, shooting never killed a bird.

۱۲۰۶- دور کا نشانہ عموماً چوک جاتا ہے-

1207. Far off cows have long horns.

۱۲۰۷- دُور کی بات بڑی لگتی ہے-

1208. Fat hens are always ill layers.

۱۲۰۸- نام بڑا درشن چھوٹے-

1209. Faults are thick when love is thin.

۱۲۰۹- محبت کم ہونے پر خوبیاں بھی عیبوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں-

1210. Faults of ignorance are excusable only when ignorance is so.

۱۲۱۰- لاعلمی کے نقائص اسی حالت میں قابلِ معافی ہیں جبکہ لاعلمی بذاتِ خود معافی کے قابل ہو-

1211. Favours unused are favour abused.

۱۲۱۱- کسی کا احسان اُٹھایا ہے تو اُس سے فائدہ اٹھاؤ-

1212. Fear keeps the garden better than the gardener.

۱۲۱۲- کھیتی خصم سیتی-

1213. Fear kills more than disease.

۱۲۱۳- بیماری کی نسبت خوف زیادہ مہلک ہے۔

1214. Fear nothing but sin.

۱۲۱۴- گناہ سے ڈر۔

1215. Feasting makes no friendship.

۱۲۱۵- سلیفے یار کس کے۔ دم لگایا اور کھسکے۔

1216. Feed sparingly and defy the physician.

۱۲۱۶- اعتدال سے کھاؤ اور حکیم چھٹاؤ۔

1217. Feed the mouth, shame the eyes.

۱۲۱۷- منہ کھائے اور آنکھیں شرمائیں۔

1218. Feeling hath no fellow.

۱۲۱۸- دیا برابر دھرم نہیں۔

1219. Few hearts that are not double; few tongues that are not cloven.

۱۲۱۹- وہ کونسا دل ہے جس میں مکاری نہیں اور وہ کونسی زبان ہے جو دو طرفہ نہیں۔

1220. Few may play with devil and win.

۱۲۲۰- آگ کے کھیلنے سے ہاتھ ضرور جل جاتا ہے۔

1221. Few men will be better than their interest bids them.

۱۲۲۱- اپنے منافع کے لئے کس کی نیت نہیں بگڑتی۔

1222. Few words are best.

۱۲۲۲- کم گوئی اچھی ہے۔

1223. Findings are keepings.

۱۲۲۳- جو پائے سو رکھے۔

1224. Fine cage does not feed the bird.

۱۲۲۴- خوبصورت قفس سے پرندے کا پیٹ نہیں بڑھ جاتا۔

1225. Fine cloth is never out of fashion.

۱۲۲۵- بڑھیا کی مانگ ہمیشہ۔

1226. Fine feathers make fine birds.

۱۲۲۶- اچھے لباس سے آدمی اچھا لگتا ہے۔

1227. Fine words dress ill deeds.

۱۲۲۷- خوشامدی سے ہمیشہ ڈرتے رہنا چاہئے۔

1228. Finish thoroughly, he said, the work you have set yourself.

۱۲۲۸- جو کام شروع کرو اس کو پورا کر کے چھوڑو۔

1229. Fire is a good servant but a bad master.

۱۲۲۹- آگ احتیاط سے استعمال کرو۔

1230. First catch your hare and then cook it.

۱۲۳۰۔ خیالی پلاؤ مت پکاؤ۔

1231. First come, first served.

۱۲۳۱۔ پہلے سو پہلے پیچھے سو پیچھے۔

1232. First comes owning and then comes lying.

۱۲۳۲۔ مقروض کو جھوٹ بولنا پڑتا ہے۔

1233. First deserve and then desire.

۱۲۳۳۔ پہلے مستحق بنو پھر مانگو۔

1234. First impressions are most lasting.

۱۲۳۴۔ خیالِ اول دیرپا ہوتا ہے۔

1235. Fish and guests smell at three days old.

۱۲۳۵۔ ایک دن مہمان دو دن مہمان تیسرے دن وبالِ جان۔

1236. Fishes follow the bait.

۱۲۳۶۔ مچھلی دانے کے پیچھے بھاگتی ہے۔

1237. Flattery brings friends, truth enemies.

۱۲۳۷۔ خوشامد بھلی لگتی ہے اور سچ برا۔

1238. Flattery sit in the parlour while plain dealing is kicked out of doors.

۱۲۳۸۔ خوشامدی کی ہر جگہ آؤ بھگت اور کھرے کو ٹھوکریں نصیب ہوتی ہیں

1239. Flee never so fast, your fortune will be at your tail.

۱۲۳۹- کہیں چلے جاؤ تقدیر تمہارا پیچھا نہیں چھوڑنے کی۔

1240. Flies are busiest about lean horses.

۱۲۴۰- کمزور کو سب سے دبنا پڑتا ہے۔

1241. Flies are easier caught with honey than with vinegar.

۱۲۴۱- جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے وہ سختی سے نہیں ہو سکتا۔

1242. Fly with your own wings.

۱۲۴۲- اپنی ذات پر بھروسہ کرنا سیکھو!

1243. Follow the river and you will find the sea.

۱۲۴۳- دریا کے ساتھ ساتھ چلنے سے سمندر تک پہنچ جاؤ گے۔

1244. Folly and learning often dwell in the same person.

۱۲۴۴- بعض عالم بھی بیوقوف ہوتے ہیں۔

1245. Folly grows without watering.

۱۲۴۵- بیوقوفی کا پودا بلا سینچے ہی بڑھتا جاتا ہے۔

1246. Folly has more fallowers than discreet.

۱۲۴۶- عقلمندوں کی نسبت بیوقوف زیادہ ہیں۔

1247. Folly is the most incurable of diseases.

۱۲۴۷- بیوقوفی کا کوئی علاج نہیں۔

1248. Foolhardiness proceeds of ignorance.

۱۲۴۸- اُجڈ پنا جہالت کا نتیجہ ہے۔

1249. Foolish men have foolish dreams.

۱۲۴۹- جیسا دماغ ویسے خیال۔

1250. Fools are pleased with their own blunders.

۱۲۵۰- بیوقوف اپنی بیوقوفی پر ہنستا ہے۔

1251. Fools are not to be numbered.

۱۲۵۱- احمقوں سے دنیا بھری پڑی ہے۔

1252. Fools are wise men in the affairs of women.

۱۲۵۲- عورتوں کے معاملہ میں بیوقوف بھی دانا ہے۔

1253. Fools ask what's o' clock wise men know their time.

۱۲۵۳- احمقوں کو کسی بات کی خبر نہیں ہوتی۔

1254. Fools bite one another, but wise

men agree together.

۱۲۵۴- احمق ایک دوسرے کے دشمن ہوتے ہیں لیکن عقلمند اتفاق کی خوبیاں جانتے ہیں-

1255. Fools build houses and wise men buy them.

۱۲۵۵- احمق کام کرتے ہیں اور عقلمند اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں-

1256. Fools go in crowds.

۱۲۵۶- احمقوں کے جھمگٹے!

1257. For a bad tongue, the scissors.

۱۲۵۷- بُری زبان کاٹ ڈالنے کے قابل ہے-

1258. For a little child a little mourning.

۱۲۵۸- تھوڑے نقصان کا زیادہ غم نہ کرو-

1259. For a morning rain leave not your journey.

۱۲۵۹- ذرا سی مشکل سے گھبرا نہ جاؤ-

1260. For a binding friendships a similarity of manners is the surest tie.

۱۲۶۰- عادات کی مطابقت دوستی کو دیرپا بناتی ہے-

1261. For life is nearer everyday to death.

۱۲۶۱- موت کا دن روز بروز قریب آرہا ہے-

1262. For long is not for ever.

۱۲۶۲- دیرپا ہونے کے معنی لافانی نہیں-

1263. For mad words deaf ears.

۱۲۶۳- بیوقوف کی بات پر دھیان نہ دو-

1264. For no one is born without faults; he is best who is beset by least.

۱۲۶۴- عیب سے کوئی پاک نہیں جس میں جتنے کم ہوں وہی اچھا-

1265. For one good deed a hundred ill deeds should be overlooked.

۱۲۶۵- ایک بھلائی کے بدلے میں سو برائیوں کو نظرانداز کردینا چاہئے-

1266. For that which is sweet, if it be often repeated is no longer sweet.

۱۲۶۶- ہر روز کی عید کا چاؤ نہیں رہتا-

1267. For there is no one whom ills cannot reach?

۱۲۶۷- مشکلات کس پر نہیں آتیں؟

1268. For the beginnings of all things are small.

۱۲۶۸- ہر بات کی ابتداء حقیر ہوتی ہے-

1269. For what purpose is fortune given me, if it is not granted me to use it?

۱۲۶۹- دولت کا کیا فائدہ اگر استعمال نہ کی جائے-

1270. *For whom does the blind man's wife paint herself.*

۱۲۷۰- اندھے کی بیوی کو بناؤ سنگھار سے کیا فائدہ؟

1271. *Forbear not sowing because of birds.*

۱۲۷۱- چوہوں کے ڈر سے گھر ہی نہ چھوڑو-

1272. *Forbidden fruit is sweetest.*

۱۲۷۲- چوری کا گڑ میٹھا لاگے-

1273. *Forced labour is better than idleness.*

۱۲۷۳- بیکار سے بیگار بھلی-

1274. *Forced love does not last.*

۱۲۷۴- زبردستی کی محبت دیرپا نہیں ہوتی-

1275. *Forced prayers are no good for the soul.*

۱۲۷۵- جھوٹے دل کی دُعا کس کام کی؟

1276. *For-talks spares after talks.*

۱۲۷۶- سوچ سمجھ کر کام کیا جائے تو بعد میں تکلیف نہیں ہوتی-

1277. *Fore-thought is better than repentance.*

۱۲۷۷- پہلے کی سوچ بچار بعد کے پچھتاوے سے بہتر ہے۔

1278. Fore-warned, fore-armed.

۱۲۷۸- خطرے سے آگاہی ہو تو انسان مقابلے کے لئے تیار رہتا ہے۔

1279. Forget other's faults by remembering your own.

۱۲۷۹- دوسروں کی عیب جوئی کرنے سے پہلے اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو۔

1280. Forgetting wrong is a mild revenge.

۱۲۸۰- غیر انصافی کی یاد بھلا دینا بمنزلہ نرم انتقام کے ہے۔

1281. Forgive any sooner than thyself.

۱۲۸۱- اپنے قصوروں کو کبھی معاف نہ کرو۔

1282. Forgive that you may be forgiven.

۱۲۸۲- دوسروں کو معاف کرو تا کہ تمہیں بھی معافی مل جائے۔

1283. Forgiven the unrepentant is like making picture on water.

۱۲۸۳- جو اپنے کئے پر نادم نہ ہو اس کو معاف کر دینا ایسا ہی ہے جیسا پانی پر نقش بنانا۔

1284. Forgotten pains when follow gains.

۱۲۸۴- منافع میں سب تکلیفات بھول جاتی ہیں۔

1285. Fortunes are wont to change suddenly.

۱۲۸۵۔ دن پھرتے دیر نہیں لگتی!

1286. *Formidable is that enemy that lies hid in a man's own breast.*

۱۲۸۶۔ انسان کا سب سے بڑا دشمن نفس امارہ ہے۔

1287. *Fortune can only take what she gave.*

۱۲۸۷۔ قسمت [illegible] واپس لے سکتی ہے۔

1288. *Fortune can take away our wealth but not our courage.*

۱۲۸۸۔ زر جائے یا رہے ہمت کبھی نہیں چھوڑنی چاہئے۔

1289. *Fortune favours the brave.*

۱۲۸۹۔ قسمت بہادر آدمی کی کنیز ہے۔

1290. *Fortune gives her hand to a bold man.*

۱۲۹۰۔ جیت ہمت کے ہاتھ ہے۔

1291. *Fortune follows the more worthy*

۱۲۹۱۔ تقدیر قابلیت کے ساتھ ہے۔

1292. *Fortune gives too much to many but to no one enough.*

۱۲۹۲۔ قسمت کتنی ہی یاوری کرے انسان کو کبھی قناعت نہیں ہوتی۔

1293. *Fortune, good or bad, does not last*

for ever.

۱۲۹۳- کبھی کے دن بڑے کبھی کی راتیں۔

1294. Fortune makes a fool of the man whom she favours overmuch.

۱۲۹۴- جس پر قسمت مہربان ہو وہ اپنے سے زیادہ کسی کو عقلمند نہیں سمجھتا۔

1295. Fortune has no reason.

۱۲۹۵- قسمت اندھی ہوتی ہے۔

1296. Fortune knocks once at least at every one's doors.

۱۲۹۶- سقے نے بھی دو پہر بادشاہت کی۔

1297. Fortune weary to carry one and the same man always.

۱۲۹۷- تقدیر ہمیشہ کسی کا ساتھ نہیں دیتی۔

1298. Fortune turns like a mill-wheel; now you are at the top, and then at the bottom.

۱۲۹۸- قسمت کا چکر کبھی اوپر کبھی نیچے۔

1299. Foul water will quench fire.

۱۲۹۹- بھلے آدمی پر بُرے دن بھی آجائیں تب بھی اس کی نیکی کرنے کی خاصیت رہتی ہے۔

1300. Four eyes more than one.

۱۳۰۰- دو کی عقل ایک سے بڑی-

1301. Four things everyone has more of than he knows-sins, debts, years and foes.

۱۳۰۱- اپنے گناہ قرض، عمر اور دشمن ہمیشہ تھوڑے معلوم ہوتے ہیں-

1302. Free thyself from the fear of death.

۱۳۰۲- موت سے کیا ڈرنا-

1303. Fraud is safe in no hiding place.

۱۳۰۳- مکاری کبھی چھپ نہیں سکتی-

1304. Frailty, thy name is woman.

۱۳۰۴- کمزوری، عورت کا دوسرا نام ہے-

1305. Fretting cares make grey hairs.

۱۳۰۵- فکر بال سفید کر دیتا ہے-

1306. Friends are like fiddlestrings; they must not be screwed too tight.

۱۳۰۶- دوستوں سے بہت زیادہ امید نہیں رکھنی چاہیے-

1307. Friends are lost by calling often and calling seldom.

۱۳۰۷- زیادہ اور کم میل جول سے دوستی نہیں رہتی-

1308. Friends and company are a bad

excuse for ill actions.

۱۳۰۸- بُرے کاموں کا الزام اوروں پر لگانا بے سود ہے-

1309. Friendship is a name; faithfulness but an empty name.

۱۳۰۹- دوستی اور وفاداری دنیا میں کہاں ہیں؟

1310. Friendship excels relationship.

۱۳۱۰- دوستی کا رشتہ اور سب رشتوں سے بڑھ کر ہے-

1311. Friendship is love without its wings.

۱۳۱۱- دوستی میں وہ پائیداری ہے جو عشق میں نہیں-

1312. Friendship is not to be bought at a fair.

۱۳۱۲- دوست راہ چلتے نہیں بنتے-

1313. Friendship is stronger than kindred.

۱۳۱۳- دوست بھائی سے بڑھ کر ہوتا ہے-

1314. Friendship should not be all on one side.

۱۳۱۴- دوستی یکطرفہ نہیں ہونی چاہئے-

1315. From a bad crow, a bad egg.

۱۳۱۵- بُرے سے برائی کے سوا اور کیا توقع ہو سکتی ہے-

1316. Friendship with a mean fellow is always dreadful.

۱۳۱۶- کمینہ آدمی کی دوستی سے ہمیشہ خطرہ-

1317. *From a bad paymester get what you can.*

۱۳۱۷- بھاگتے بھوت کی لنگوٹی ہی سہی-

1318. *From a choleric man, withdraw a little; from him that says nothing for ever.*

۱۳۱۸- جو شخص غصہ ور ہو اس سے پرہیز کرنا ہی بہتر ہے لیکن جو شخص زبان پر قفل لگائے رکھے اس کا ہرگز اعتبار نہ کرنا نہ ہی کوئی واسطہ رکھنا-

1319. *From seeing comes loving.*

۱۳۱۹- منہ دیکھنے کی پریت-

1320. *From fire comes fire.*

۱۳۲۰- بُرے سے برائی-

1321. *From all sides there is equally a way to the lower world.*

۱۳۲۱- موت سے کون بچا ہے؟

1322. *From poverty to wealth is a troublesome journey but the way back is easy.*

۱۳۲۲- روپیہ کمانا مشکل ہے لٹانا آسان ہے-

1323. From the East comes light, from the west law (i.e.direction)

۱۳۲۳۔ ممالک مشرقی روحانی نور کا سرچشمہ ہیں اور ممالک مغربی ضبط و انتظام اور نظم و نسق کا۔

1324. From prohibition desire increases.

۱۳۲۴۔ جس کام سے منع کیا جائے وہی کرنے کو جی چاہتا ہے۔

1325. Frugality is an estate alone.

۱۳۲۵۔ کفایت شعاری ہی سب سے بڑی دولت ہے۔

1326. Fruit ripens not well in the shade.

۱۳۲۶۔ سائے میں پھل ٹھیک نہیں پکتا۔

1327. Full of courtesy and full of craft.

۱۳۲۷۔ خوشامدی مکار ہوتے ہیں۔

1328. Full of misery is the mind anxious about the future.

۱۳۲۸۔ جس کو کل کی فکر اس کو چین کہاں۔

1329. Full vessels give the least sound.

۱۳۲۹۔ تھوتھا چنا باجے گھنا۔

1330. Fury and anger carry the mind away.

۱۳۳۰۔ غصہ میں انسان کو ہوش نہیں رہتا۔

G

1331. Gain gotten by a lie will burn one's fingers.

۱۳۳۱- جھوٹ سے حاصل کیا ہوا منافع نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔

1332. Gambling and lying go together.

۱۳۳۲- جُوا اور جھوٹ ساتھ ساتھ۔

1333. Garlands are not for every brow.

۱۳۳۳- ہر شخص عزت کے قابل نہیں۔

1334. Gather thistles, expect pickles.

۱۳۳۴- پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے کھائے۔

1335. Gathering wealth is a pleasant pain.

۱۳۳۵- روپیہ کمانا خوشگوار تکلیف ہے۔

1336. Generally we love ourselves more than we hate others.

۱۳۳۶- عموماً ہمکو دوسروں سے اتنی نفرت نہیں ہوتی جتنی خود سے محبت۔

1337. Genius is patience.

۱۳۳۷- صبر و تحمل عقل و فہم کی نشانی ہے۔

1338. Ghosts only come to those who look for them.

۱۳۳۸- مصیبت اُن پر ضرور آتی ہے جو اس کو ہر وقت بُلاتے رہتے ہیں۔

1339. Give a clown your finger and he

will take your whole hand.

۱۳۳۹- انگلی پکڑتے پکڑتے پہنچا پکڑنا۔

1340. Gifts are sometimes losses.

۱۳۴۰- بعض اوقات تحفوں سے کام نہیں نکلتا۔

1341. Gifts break a rock.

۱۳۴۱- تحفوں سے بڑے بڑے کام نکلتے ہیں۔

1342. Give and it shall be given to you.

۱۳۴۲- نیکی کا پھل ضرور ملتا ہے۔

1343. Give and spend and God will send.

۱۳۴۳- دس دنیا ستر آخرت۔

1344. Give him an inch and he will take an ell.

۱۳۴۴- آگ لینے آئی گھر والی بن بیٹھی۔

1345. Give not counsel or salt till you are asked.

۱۳۴۵- گدھے کو دیا تھا نون کہنے لگا میری تو آنکھیں ہی پھوڑ ڈالیں!

1346. Give place to your betters.

۱۳۴۶- بزرگوں کا ادب کرنا فرض ہے۔

1347. Giving is an honour; asking is pain.

۱۳۴۷- دینا عزت کا کام ہے مانگنا باعث تکلیف ہے۔

1348. Giving to the poor increaseth a

man's store.

۱۳۴۸- خیرات کرنے سے دولت بڑھتی ہے۔

1349. Giving way stops all war.

۱۳۴۹- دوسرے کی بات مان لینے سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔

1350. Glory follows virtue like its shadow.

۱۳۵۰- نیکی اور نیک نامی ساتھ ہیں۔

1351. Glory depends upon wealth.

۱۳۵۱- دولت کے سر سہرا۔

1352. Gluttony kills more than the sword.

۱۳۵۲- تلوار کی نسبت بسیار خوری زیادہ مہلک ہے۔

1353. Go forward and fall, go backward and mar all.

۱۳۵۳- اِدھر خندق اُدھر کھائی۔

1354. Gnaw the 'one which has fallen to thy lot.

۱۳۵۴- قسمت کا لکھا بھگتنا پڑتا ہے۔

1355. Go not for every grief to the physician, nor for every quarrel to the lawyer, nor for every thirst to the pot.

۱۳۵۵- ذرا سی تکلیف کے لئے حکیم کے پاس ذرا سے جھگڑے کے لئے

وکیل کے پاس اور ذرا سی پیاس کے لئے گھڑے کی طرف نہیں
دوڑنا چاہئے۔

1356. Goats are not sold at every fair.

۱۳۵۶- ہر چیز موقع سے ملتی ہے۔

1357. God and parents and our master can never be requited.

۱۳۵۷- خدا والدین اور آقا کے احسانات سے ہم کبھی سبکدوش نہیں
ہوسکتے۔

1358. God comes to see without a bell.

۱۳۵۸- خدا کی لاٹھی بے آواز ہے۔

1359. God comes when we think is farthest.

۱۳۵۹- فضل کرتے دیر نہیں لگتی۔

1360. God complains not, but does what is fitting.

۱۳۶۰- خدا بغیر شکایت کئے جو مناسب ہو کرتا ہے۔

1361. God does not measure men by inches.

۱۳۶۱- خدا چھوٹے بڑے کی پرواہ نہیں کرتا۔

1362. God gives all things to industry.

۱۳۶۲- محنتی کو خدا سب کچھ دیتا ہے۔

1363. God gives his wrath by weight and without weight his mercy.

۱۳۶۳- خدا کا قہر صرف نپا تلا ہوتا ہے مگر اس کی مہر کی کوئی انتہا نہیں۔

1364. God heals and the physician hath thanks.

۱۳۶۴- لڑے فوج، نام سردار کا۔

1365. God helps the strongest.

۱۳۶۵- خدا بہادروں کی مدد کرتا ہے۔

1366. God helps those who help themselves.

۱۳۶۶- ہمت مرداں مددِ خدا۔

1367. God reaches us good things by our own hands.

۱۳۶۷- خدا خود ہمیں کو اچھی باتوں کا ذریعہ بناتا ہے۔

1368. God never sends mouths but he sends meat.

۱۳۶۸- جس نے منہ بنایا ہے وہ کھانے کو بھی ضرور دے گا۔

1369. God never shuts one door but he opens another.

۱۳۶۹- ایک در بند ہزار در کھلے۔

1370. God oft hath a great share in a little house.

۱۳۷۰- غریب خدا کو زیادہ یاد کرتے ہیں۔

1371. God provides for him that trusteth.

۱۳۷۱- خدا اس کو دیتا ہے جو اس پر بھروسہ رکھتا ہے۔

1372. God sees all things, Himself unseen.

۱۳۷۲- خدا سب کچھ دیکھتا ہے اس کو کوئی نہیں دیکھ سکتا۔

1373. God stays long, but strikes at last.

۱۳۷۳- خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔

1374. God trusts every one with the care of his own soul.

۱۳۷۴- خدا ہر شخص کو اس کے ضمیر کا ذمہ دار بناتا ہے۔

1375. God who sends the wound sends the medicine.

۱۳۷۵- خدا نے مصیبت بھیجی ہے تو دور بھی وہی کرے گا!

1376. God works in moments.

۱۳۷۶- خدا کو اپنا جلوہ دکھاتے دیر نہیں لگتی۔

1377. God's help is nearer than the door.

۱۳۷۷- خدا ہر وقت مدد کرنے کے لئے تیار رہتا ہے۔

1378. God's mill grinds slow but sure.

۱۳۷۸- دیر ہے مگر اندھیر نہیں۔

1379. Going to ruin is silent work.

۱۳۷۹- تباہ ہوتے معلوم نہیں ہوتا۔

1380. Gold is proved by touch.

۱۳۸۰- سونے کی پہچان کسوٹی ہے-

1382. Gold is an unseen tyrant.

۱۳۸۲- زر ایک پنہاں ظالم ہے-

1383. Gold and power, the chief causes of wars.

۱۳۸۳- زر اور حکومت لڑائی کی جڑ ہے-

1384. Gold is tested by fire; man by gold.

۱۳۸۴- سونے کی آزمائش آگ سے انسان کی زر سے-

1385. Gold is the sovereign of all sovereigns.

۱۳۸۵- زر شاہوں کا بھی شاہ ہے-

1386. Gold is dust that blinds all eyes.

۱۳۸۶- دولت سب کو اندھا کر دیتی ہے-

1387. Gold opens all lock, no lock will hold against the power of gold.

۱۳۸۷- زر سے کیا نہیں ہو سکتا-

1388. Gold goes in at any gate, except Heaven's.

۱۳۸۸- جنت کے در کے سوائے اور سب در زر سے کھل سکتے ہیں-

1389. Gold will not buy everything.

۱۳۸۹- زر سے سب کچھ نہیں ہو سکتا۔

1390. Golden dreams make men awake hungry.

۱۳۹۰- جو خیالی پلاؤ پکاتا ہے بھوکا مرتا ہے۔

1391. Gone is the goose that did lay golden eggs.

۱۳۹۱- وہ دن ہوا ہوئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔

1392. Good advice is beyond price.

۱۳۹۲- نیک نصیحت لاقیمت۔

1393. Good adivce may be given, but not good manners.

۱۳۹۳- نیک نصیحت دی جا سکتی ہے لیکن نیک اطوار نہیں سکھائے جاسکتے۔

1394. Good and quickly seldom meet.

۱۳۹۴- اچھا کام جلدی نہیں ہوتا۔

1395. Goods are worth just as much as they can be sold for.

۱۳۹۵- چیز کی قیمت اتنی ہی جانو جتنے میں وہ بک سکے۔

1396. Good beginnings make good endings.

۱۳۹۶- ابتدا نیک انتہا نیک۔

1397. Good blood cannot lie.

۱۳۹۷- شریف جھوٹ نہیں بولتا۔

1398. Good clothes open all doors.

۱۳۹۸- خوش پوش انسان کا سب جگہ خیر مقدم ہوتا ہے۔

1399. Good company on the road is the shortest cut.

۱۳۹۹- اچھے ساتھ سے سفر جلد طے ہو جاتا ہے۔

1400. Good courage breaks ill luck.

۱۴۰۰- ہمت بد قسمتی کو دور کرتی ہے۔

1401. Good fame is the rightful property of the dead.

۱۴۰۱- نیک نامی مرے ہوؤں کی جائز ملکیت ہے۔

1402. Good finds good.

۱۴۰۲- نیک کو نیکی ہی ملتی ہے۔

1403. Good for the liver may be bad for the spleen.

۱۴۰۳- ایک ہی دوا سب بیماریوں کے لئے نافع نہیں۔

1404. Good fortune is never good till it is lost.

۱۴۰۴- قدر نعمت بعد از نعمت۔

1405. Good fortune that is past does not

vanish from our memories; evil fortune we should not remember.

۱۴۰۵- گزرے ہوئے اچھے دن کبھی بھول نہیں سکتے برے دنوں کو یاد نہیں کرنا چاہئے۔

1406. Good fortune forgets father and mother.

۱۴۰۶- خوشحالی میں انسان رشتے بھول جاتا ہے۔

1407. Good harvests make men prodigal, bad ones provident.

۱۴۰۷- خوشحالی فضول خرچ بنا دیتی ہے اور ادبار کفایت شعار۔

1408. Good is the smell of gain, from whatever source of business.

۱۴۰۸- منافع اچھا لگتا ہے خواہ کسی طرح حاصل ہو۔

1409. Good hope gives strength.

۱۴۰۹- امید ہو تو ہمت دوبالا ہو جاتی ہے۔

1410. Good luck reaches farther than long arms.

۱۴۱۰- تدبیر سے تقدیر بڑی۔

1411. Good men are a public good.

۱۴۱۱- بھلے آدمی سے زمانہ کو فائدہ پہنچتا ہے۔

1412. Good merchandise easily finds a by

buyer.

۱۴۱۲- مال اچھا ہے تو خریدار بہت۔

1413. Good mind, good find.

۱۳۲۳- آپ بھلے جگ اچھا۔

1414. Good nature is a great misfortune, if it want prudence.

۱۴۱۴- دانائی کے بغیر نیک دلی باعث مصیبت ہوتی ہے۔

1415. Good news may be told at any time.

۱۴۱۵- خوشخبری کے لئے ہر گھڑی موزوں ہے۔

1416. Good people are scarce.

۱۴۱۶- بھلے آدمی بڑی مشکل سے ملتے ہیں۔

1417. Good service is a great enchantment.

۱۴۱۷- دل سے خدمت آقا کو موہ لیتی ہے۔

1418. Good swimmers are oftenest drowned.

۱۴۱۸- تیراک ہی ڈوبتے ہیں۔

1419. Good sword has aften been in poor scabbard.

۱۴۱۹- گدڑیوں میں بھی لعل پائے جاتے ہیں۔

1420. Good to begin well, better to end

well.

۱۴۲۰- نیک آغاز کی نسبت نیک انجام زیادہ اچھا۔

1421. Good thoughts, even if they are forgotten, do not perish.

۱۴۲۱- نیک خیالات اگر بھول بھی جائیں تو ضائع نہیں ہوتے۔

1422. Good things befall the good.

۱۴۲۲- بھلا کرے سو بھلا ہوئے۔

1423. Good things are mixed with evil, evil things with good.

۱۴۲۳- برائی بھلائی ملی جلی ملتی ہے۔

1424. Good ware makes a quick market.

۱۴۲۴- اچھے مال کے بکنے میں دیر نہیں لگتی۔

1425. Good watch prevents misfortune.

۱۴۲۵- جو شخص محتاط رہتا ہے اس پر مصیبت نہیں آتی۔

1426. Good wine needs no bush.

۱۴۲۶- اچھی چیز خود بخود مشہور ہو جاتی ہے۔

1427. Goods words and no deeds.

۱۴۲۷- صرف میٹھی باتیں بنانے سے کام نہیں چلتا۔

1428. Goods words fill not a sack.

۱۴۲۸- گڑ کہنے سے منہ میٹھا نہیں ہو سکتا۔

1429. Good words cool more than cold

water.

۱۴۲۹- میٹھے الفاظ ٹھنڈے پانی کی نسبت زیادہ تسکین بخشتے ہیں۔

1430. Good workman are seldom rich.

۱۴۳۰- اچھے کاریگر کو پیسے کی پرواہ نہیں ہوتی۔

1431. Goods are their that enjoy them.

۱۴۳۱- گھربار تمہارا پر کوٹھی کو ہاتھ نہ لگانا۔

1432. Gossip and lying go hand in hand.

۱۴۳۲- گپ شپ اور جھوٹ ساتھ ساتھ۔

1433. Governments which are hated never hold out long.

۱۴۳۳- جس حکومت کو عوام نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوں وہ زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتی۔

1434. Grapes are sour.

۱۴۳۴- انگور کچے ہیں کون دانت کھٹے کرے۔

1435. Grapes do not ripe in the rays of the moon.

۱۴۳۵- انگور چاند کی شعاعوں میں نہیں پکتے۔

1436. Grasp all, lose all.

۱۴۳۶- آدھی چھوڑ ساری کو دھائے۔ آدھی رہے نہ ساری پائے۔

1437. Grass grows not on the highway.

۱۴۳۷- شاہراہ پر گھاس نہیں اُگتی۔

1438. Gratitude is the least of virtues; ingratitude, the worst of vices.

۱۴۳۸- احسان مندی اتنی بڑی خوبی نہیں جتنا کہ احسان فراموشی گناہ ہے۔

1439. Great boast, small roast.

۱۴۳۹- اونچی دکان پھیکا پکوان۔

1440. Great bodies move slowly.

۱۴۴۰- بڑے آدمی اپنی بات کے دھنی ہوتے ہیں۔

1441. Great businesses true on a little pin.

۱۴۴۱- بڑی بڑی باتوں کے چھوٹے چھوٹے راز ہوتے ہیں۔

1442. Great deeds are for great men.

۱۴۴۲- بڑے آدمیوں کی بڑی باتیں۔

1443. Great deeds need great preparation.

۱۴۴۳- بڑے کاموں کے لئے بڑی بڑی تیاریاں چاہئیں۔

1444. Great fortune brings with it great misfortune.

۱۴۴۴- بڑی خوشی کی ساتھ بڑا غم وابستہ ہوتا ہے۔

1445. Great good fortune very much befogs the human minds.

۱۴۴۵- حد سے زیادہ خوش قسمتی انسان کو برائی بھلائی میں تمیز بھلا دیتی ہے۔

1446. Great haste makes great haste.

۱۴۴۶- شتابی میں خرابی۔

1447. Great hopes make great men.

۱۴۴۷- بلند خیالات ہی انسان کو بڑا بناتے ہیں۔

1448. Great is the power of custom.

۱۴۴۸- رسم و رواج میں بڑی طاقت ہے۔

1449. Great is truth and it prevails.

۱۴۴۹- سچائی بڑی چیز ہے اور سب پر غلبہ پا لیتی ہے۔

1450. Greatness is nothing but many small littles.

۱۴۵۰- قطرہ قطرہ بہم شود دریا۔

1451. Great marks are soonest hit.

۱۴۵۱- آندھی میں سب سے پہلے بڑے درخت ہی گرتے ہیں۔

1452. Great minds think alike.

۱۴۵۲- سو سیانے ایک مت!

1453. Great profits, great risk.

۱۴۵۳- زیادہ نفع زیادہ خطرہ!

1454. Great ships require deep waters.

۱۴۵۴- بڑوں کے بڑے منہ!

1455. Great spenders are bad lenders.

۱۴۵۵- فضول خرچ کے پاس ادھار دینے کو کہاں؟

1456. Great strokes make not sweet music.

۱۴۵۶- ضروری نہیں آدمی جتنا بڑا ہو کام بھی اتنا اچھا کرے-

1457. Great talkers are little doers.

۱۴۵۷- باتوں چکنے کاموں خوار!

1458. Great talkers are like leaky pitchers, everything runs out.

۱۴۵۸- باتونی آدمی میں اور سوراخ والے گھڑے میں کچھ باقی نہیں رہتا-

1459. Great trees are good for nothing but shade.

۱۴۵۹- بڑے درخت سایہ کے سوائے اور کسی کام کے نہیں-

1460. Great trees are long in growing, but they are rooted up in a single hour.

۱۴۶۰- بڑے بڑے کام برسوں میں انجام پاتے ہیں لیکن منٹوں میں بگڑ جاتے ہیں-

1461. Great wits have short memories.

۱۴۶۱- ذہین آدمیوں کی یادداشت تھوڑی ہوتی ہے-

1462. Greed is envy's eldest brothers.

۱۴۶۲- لالچ حسد کا سب سے بڑا بھائی ہے-

1463. Grey hair are death's blossom.

۱۴۶۳- دھولے بال، موت کا پیغام ہے۔

1464. Grief divided is made lighter.

۱۴۶۴- بانٹ کھانے سے رنج ہلکا ہوتا ہے۔

1465. Grief, pent up, will burst the heart.

۱۴۶۵- چھپا رنج دل میں آگ لگا دیتا ہے۔

1466. Grief is the canker of the heart.

۱۴۶۶- سوگ، دل کا روگ۔

1467. Grumbling will not makes the loaf no larger.

۱۴۶۷- بڑبڑانے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

1468. Growling will not make the kettle boil.

۱۴۶۸- غرانے سے کام نہیں نکلتا۔

1469. Guests that come by day light are best received.

۱۴۶۹- جو مہمان وقت پر آتے ہیں ان کی قدر زیادہ ہوتی ہے۔

1470. Guilt is always jealous.

۱۴۷۰- پاپی کو ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے۔

H

1471. Habit is second nature.

۱۴۷۱- عادت خصلت ہو جاتی ہے-

1472. Habits are at first cobwebs; at last, cables.

۱۴۷۲- عادات شروع میں معلوم نہیں ہوتیں لیکن بعد میں رسوں کی طرح جکڑ لیتی ہیں-

1473. Habit causes love.

۱۴۷۳- رفتہ رفتہ محبت ہو جاتی ہے-

1474. Habit is overcome by habit.

۱۴۷۴- ایک عادت نے چھوڑا تو دوسری نے آپکڑا-

1475. Hair and hair makes the old man's head bare.

۱۴۷۵- کوڑی کوڑی نکالنے سے خزانہ خالی ہو جاتا ہے-

1476. Half loaf is better than no bread.

۱۴۷۶- ساری نہیں تو آدھی ہی سہی-

1477. Hand washes hand and finger finger.

۱۴۷۷- ایک دوسرے کی مدد کے بغیر کام نہیں چلتا-

1478. Hand rubs hand and hand washes

hand.

۱۴۷۸- دنیا میں ہر ایک کو دوسرے سے کام پڑتا ہے۔

1479. Hand and glove.

۱۴۷۹- گھی شکر ہونا۔ شیر و شکر ہونا۔

1480. Handsome is that handsome does.

۱۴۸۰- اچھا وہ جو اچھا کرے۔

1481. Hanging not all your bells upon one horse.

۱۴۸۱- سارا سامان ایک ہی جہاز پر مت لادو۔

1482. Hanging and wiving go by destiny.

۱۴۸۲- پھانسی اور بیوی اپنی اپنی قسمت سے ملتی ہے۔

1483. Happiness is not steadfast but transient.

۱۴۸۳- خوشی کو سدا قیام نہیں۔

1484. Happy he who nothing owes.

۱۴۸۴- خوش وہی ہے جو مقروض نہیں۔

1485. Happines or misery generally go to those who have most of either the one or the other.

۱۴۸۵- خوشی یا غم عموماً انہیں کو ملتا ہے جن کے پاس ان میں سے کوئی ایک موجود ہو۔

1486. Happines takes no account of time.

۱۴۸۶- خوشی میں وقت گزرتا معلوم نہیں ہوتا۔

1487. Happy is he that chastens himself.

۱۴۸۷- نفس کو مارنے سے ہی خوشی ملتی ہے۔

1488. Happy is he whose friends were born before him.

۱۴۸۸- جس کو بآسانی دوست مل جائیں وہ خوش قسمت ہے۔

1489. Happy is he who knows his follies in his youth.

۱۴۸۹- خوش قسمت وہ ہے جسے جوانی میں ہی عقل آجائے۔

1490. Happy is the nation which has no history.

۱۴۹۰- وہ قوم خوش نصیب ہے جس کی تاریخ نہیں۔

1491. Happy is the physician who is called in at the end of the illness.

۱۴۹۱- بیماری کے خاتمہ پر جو طبیب بلایا جائے اسے زحمت نہیں اٹھانی پڑتی۔

1492. Hard got, soon gone.

۱۴۹۲- آتا مشکل سے ہے جاتے دیر نہیں لگتی۔

1493. Hard words break no bones.

۱۴۹۳- سخت الفاظ کسی کو کیا نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

1494. Harm watch, harm catch.

۱۴۹۴- بری بات کو ہر وقت سوچتے رہو تو وہ ہو کر رہتی ہے۔

1495. Harm set, harm get.

۱۴۹۵- جو دوسرے کا برا چاہے گا اس کا برا ہو گا۔

1496. Haste is the devil.

۱۴۹۶- جلدی کام شیطان کا۔

1497. Haste makes waste.

۱۴۹۷- شتابی کرے خرابی۔

1498. Hasty climbers have sudden falls.

۱۴۹۸- جلدی کام شیطان کا۔

1499. Have few friends, though much acquaintance.

۱۴۹۹- شناسائی بہتوں سے دوستی ایک دو سے!

1500. Have two strings to your bow.

۱۵۰۰- آڑے وقت کے لئے کچھ بچا رکھو۔

1501. He adds honour to ancestral honour.

۱۵۰۱- آدمی وہ جو آباواجداد کی عزت کو چار چاند لگائے۔

1502. Have you lost your judgement at the same time as your property?

۱۵۰۲- آدمی زر کے ساتھ ہی عقل بھی کھو بیٹھتا ہے۔

1503. He bears poverty very ill, who is ashamed of it.

۱۵۰۳- جس کو غربت سے شرم آتی ہے اس کے لئے دگنی مصیبت ہے-

1504. He becomes more ill through remedies.

۱۵۰۴- مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی-

1505. He begins to die that quits his desires.

۱۵۰۵- ناامیدی میں موت جلدی آتی ہے-

1506. He came safe from the East Indians and was drowned in the Thames.

۱۵۰۶- کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں-

1507. He confers a twofold benefit to a needy person who gives it quickly.

۱۵۰۷- ترت دان مہا کلیان!

1508. He cannot be strict in judging, who does not wish others to be strict in judging him.

۱۵۰۸- جیسا انسان خود ہو ویسا ہی دوسروں کو بنانا چاہتا ہے-

1509. He can never be a God's martyr that is Devil's servant.

۱۵۰۹- نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی!

1510. He covers me with his wings and bites me with his bill.

۱۵۱۰- چور سے کہے چوری کر اور شاہ سے کہے ہوشیار رہنا۔

1511. He caries wine and sells vinegar.

۱۵۱۱- گندم نما۔ جو فروش۔

1512. He dances well to whom fortune pipes.

۱۵۱۲- تقدیر اچھی تو سب کام ٹھیک۔

1513. He deserves not the sweet that will not taste of the sour.

۱۳۲۳- جو تکلیف اٹھانا نہیں چاہتا وہ آرام کا مستحق نہیں۔

1514. He fill his life-time with deeds, not with inactive words.

۱۵۱۴- زندگی کام کرنے سے بنتی ہے نا کہ باتیں بنانے سے۔

1515. He gives twice who gives quickly.

۱۵۱۵- ترت دان، مہا کلیان۔

1516. He does nothing who consoles a despairing man with his words.

۱۵۱۶- مایوس انسان کی صرف باتوں سے تسلی نہیں ہوتی۔

1517. He does not cleanse himself of his sins who denies them.

۱۵۱۷- جو اپنے گناہوں کا اقرار ہی نہیں کرتا وہ ان کو دھونے کی کیسے کوشش کر سکتا ہے۔

1518. He does good to himself who does good to his friend.

۱۵۱۸- دوست کا بھلا اپنا بھلا!

1519. He gets reward who works hard.

۱۵۱۹- کر مزدوری کھا چوری۔

1520. He has ever enough of patrons who does what is right.

۱۵۲۰- ٹھیک کام کرنے والے کے سبھی مددگار۔

1521. He has brought down his nobility to nine-pence.

۱۵۲۱- لاکھ کا گھر خاک کر ڈالا۔

1522. He had gone to shear but was shorn.

۱۵۲۲- گئے تھے نماز بخشوانے اُلٹے روزے گلے پڑ گئے۔

1523. He has not religion who has no humanity.

۱۵۲۳- مذہب کا جوہر انسانیت ہے۔

1524. He has not done who has begun.

۱۵۲۴- ہنوز دلی دور است۔

1525. He has wealth who knows how to use it.

۱۵۲۵- دولت مند وہی ہے جو اس دولت کا ٹھیک استعمال جانتا ہو-

1526. He hath no leisure that useth it not.

۱۵۲۶- جو فرصت کا استعمال نہ جانے اسے فرصت نہیں ملتی-

1527. He hath not lived that lives not after death.

۱۵۲۷- عبث ہے اس انسان کی زندگی جس کو لوگ اس کی موت کے ساتھ ہی بھول جائیں-

1528. He hath tied a knot with his tongue that he cannot untie with all his teeth.

۱۵۲۸- بد زبانی سے جو نقصان ہوتا ہے اس کی کبھی تلافی نہیں ہو سکتی-

1529. He himself sings of himself.

۱۵۲۹- اپنے منہ میاں مٹھو بننا-

1530. He invites guilt who overlooks crime.

۱۵۳۰- جو کسی جرم کو نظرانداز کرتا ہے- وہ خود ہی قصوروار سمجھا جاتا ہے-

1531. He is a fool that forget himself.

۱۵۳۱- آپے سے باہر ہونا بیوقوفی کی علامت ہے-

1532. He is a poor smith that cannot bear smoke.

۱۵۳۲- لوہار خاک جو دھوئیں سے گھبرائے-

1533. He is a foolish sheep that makes the wolf his confessor.

۱۵۳۳- بلی اور دودھ کی رکھوالی-

1534. He is free from danger who, even when he is safe, is one his guard.

۱۵۳۴- خوشحالی میں جو احتیاط برتتا ہے اس پر مصیبت نہیں آتی-

1535. He is greater than others who is better.

۱۵۳۵- نیکی میں بڑا پن ہے-

1536. He is his father's son.

۱۵۳۶- جیسا باپ ویسا بیٹا!

1537. He is idle that might be better employed.

۱۵۳۷- بدکاری سے بیکاری بھلی-

1538. He is in great danger, being sick, thinks himself well.

۱۵۳۸- بیمار اگر خود کو تندرست سمجھے تو وہ خطرے میں ہے-

1539. He is lifeless that is faultless.

۱۵۳۹- ہر جاندار میں عیب ہوتے ہیں۔

1540. He is my friend that grinds at my mill.

۱۵۴۰- جو میرے کام آئے وہی میرا دوست۔

1541. He is not cheated who knows that he is being cheated.

۱۵۴۱- جو مکار کو پہچان لے اس پر مکاری نہیں چل سکتی۔

1542. He is no merchant who always gains.

۱۵۴۲- جس نے کبھی گھاٹا نہیں کھایا وہ تاجر نہیں۔

1543. He is noble who does nobly.

۱۳۵۳- نیکی سے انسان نیک بنتا ہے۔

1544. He is not a lover who does not love for ever.

۱۵۴۴- عاشق وہی جس کا عشق تاقیامت قائم رہے۔

1545. He is not a mason who refuses a stone.

۱۵۴۵- جو کاریگر ہر طرح کے مصالحہ سے کام نہ کر سکے وہ کاریگر ہی کیا؟

1546. He is not force that draws his chain.

۱۵۴۶- جو پابند ہے وہ آزاد کہاں؟

1547. He is not good himself who speaks

well of everybody alike.

۱۵۴۷- جو سب اچھے بروں کی تعریف کرے وہ خود اچھا نہیں ہو سکتا۔

1548. He is not overcome but overcomes who yields to his own friends.

۱۵۴۸- اپنے دوستوں سے ہار مان لینا شکست نہیں۔

1549. He is only bright that shines by his own light.

۱۵۴۹- نیکی وہی ہے جو اپنی روشنی سے چمکے۔

1550. He is praised by these; he is blamed by those.

۱۵۵۰- ہر ایک کو خوش کرنا ناممکن ہے۔

1551. He is richest that has fewest wants.

۱۵۵۱- جس کی ضروریات کم ہیں سب سے امیر ہے۔

1552. He is rich enough that needeth neither flatter nor borrow.

۱۵۵۲- جس کو خوشامد یا قرض کی ضرورت نہیں وہ کافی امیر ہے۔

1553. He is strong that can knock a man down, he stronger who can lift himself up.

۱۵۵۳- جسمانی قوت سے روحانی قوت افضل ہے۔

1554. He is very wise who is not foolish for long.

۱۵۵۴- صبح کا بھولا ہوا شام کو گھر آجائے تو وہ بھولا نہیں کہلاتا۔

1555. He is wise who looks ahead.

۱۵۵۵- عقلمند کل کی فکر کرتا ہے۔

1556. He keeps the beaten path.

۱۵۵۶- لکیر کا فقیر!

1557. He kills a man that saves not his own life when he can.

۱۵۵۷- جو اپنی جان بچا سکتا ہو اور نہ بچائے وہ قاتل ہے۔

1558. He knocks boldly who brings good news.

۱۵۵۸- اچھی خبر لانے والا رعب سے آتا ہے۔

1559. He knows most who speaks least.

۱۵۵۹- کم گوئی عالم کی نشانی ہے۔

1560. He knows not love who has no children.

۱۵۶۰- جس کے اولاد نہیں وہ محبت کیا جانے؟

1561. He labours in vain who tries to please all.

۱۵۶۱- سب کو خوش کرنا ناممکن ہے۔

1562. He loses nothing that loseth not God.

۱۵۶۲- ایمان قائم سب کچھ سلامت۔

1563. He makes speed to repentance who judges hastily.

۱۵۶۳- جلدبازی کا نتیجہ پشیمانی ہے۔

1564. He ought to remember favours on whom they are conferred; he who has conferred them ought not bring them to mind.

۱۵۶۴- محسن کو احسان بھول جانا چاہیئے لیکن احسان مند کو نہیں!

1565. He pardons the ravens, but storms at the doves.

۱۵۶۵- ظالم کو معاف کرنا اور بے گناہ پر غصہ نکالنا۔

1566. He plays well that wins.

۱۵۶۶- جو جیتے وہی کھلاڑی۔

1567. He pleases all the world and cannot please himself.

۱۵۶۷- وہ سارے جہاں کو خوش کرتا ہے لیکن خود خوش نہیں۔

1568. He preacheds best who lives best.

۱۵۶۸- مثال سے جو اثر ہوتا ہے وہ وعظ سے نہیں ہو سکتا۔

1569. He receives more favour who knows how to return them.

۱۵۶۹- احسان فراموش پر کوئی دوبارہ احسان نہیں کرتا۔

1570. He seeks water in the midst of water.

۱۵۷۰- دریا کے کنارے پیاسا!

1571. He shot at the pigeon and killed the crow.

۱۵۷۱- نشانہ کبوتر کا شکار کوے کا۔

1572. He that always complains is never pitied.

۱۵۷۲- سدا کی ہائے ہائے کوئی نہیں سنتا۔

1573. He smiles and frowns in a breath.

۱۵۷۳- گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔

1574. He that boasts of his own knowledge proclaims his own ignorance.

۱۵۷۴- جو اپنے علم کی شیخی بگھارتا ہے دراصل اپنی جہالت ظاہر کرتا ہے۔

1575. He that brings up his son to nothing breeds a thief.

۱۵۷۵- جس نے بچپن میں کچھ نہ سیکھا وہ جوان ہو کر چور ہی بنے گا۔

1576. He that buys what he does not want often sells what he cannot spare.

۱۵۷۶- بلاضرورت چیزیں خریدنے والے کو اکثر ضروریات فروخت کرنی پڑتیں ہیں۔

1577. He that can master his thirst is master of his health.

۱۵۷۷- پیاس پر قابو صحت پر قابو!

1578. He that chastens one chastens twenty.

۱۵۷۸- ایک کو سزا ایک کو عبرت۔

1579. He that cheateth in small things is a fool; but in great things is a rouge.

۱۵۷۹- جو چھوٹی باتوں میں بے ایمانی کرے وہ بیوقوف ہے لیکن جو بڑی چیزوں میں بے ایمانی کرے وہ بیوقوف نہیں مکار ہے۔

1580. He that comes after sees with more eyes than his own.

۱۵۸۰- جو بعد میں آتا ہے وہ دوسروں کے تجربات سے فائدہ اٹھاتا ہے۔

1581. He that comes first to the hill may sit where he will.

۱۵۸۱- پہلے آئے پہلے پائے۔

1582. He that comes uncalled sits unserved.

۱۵۸۲- بن بلائے مہمان کو کوئی نہیں پوچھتا۔

1583. He that commits a fault thinks every one speaks of it.

۱۵۸۳- چور کی داڑھی میں تنکا!

1584 He that converses not knows nothing.

۱۵۸۴-گفتگو کے بغیر کچھ نہیں آتا۔

1585. He that counts all costs will never put plough to earth.

۱۵۸۵- کام کرنے سے پہلے اگر تمام مشکلات کا انتظام کیا جائے تو کام کبھی شروع ہی نہ ہو۔

1586. He that does nothing finds helpers.

۱۵۸۶- بیکار کے ساتھی بہتیرے!

1587. He that doth lend doth lose a friend.

۱۵۸۷- القرض مقراض محبت!

1588. He that doth well wearieth not himself.

۱۵۸۸- کام کو ٹھیک طریق سے کرنے سے تھکان نہیں ہوتی۔

1589. He that eats the poor will find a bone to choke him.

۱۵۸۹- غریب کا پیسہ ہضم نہیں ہوتا۔

1590. He that endures is not overcome?

۱۵۹۰- جس میں برداشت ہو اس پر غلبہ کون پائے۔

1591. He that excuses himself accuses himself.

۱۵۹۱- اپنے گناہوں کو خود ہی معاف کرنا گویا گناہوں کا اعتراف ہے۔

1592. He that fears death lives not.

۱۵۹۲- جو موت سے ڈرے اس کی زندگی خاک!

1593. He that gets wealth before he gets wit, is but a short time the master of it.

۱۵۹۳- بیوقوف کے پاس دولت نہیں ٹھہرتی۔

1594. He that goes a borrowing goes a sorrowing

۱۵۹۴- ادھار کھائے دکھ اٹھائے۔

1595. He that has a head of wax must not walk in the sun.

۱۵۹۵- دشمن سے کمزوری چھپاؤ۔

1596. He that has a hundred-and-one, and owes a hundred-and-two, the Lord have mercy upon him!

۱۵۹۶- قرض دمڑی کا بھی بُرا۔

1597. He who owes a hundred and has a

hundred and one, fears nobody.

۱۵۹۷- جو اپنا قرض ادا کرنے کے قابل ہے اس کو کس کا ڈر؟

1598. He that hath been bitten by a serpent is afraid of a rope.

۱۵۹۸- سانپ کا کاٹا رسی سے بھی ڈرتا ہے۔

1599. He that has but four and spends five, has no need of a purse.

۱۵۹۹- جس کے پاس چار ہوں اور پانچ خرچے اس کو بٹوے کی کیا ضرورت ہے؟

1600. He that has an ill name is half hanged.

۱۶۰۰- نکٹا جیئے بُرے احوال!

1601. He that has a tongue in his mouth can find his way anywhere.

۱۶۰۱- آدمی پوچھتے پوچھتے لندن جا پہنچتا ہے۔

1602. He that has many servants has many thieves.

۱۶۰۲- نوکروں کا جمگھٹا چوروں کا اڈا!

1603. He that has most time has one to lose.

۱۶۰۳- فرصت کا وقت ضائع کرنے کے لئے نہیں ہے۔

1604. He that has most is wisest.

۱۶۰۴- جس کی کوٹھی دانے اس کے کملے بھی سیانے-

1605. He that has no conscience has nothing.

۱۶۰۵- جو ضمیر کی آواز نہیں سنتا اسے سب کچھ ہوتے ہوئے بھی کنگال جانو!

1606. He that has no shame has no conscience.

۱۶۰۶- بے شرم، بے ایمان-

1607. He that has nothing is frightened at nothing.

۱۶۰۷- کنگال کو چوری کا کیا ڈر؟

1608. He that has partners has master.

۱۶۰۸- ساجھے میں سب مالک!

1609. He that has teeth has no bread, he that has bread has not teeth.

۱۶۰۹- جس کے پاس دانت اس کے پاس روٹی نہیں روٹی والے کے پاس دانت نہیں-

1610. He that has the worst cause makes the most noise.

۱۶۱۰- جو راستی پر ہوتے ہیں وہ اکثر خاموش رہتے ہیں-

1611. He that hath lost his credit is dead to the world.

۱۶۱۱- بن ساکھ کے جینا مرنے برابر! ساکھ گئی سب کچھ گیا-

1612. He that hath no ill-fortune is trouble with good.

۱۶۱۲- آدمی کو کسی حال میں چین نہیں!

1613. He that hath not the craft, let him shut up the shop.

۱۶۱۳- دکانداری کے لئے ہوشیاری کی ضرورت ہے-

1614. He that hath right, fears; he that hath wrong, hopes.

۱۶۱۴- نیک خدا سے ڈرتے ہیں اور گناہگار اس کی رحمت کے امیدوار ہیں-

1615. He that hath some land, must some labour.

۱۶۱۵- زمین سے محنت کے بغیر پھل حاصل نہیں ہوتا-

1616. He that hath time, and looketh for a better time, loseth time.

۱۶۱۶- موقع ہونے پر بھی جو بہتر موقع کا متلاشی ہے وہ موقع ہاتھ سے کھو بیٹھتا ہے-

1617. He that hews over high, the chips

will fall into his eyes.

۱۶۱۷- . آسمان کا تھو کا منہ پر گرتا ہے-

1618. He that hinders not a mischief is guilty of it.

۱۶۱۸- جو دوسرے کو گناہ سے نہ روکے وہ خود گناہگار-

1619. He that holds let him hold fast.

۱۶۱۹- کام کرو تو اچھی طرح کرو-

1620. He that hopes not for good fears not evil.

۱۶۲۰- مایوس گناہ کرتے نہیں ڈرتا-

1621. He that hunts after vanity shall taken vexation.

۱۶۲۱- دکھاوے میں دکھ نکلتا ہے-

1622. He that is master must serve.

۱۶۲۲- حاکم کو دوسروں کی خدمت کرنا واجب ہے-

1623. He that is angry at a feast is rude.

۱۶۲۳- دسترخوان پر غصہ بے شعوری ہے-

1624. He that is angry is seldom at ease.

۱۶۲۴- کرودھی کو چین کہاں؟

1625. He that is born to be hanged shall never be drowned.

۱۶۲۵- قسمت کا لکھا انمٹ ہے-

1626. *He that is busy is tempted but by one devil; he that is idle by a legion.*

۱۶۲۶- جو آدمی کام میں مصروف ہو اسے صرف ایک شیطان ستاتا ہے' لیکن بیکار کو ہزاروں-

1627. *He that is fallen cannot help him who is down.*

۱۶۲۷- ڈوبتا ڈوبتے کو نہیں بچا سکتا-

1628. *He that is disposed for mischief will ever want occasion.*

۱۶۲۸- شرارتی کو شرارت کرنے کے لئے موقع مل ہی جاتا ہے-

1629. *He that is full of himself is very empty.*

۱۶۲۹- مغرور آدمی میں غرور کے سوائے اور کچھ نہیں ہوتا!

1630. *He that is giddy thinks the world turns.*

۱۶۳۰- آپ بُرے جگ بُرا!

1631. *He that is hated of his subjects cannot be counted a king.*

۱۶۳۱- جس سے رعایا نفرت کرے- وہ شاہ کیا؟

1632. He that is in hell thinks there is no another heaven.

۱۶۳۲- کنوئیں کا مینڈک۔

1633. He that is not handsome at twenty, nor strong at thirty, nor rich at forty, nor wise at fifty, will never be handsome, strong, rich or wise.

۱۶۳۳- جو بیس سال کی عمر میں خوشرو تیس سال کی عمر میں توانا، چالیس سال کی عمر میں امیر، پچاس سال کی عمر میں عقلمند نہیں ہے وہ شخص کبھی خوبصورت، طاقتور، دولتمند اور دانا نہیں ہو سکتا۔

1634. He that is not in the wars, is not out of danger.

۱۳۳۴- خطرہ ہر جگہ موجود ہے۔

1635. He that is silent, gathers stone.

۱۶۳۵- چپ رہنے سے کام نہیں چلتا۔

1636. He that is too proud to ask is too good to recive.

۱۶۳۶- بن مانگے کچھ نہیں ملتا۔

1637. He that is warm thinks all so.

۱۶۳۷- اپنے پر پڑے تو جانے!

1638. He that is won with a nut may be

lost with an apple.

۱۶۳۸- جو کام سوئی سے نکلتا ہو وہ سوئے سے بگڑ سکتا ہے۔

1639. He that keeps malice harbours viper in his breast.

۱۶۳۹- جو دل میں کینہ رکھتا ہے گویا آستین میں سانپ پالتا ہے۔

1640. He that knows least presumes most.

۱۶۴۰- جاہل ہی خود کو عالم سمجھتا ہے۔

1641. He that knows little soon repeats it.

۱۶۴۱- تھوڑے علم والا ہر وقت اسکی نمائش کرتا ہے۔

1642. He that knows nothing doubts nothing.

۱۶۴۲- جاہل ہر بات پر یقین کر لیتا ہے۔

1643. He that laugh on Friday will weep on Sunday.

۱۶۴۳- دنیا میں سدا کسی کی یکساں نہیں گزرتی۔

1644. He that lives with dogs rises with fleas.

۱۶۴۴- صحبت بد ڈالے بد اثر۔

1645. He that lives without account lives to shame.

۱۶۴۵- بلا سوچ سمجھے کام کرنے والا پچھتاتا ہے۔

1646. He that looks not before, finds himself behind.

۱۶۴۶- جو دیکھ کر نہیں چلتا ٹھوکر کھاتا ہے۔

1647. He that marries for wealth sells his liberty.

۱۶۴۷- امیر بیوی غلام بنا کر رکھے گی۔

1648. He that measures not himself is measure.

۱۶۴۸- جو شخص اپنی حیثیت کو سمجھ کر اپنے آپ کو روک نہیں رکھتا ہے اس کو دوسرے اس کی حیثیت سے آگاہ کرتے ہیں۔

1649. He that mocks a cripple ought to be whole.

۱۶۴۹- پہلے اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو۔

1650. He that nothing questioneth nothing learneth. y

۱۶۵۰- پوچھنے سے علم بڑھتا ہے۔

1651. He that once deceives is never suspected.

۱۶۵۱- گیا اعتبار پھر واپس نہیں آتا۔

1652. He that plants trees loves others

beside himself.

۱۶۵۲- بوتا کوئی ہے کھاتا کوئی ہے-

1653. He that promises too much means nothing.

۱۶۵۳- بڑے بڑے وعدے کرنے والے کا اعتبار نہ کرو-

1654. He that repairs not a part builds all.

۱۶۵۴- تھوڑے کام سے بچنے والے کو سارا کام کرنا پڑتا ہے-

1655. He that resolves to deal with none but honest men must leave off dealing.

۱۶۵۵- دنیا میں دیانت داروں کا قحط ہے-

1656. He that respects not is not respected.

۱۶۵۶- جو عزت کرتا ہے وہی عزت کرواتا ہے-

1657. He that runs in the dark may well stumble.

۱۶۵۷- اندھیرے میں بھاگنے والا ٹھوکر کھائے گا-

1658. He that seeketh trouble never misses of it.

۱۶۵۸- جو مصیبت کو تلاش کرتا ہے مصیبت اسے تلاش کرتی ہے-

1659. He that serves two masters has to lie to one of them.

۱۶۵۹- دو آقاؤں سے وفاداری نہیں ہو سکتی-

1660. He that sharply chides is the most reddy to pardon.

۱۶۶۰- جو مارتا ہے وہ پیار بھی کرتا ہے-

1661. He that slays shall be slain.

۱۶۶۱- جیسے کو تیسا- جیسا کرو گے ویسا بھرو گے-

1662. He that sows thorns should not go barefoot.

۱۶۶۲- شیش محل میں بیٹھ کر دوسروں پر پتھر نہیں پھینکنے چاہئیں-

1663. He that spares the bad injures the good.

۱۶۶۳- بروں کو سزا نہ دینا بھلوں کے حق میں کانٹے بونا ہے-

1664. He that speaks ill of his wife dishonours himself.

۱۶۶۴- بیوی کی برائی اپنی بے عزتی ہے-

1665. He that speaks the things he should not, hears the thing he would not.

۱۶۶۵- ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے-

۲۶۸۴- دوا جس قدر کڑوی اتنی ہی اچھی!

2685. No road is long with good company.

۲۶۸۵- ہم سفر اچھے ہوں تو سفر آسانی سے طے ہو جاتا ہے۔

2686. No tale so good but may be spoiled

in telling.

۲۶۸۶- کام اچھے سے اچھا کیوں نہ ہو اگر ٹھیک طریقے سے نہ کیا جائے تو خراب ہو جائے گا۔

2687. No time was ever suitable in all points.

۲۶۸۷- اگر کام کرنے سے پہلے تمام نقائص کو رفع کرنے کی کوشش کی جائے تو دنیا میں کوئی کام کبھی شروع ہی نہ ہو۔

2688. No tree falls at the first stroke.

۲۶۸۸- کوئی بھی کام پہلی ہی کوشش میں نہیں ہوتا۔

2689. No vice but hath its patron.

۲۶۸۹- دنیا میں کوئی عیب ایسا نہیں جو انسان میں نہ ہو۔

2690. No vice remains complete within itself.

۲۶۹۰- ایک عیب سے اور بہت سے عیب پیدا ہو جاتے ہیں۔

2691. No way is impassable to virtue.

۲۶۹۱- نیکی کا گزر کہاں نہیں؟

2692. No wisdom to silence.

۲۶۹۲- خاموشی جیسی عقلمندی نہیں۔

2693. No worse thief than a bad book.

۲۶۹۳- بُری کتاب سے بڑھ کر وقت ضائع کرنے والی کوئی چیز نہیں۔

2694. Nobility constrains us.

۲۶۹۴- شرافت ہی آدمی کو بُرا کام کرنے سے روکتی ہے۔

2695. Noble housekeepers need no doors.

۲۶۹۵- شریف کو کس کا ڈر؟

2696. Noblemindedness does not receive insult.

۲۶۹۶- شریف کو کوئی بے عزت نہیں کرتا۔

2697. Nobody calls himself a rogue.

۲۶۹۷- اپنی چھاچھ کو کون کھٹا بتاتا ہے؟

2698. Nobody is fond of fading flowers.

۲۶۹۸- مرجھائے ہوئے پھول کس کو بھاتے ہیں؟

2699. Nobdy's enemy but his own.

۲۶۹۹- اپنا دشمن آپ!

2700. None are so much enamoured with life as those growing old.

۲۷۰۰- جوں جوں انسان بوڑھا ہوتا ہے زندگی سے پیار بڑھتا جاتا ہے۔

2701. None are so well shod but they may slip.

۲۷۰۱- پوری حفاظت کرنے پر بھی مصیبت آ ہی جاتی ہے۔

2702. None are prevented by their own faults from pointing out those of anothers.

۲۷۰۲- اپنے عیب دوسروں کی عیب جوئی سے باز نہیں رکھتے!

2703. None can be good too soon.

۲۷۰۳- ایک دم کوئی نیک نہیں بن جاتا!

2704. None is a fool always, everyone sometimes.

۲۷۰۴- ہمیشہ کوئی بیوقوف نہیں رہتا لیکن کبھی کبھی سب سے بیوقوفی ہو ہی جاتی ہے-

2705. None is so wise but the fool sometimes overtakes him.

۲۷۰۵- بعض اوقات بیوقوف بھی عقلمند کو زک کر دیتا ہے-

2706. None knows what will happen to him before sunset.

۲۷۰۶- پل کی خبر نہیں! گھڑی میں گھڑیال-

2707. None says his garner is full.

۲۷۰۷- اپنا دھن اور پرائی عقل سب کو تھوڑے لگتے ہیں-

2708. None so blind as those that will not see.

۲۷۰۸- سوتے کو سب جگا سکتے ہیں مگر جو جاگتا آنکھیں بند کیے پڑا ہو اس کو کون جگائے-

2709. None so deaf as those that will not hear.

۲۶۹۴- شرافت ہی آدمی کو برا کام کرنے سے روکتی ہے-

2695. Noble housekeepers need no doors.

۲۶۹۵- شریف کو کس کا ڈر؟

2696. Noblemindedness does not receive insult.

۲۶۹۶- شریف کو کوئی بے عزت نہیں کرتا-

2697. Nobody calls himself a rogue.

۲۶۹۷- اپنی چھاچھ کو کون کھٹا بتاتا ہے؟

2698. Nobody is fond of fading flowers.

۲۶۹۸- مرجھائے ہوئے پھول کس کو بھاتے ہیں؟

2699. Nobdy's enemy but his own.

۲۶۹۹- اپنا دشمن آپ!

2700. None are so much enamoured with life as those growing old.

۲۷۰۰- جوں جوں انسان بوڑھا ہوتا ہے زندگی سے پیار بڑھتا جاتا ہے-

2701. None are so well shod but they may slip.

۲۷۰۱- پوری حفاظت کرنے پر بھی مصیبت آ ہی جاتی ہے-

2702. None are prevented by their own faults from pointing out those of anothers.

۲۷۰۲- اپنے عیب دوسروں کی عیب جوئی سے باز نہیں رکھتے!

2703. None can be good too soon.

۲۷۰۳- ایک دم کوئی نیک نہیں بن جاتا!

2704. None is a fool always, everyone sometimes.

۲۷۰۴- ہمیشہ کوئی بیوقوف نہیں رہتا لیکن کبھی کبھی سب سے بیوقوفی ہو ہی جاتی ہے۔

2705. None is so wise but the fool sometimes overtakes him.

۲۷۰۵- بعض اوقات بیوقوف بھی عقلمند کو زک کر دیتا ہے۔

2706. None knows what will happen to him before sunset.

۲۷۰۶- پل کی خبر نہیں! گھڑی میں گھڑیال۔

2707. None says his garner is full.

۲۷۰۷- اپنا دھن اور پرائی عقل سب کو تھوڑے لگتے ہیں۔

2708. None so blind as those that will not see.

۲۷۰۸- سوتے کو سب جگا سکتے ہیں مگر جو جاگتا آنکھیں بند کئے پڑا ہو اس کو کون جگائے۔

2709. None so deaf as those that will not hear.

۲۷۰۹- ایسے بہرے سے زیادہ بہرا کون جو سن سکتا ہے اور نہ سنے!

2710. Nor are any prayers, unless righteous, heard by God.

۲۷۱۰- صرف نیک دعا ہی قبول ہوتی ہے-

2711. Nor can you suppose that any one is happy but the man who is wise and good.

۲۷۱۱- مسرت صرف عقلمند اور نیک کے حصے آتی ہے-

2712. Nor can easily find one man is many thousands who considers that virtue is its own reward.

۲۷۱۲- شاذ ہی کوئی ایسا ہوگا جو نیکی کا صلہ نہ چاہتا ہو!

2713. Nor is it less a virtue to take care of property than to acquire it.

۲۷۱۳- بچانا کمانے کے برابر ہے-

2714. Not every word wants an answer.

۲۷۱۴- ہر بات کا جواب نہیں ہوتا-

2715. Not even Hercules could contend with two persons.

۲۷۱۵- دو کے ساتھ گاما بھی نہیں لڑ سکتا!

2716. Not knowledge but practice.

۲۷۱۶- علم سے بڑھ کر مشق ہے۔

2717. Not so good to borrow as to be able to lend.

۲۷۱۷- قرض لینے کی نسبت مہاجن ہونا بہتر ہے۔

2718. Not to advance is to go back.

۲۷۱۸- ترقی نہ کرنا گویا تنزلی ہے۔

2719. Nothing comes amiss to a hungry man.

۲۷۱۹- بھوکے کو سوکھی بھی چپڑی کے برابر۔

2720. Nothing is a man's truly, but what he cometh by duly.

۲۷۲۰- انسان کی اصلی دولت وہی ہے جو دیانتداری سے کمائی جائے۔

2721. Nothing is invented and perfected as the same time.

۲۷۲۱- ایجاد ہوتے ہی کوئی چیز بہترین نہیں بن جاتی۔ خواہ کوئی چیز ہو مکمل ہوتے دیر لگتی ہے۔

2722. Nothing is so strongly fortified that it cannot be taken by means of money.

۲۷۲۲- زر ہر قسم کی کامیابی کی کنجی ہے۔

2723. Nothing can be made out of

nothing.

۲۷۲۳- جب کچھ ہے ہی نہیں تو نکلے گا کیا؟

2724. Nothing more useful than the sun and salt.

۲۷۲۴- نمک اور سورج سے بڑھ کر کوئی چیز مفید نہیں-

2725. Nothing is so difficult that it may not be found out by research.

۲۷۲۵- وہ کونسا عقدہ ہے جو واہ ہو نہیں سکتا؟

2726. Nothing in haste but catching fleas.

۲۷۲۶- جلدی میں کوئی کام ٹھیک نہیں ہوتا-

2727. Nothing is bad if we understand it right.

۲۷۲۷- کوئی چیز بری نہیں اگر اس کا ٹھیک مطلب سمجھ میں آجائے-

2728. Nothing is certain but uncertainty.

۲۷۲۸- دنیا میں کسی بات کا بھی بھروسہ نہیں-

2729. Nothing is difficult to a well - willed man.

۲۷۲۹- ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا!

2730. Nothing is impossible to a willing mind.

۲۷۳۰- شوق کے آگے کوئی چیز ناممکن نہیں!

2731. Nothing is easy to the negligent.

۲۷۳۱- جو غفلت شعار ہو اس کے لئے کوئی کام آسان نہیں۔

2732. Nothing is fine but what is fit.

۲۷۳۲- جو اپنے حالات کے مطابق ہو وہی چیز اچھی۔

2733. Nothing is got without pains, except poverty.

۲۷۳۳- مفلسی کے سوائے کوئی چیز تکلیف اٹھائے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔

2734. Nothing is make like an honest man than a rascal.

۲۷۳۴- مکار دیکھنے میں دیانتدار معلوم ہوتا ہے۔

2735. Nothing is lost and nothing is created, simply matter changes form.

۲۷۳۵- دُنیا میں نہ کوئی چیز پیدا ہوتی ہے نہ فنا ہوتی ہے محض شکل کی تبدیلی ہوتی ہے۔

2736. Nothing is our but time.

۲۷۳۶- صرف وقت پر ہمارا قبضہ ہے اور کچھ ہمارا نہیں!

2737. Nothing is safe from fault finders.

۲۷۳۷- نکتہ چین ہر چیز میں نقص نکالتا ہے۔

2738. Nothing is to be presumed on or despaired of.

۲۷۳۸- نہ تو حد سے زیادہ امید رکھو اور نہ مایوس ہو!

2739. Nothing secure unless suspected.

۲۷۳۹- ڈر نہ ہو تو حفاظت کب ہو سکے؟

2740. Nothing sharpens sight like envy.

۲۷۴۰- حاسد کو ذرا ذرا سی بات نظر آجاتی ہے-

2741. Nothing stands in need of lying but a lie.

۲۷۴۱- ایک جھوٹ کے لئے دس جھوٹ چاہئیں-

2742. Nothing succeeds like success.

۲۷۴۲- چلتی کا نام گاڑی!

2743. Nothing that is violent is permanent.

۲۷۴۳- تندی میں پائیداری کہاں؟

2744. Nothing venture, nothing have.

۲۷۴۴- کوشش کے بغیر کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا-

2745. Nothing rushly is serviceable every where.

۲۷۴۵- اندھادھندی کے کام کا کہیں بھی فائدہ نہیں ہوتا-

2746. Nothing deters a good man from what is right.

۲۷۴۶- نیک کو نیک راہ سے کوئی نہیں ہٹا سکتا ہے!

2747. Nothing can be purchased which is better than a friend.

۲۷۴۷-دوست سے بڑھ کر کوئی نہیں- دولت دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے-

2748. Nothing is rougher than a low-bred man when he was risen to a height.

۲۷۴۸- کم ظرف عالی رتبہ پر پہنچ کر بھی کم ظرف ہی رہے گا-

2749. Nothing is new.

۲۷۴۹- دنیا میں کوئی بات نئی نہیں ہے-

2750. Nothing is difficult to a brave and faithful man.

۲۷۵۰- بہادر اور وفادار انسان کے لئے کوئی بھی کام مشکل نہیں-

2751. Nothing in the affairs of men is worthy of great anxiety.

۲۷۵۱- کسی بات کی زیادہ فکر نہیں کرنی چاہئے-

2752. Nothing fattens the horse so much as the eye of its master.

۲۷۵۲- گھوڑا اور کسی چیز سے اتنا موٹا نہیں ہوتا جتنا آقا کی نظر شفقت سے-

2753. Nothing is more inventive than

suffering.

۲۷۵۳- تکلیف ایجاد کی ماں ہے۔

2754. Nothing comes out of what is nothing.

۲۷۵۴- خالی برتن سے کیا نکلے گا؟

2755. Nothing is impossible to industry.

۲۷۵۵- مشقت سے کیا نہیں ہو سکتا؟

2756. Nothing is swifter than the years.

۲۷۵۶- وقت بہت تیزی سے بھاگتا ہے۔

2757. Nothing is better than a well-dispositioned wife.

۲۷۵۷- خوش مزاج بیوی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں!

2758. Nothing is so popular as kindness.

۲۷۵۸- جتنی عزت رحمدلی کی ہوتی ہے اتنی اور کسی چیز کی نہیں ہوتی!

2759. Nothing stake, nothing draw.

۲۷۵۹- بغیر ہاتھ پیر پھیلائے کچھ نہیں ہوتا۔

2760. Nothing is new, and nothing is true, and nothing matters.

۲۷۶۰- دنیا میں کوئی چیز نئی نہیں نہ کسی بات میں حقیقی سچائی ہے نہ کسی چیز کو وقعت حاصل ہے۔

2761. Noughty lay clown, noughty take

up.

۲۷۶۱- کچھ دھرو گے نہیں تو اٹھاؤ گے کیا؟

2762. Novelty sets the people a gaping.

۲۷۶۲- حیرت کا موجب نیا پن ہے۔

2763. Now is the watchword of the wise.

۲۷۶۳- عقلمند آج کا کام کل پر نہیں چھوڑتا۔

2764. Oaks may fall when reeds stand the storm.

۲۷۶۴- آندھی تناور درختوں کو اکھاڑ دیتی ہے لیکن سرکنڈوں کو کچھ نہیں کہتی!

2765. Obedience is much more seen in little things than in great.

۲۷۶۵- بڑے بڑے معاملات کی نسبت چھوٹی چھوٹی باتوں میں اطاعت زیادہ دیکھی جاتی ہے۔

2766. Oblivion is the remedy for injuries.

۲۷۶۶- بھول جانے سے بڑھ کر نقصان کی کوئی تلافی نہیں!

2767. Observation, not old age, brings wisdom.

۲۷۶۷- حصول عقل کا ذریعہ بڑھاپا نہیں بلکہ مشاہدہ ہے۔

2768. Of all crafts downright is the best craft.

۲۷۶۸- راستی سب تدبیروں سے بڑھ کر ہے۔

2769. Of all pests the most pestilent is superstition.

۲۷۶۹- وہم کا علاج لقمان کے پاس بھی نہ تھا!

2770. Of all men living I am the most completely beaten down.

۲۷۷۰- دنیا میں ہر شخص اپنے آپ کو سب سے بد قسمت سمجھتا ہے۔

2771. Of an ill wood take though it be but on stick.

۲۷۷۱- نیم کے درخت کی ہر ڈال کڑوی!

2772. Of enough man leaves.

۲۷۷۲- بہت ہو تبھی باقی بچ سکتا ہے۔

2773. Of evil grain no good seed can come.

۲۷۷۳- برے دانوں کے اچھے بیج نہیں بن سکتے۔

2774. Of goods ill-got, the third heir joyeth not.

۲۷۷۴- حرام کا مال تیسری پشت تک نہیں رہتا!

2775. Of ill debtors men take oaths.

۲۷۷۵-ایماندار کو حلف اٹھانے کی کیا ضرورت؟

2776. Of one ill come many.

۲۷۷۶- ایک خرابی سے ہزار خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں-

2777. Of saving cometh having.

۲۷۷۷-دولت بچانے سے ہی جمع ہوتی ہے-

2778. Of so much importance is training in our tender years.

۲۷۷۸- بچپن میں اچھی تربیت جس قدر ضروری ہے اتنی کسی اور چیز کی نہیں-

2779. Of soup and love the first is the best.

۲۷۷۹- سوکھا پیار کرنے والے سے وہ اچھا جو پیٹ بھرے-

2780. Of two evils choose the lesser one.

۲۷۸۰- دو برائیاں درپیش ہوں تو چھوٹی برائی چن لو-

2781. Of evils one should select the least.

۲۷۸۱- جس بات میں کم نقصان ہو وہی کرو!

2782. Offer not the pear to him that gave the apple.

۲۷۸۲- جس کو ضرورت نہیں اس کو دینے کا کیا فائدہ؟

2783. Oft counting makes good friends.

۲۷۸۳- دوستوں کا خیال رکھا جائے تو دوستی برقرار رہتی ہے۔

2784. *Often and little eating makes a man fat.*

۲۷۸۴- تھوڑا تھوڑا بار بار کھانا انسان کو موٹا بنا دیتا ہے۔

2785. *Old age and the wear of time teach many things.*

۲۷۸۵- بڑھاپا اور وقت بہت کچھ سکھا دیتے ہیں۔

2786. *Often a great man comes forth from a humble cottage.*

۲۷۸۶- لعل گدڑیوں میں بھی ہوتے ہیں۔ بعض اوقات کیچڑ سے بھی ہیرا نکل آتا ہے۔

2787. *Old age brings this one voice to mankind that we are all more eager after acquiring property than we should be.*

۲۷۸۷- بڑھاپا انسان کو یہ بتاتا ہے کہ دولت کی ہوس اس قدر نہیں ہونی چاہئے جتنی دُنیا میں ہے۔

2788. *Oh, the love of a mother, love which none can forget!*

۲۷۸۸- ماں کے پیار جیسا کسی کا پیار نہیں!

2789. *Oil and truth get uppermost.*

۲۷۸۹- تیل اور بیچ ابھرے پر اُبھرے-

2790. Old age is a heavy burden.

۲۷۹۰- بڑھاپا بھاری بوجھ ہے-

2791. Old age is honourable.

۲۷۹۱- بوڑھے آدمی کی عزت کرنا واجب ہے-

2792. Old age itself is a disease.

۲۷۹۲- بڑھاپا بذاتِ خود ایک بیماری ہے-

2793. Old age makes us wiser and more foolish.

۲۷۹۳- بڑھاپا ہمیں عقلمند بھی بناتا ہے اور بیوقوف بھی!

2794. Old age, though despised, is covted by all.

۲۷۹۴- بڑھاپے سے اگرچہ سب کو نفرت ہے لیکن جوان مرنا بھی کوئی نہیں چاہتا!

2795. Old birds are hard to pluck.

۲۷۹۵- بوڑھوں کو دھوکہ دینا مشکل ہے-

2796. Old birds are not caught with chaff.

۲۷۹۶- سیانا کوا دام میں نہیں پھنستا!

2797. Old customs are good customs.

۲۷۹۷- پرانے رسم و رواج اچھے رسم و رواج ہیں-

2798. Old friends are best.

۲۷۹۸- پرانے دوست سب سے اچھے دوست-

2799. Old head on young shoulders.

۲۷۹۹- پیٹ میں داڑھی!

2800. Old friends should not be deserted for new ones.

۲۸۰۰- نئے دوستوں کی خاطر پرانے دوستوں کو نہیں چھوڑ دینا چاہئے-

2801. Old wood, old friends, old wine and old authors are best.

۲۸۰۱- پرانی لکڑی، پرانے دوست، پرانی شراب اور پرانے مصنف سب سے اچھے-

2802. Old men are soon angry.

۲۸۰۲- بوڑھوں کو جلد غصہ آجاتا ہے-

2803. Old men are twice children.

۲۸۰۳- بوڑھے بچوں سے بھی بڑھ کر ہوتے ہیں-

2804. Old men go to death, death comes to young men.

۲۸۰۴- بوڑھے موت کے پاس جاتے ہیں اور موت جوانوں کے پاس آتی ہے-

2805. Old ovens are soon hot.

۲۸۰۵- بوڑھے عموماً سخت دل ہوتے ہیں-

2806. Old praise dies unless you feed it.

۲۶۰۶- مال ملتا رہے تو خوشامد بھی ہوتی رہتی ہے۔

2807. Old shoes are easiest.

۲۸۰۷- پرانے جوتے آرام دہ ہوتے ہیں۔

2808. Old sin, new shame.

۲۸۰۸- کیے ہوئے گناہ کے لیے بار بار ندامت اٹھانی پڑتی ہے۔

2809. Old wounds soon bleed.

۲۸۰۹- پرانے گھاؤ جلد ہرے ہو جاتے ہیں۔

2810. On a good bargain think twice.

۲۸۱۰- سستی بھیڑ کی ٹانگ اٹھا اٹھا کر دیکھتے ہیں۔

2811. On painting and fighting look afar off.

۲۸۱۱- تصویر اور لڑائی کو دور ہی سے دیکھنا چاہیے!

2812. Once a knave, always a knave.

۲۸۱۲- چور چوری سے جائے ہیرا پھیری سے نہ جائے۔

2813. Once a thief, always a thief.

۲۸۱۳- چور اپنی عادت کبھی نہیں چھوڑ سکتا!

2814. Once does not make a custom.

۲۸۱۴- کوئی بات ایک بار کیے جانے سے رسم نہیں ہو جاتی۔

2815. Once out, always out.

۲۸۱۵- نکلی ہونٹوں- چڑھی کوٹھوں!

2816. Once in ten years one man hath

need of another.

۲۸۱۶- آدمی کو آدمی سے سو بار واسطہ پڑتا ہے۔

2817. Once pay it, never crave it.

۲۸۱۷- ایک بار دے کر پھر اس کی ہوس نہ رکھو!

2818. One ass nickname another, Long ears.

۲۸۱۸- چھاج تو بولے سو بولے چھلنی بھی بولے جس میں بہتر سو چھید!

2819. One barking dog sets all the street a barking.

۲۸۱۹- بھیڑ چال۔

2820. One beats the bush and another catcheth the bird.

۲۸۲۰- انڈے دیوے کوئی، بچے سیوے کوئی!

2821. One beggar grieves that another goes by the got.

۲۸۲۱- ایک کا فائدہ تو دوسرے کا نقصان۔

2822. One can live on little, but not on nothing.

۲۸۲۲- انسان چنوں پر تو جی سکتا ہے لیکن ہوا پر نہیں!

2823. One evil rises out of another.

۲۸۲۳- ایک برائی سے دوسری برائی پیدا ہوتی ہے۔

2824. One falsehood makes way for another.

۲۸۲۴- ایک جھوٹ سے دوسرا جھوٹ پیدا ہوتا ہے-

2825. One eye-witness is better than ten hearsay witnesses.

۲۸۲۵- ایک چشم دید گواہ دس سنی سنائی کہنے والے گواہوں سے بہتر ہے-

2826. One gives nothing so liberally as advice.

۲۸۲۶- نصیحت دینے میں کیا خرچ ہوتا ہے؟

2827. One fish infects the whole water.

۲۸۲۷- ایک مچھلی سارے جل کو گندہ کر دیتی ہے-

2828. One cannot share another's grief.

۲۸۲۸- بانٹ لے کوئی کسی کا درد یہ ممکن نہیں!

2829. One crow will not pick out another crow's eyes.

۲۸۲۹- بھائی بھائیوں کے- کوے کووں کے-

2830. One does the work, another gets the name.

۲۸۳۰- لڑے فوج نام سردار کا-

2831. One flower makes no garland.

۲۸۳۱- ہلدی کی ایک گانٹھ لیکر پنساری بن بیٹھے-

2832. One good turn deserves another.

۲۸۳۲- اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے-

2833. One ill word asketh another.

۲۸۳۳- گالی دو گے تو گالی سنو گے!

2834. One good word can warm three winter months.

۲۸۳۴- شیریں الفاظ سخت سے سخت دل کو بھی موم کر لیتے ہیں-

2835. One grain fills not a sack, but helps his fellows.

۲۸۳۵- ایک دانے سے بوری تو نہیں بھرتی لیکن ایک دانہ بھی اور دانوں کو بوری بھرنے میں مدد دیتا ہے-

2836. One grain of pepper is worth a cartload of hail.

۲۸۳۶- کار آمد چیز رتی بھر بھلی بیکار چیز من بھر کس کام کی؟

2837. One half the world does not know how the the other half lives.

۲۸۳۷- آدھی دنیا کو یہ معلوم نہیں کہ باقی آدھا دنیا کس طرح گزر بسر کرتی ہے-

2838. One hand washes another.

۲۸۳۸- دنیا میں چراغ سے چراغ جلتا ہے-

2839. One hand washes the other and

both the face.

۲۸۳۹- آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے سے سب کو فائدہ پہنچتا ہے۔

2840. One has often need of a lesser than one's half.

۲۸۴۰- اکثر اپنے سے چھوٹوں سے بھی کام پڑ جاتا ہے۔

2841. One head cannot hold all wisdom.

۲۸۴۱- ایک سر میں دنیا بھر کی عقل نہیں سما سکتی۔

2842. One hour in doing justice is worth a hundred in prayer.

۲۸۴۲- تولہ بھر انصاف من بھر دعا سے اچھا ہے۔

2843. One hour's sleep before midnight is worth three after.

۲۸۴۳- آدھی رات سے پہلے ایک گھنٹے کی نیند آدھی رات کے بعد تین گھنٹے کی نیند کے برابر ہے۔

2844. One ill weed mars a whole pot of pottage.

۲۸۴۴- ایک مچھلی سارے جل کو گندا کر دیتی ہے۔

2845. One ill word meets another.

۲۸۴۵- ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے!

2846. One is not so soon healed as hurt.

۲۸۴۶- چوٹ لگتے اتنی دیر نہیں لگتی جتنی علاج میں-

2847. One lawsuit breeds twenty.

۲۸۴۷- ایک مقدمہ کے بیس بن جاتے ہیں-

2848. One lie makes many.

۲۸۴۸- ایک جھوٹ کے ہزار جھوٹ ہو جاتے ہیں-

2849. One mad action is not enough to prove a man mad.

۲۸۴۹- ایک بار شراب پینے والے کو شرابی نہیں کہہ سکتے-

2850. One man can lead a horse to the water but twenty cannot make him drink water.

۲۸۵۰- کسی بھی شخص کو کام کرنے کی ترغیب دی جا سکتی ہے لیکن اسے مجبور نہیں کیا جا سکتا-

2851. One lie draws ten after it.

۲۸۵۱- ایک جھوٹ کے پیچھے دس جھوٹ اور بولنے پڑتے ہیں-

2852. One makes chair, another sits one it.

۲۸۵۲- ایک کماتا ہے دوسرا مزے اڑاتا ہے-

2853. One man's meat is another man's poison.

۲۸۵۳- ایک کے لئے امرت ہے تو ممکن ہے دوسرے کے لئے زہر ہو-

2854. One may be confuted and yet not

convinced.

۲۸۵۴- کسی کو لاجواب کرنا اور بات ہے اور اس کو قائل کرنا اور بات-

2855. One may sooner fall than rise.

۲۸۵۵- گرنا آسان ہے اٹھنا مشکل-

2856. One must draw back in order to leap better.

۲۸۵۶- اچھی چھلانگ لگانے کے لئے ذرا سا پیچھے ہٹنا ضروری ہے-

2857. One nail drives out another.

۲۸۵۷- ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں-

2858. One never loseth by doing good turns.

۲۸۵۸- خیرات کرنے سے کوئی کنگال نہیں ہوتا-

2859. One of these days is better than none of these days.

۲۸۵۹- ان ہوت سے ہوت بھلی!

2860. One pair of ears draws dry a hundred tongues.

۲۸۶۰- سو بات کرنے والے تھک جائیں پر ایک سننے والا نہیں تھکتا!

2861. One ploughs, another sows; who will reap, no one knows.

۲۸۶۱- ہل کوئی چلائے بیج کوئی بوئے نہ جانے پھل کون کھائے؟

2862. One pot sets another boiling.

۲۸۶۲- خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔

2863. One post and a hundred candidates.

۲۸۶۳- ایک انار سو بیمار!

2864. One saddle is enough for one horse.

۲۸۶۴- ایک گھوڑے کے لئے ایک کاٹھی کافی ہے۔

2865. One sheep follows another.

۲۸۶۵- بھیڑ چال!

2866. One shoe off and one shoe on.

۲۸۶۶- بے ترتیبی۔

2867. One should be compliant with the time.

۲۸۶۷- چلن زمانے کے مطابق ہونا چاہئے۔ زمانہ تیرے موافق نہ ہو تو زمانہ کے موافق ہو جا!

2868. One sickly sheep infects the flock.

۲۸۶۸- ایک مچھلی سارے جل کو گندہ کر دیتی ہے۔

2869. One slays, another pays.

۲۸۶۹- کرے کوئی۔ بھرے کوئی!

2870. One slumber invites another.

۲۸۷۰- تھوڑی سستی سے زیادہ سستی پھیلتی ہے۔

2871. One stands in need of the assistance of another.

۲۸۷۱- دنیا میں اکیلا آدمی کچھ نہیں کر سکتا!

2872. One stroke fells not one oak.

۲۸۷۲- ایک ہی بار کوشش سے کام نہیں ہو جاتا۔

2873. One swallow maketh not summer.

۲۸۷۳-ایک چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔

2874. One Take this is better than two I will give.

۲۸۷۴- نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔

2875. One today is worth two tomorrow.

۲۸۷۵- آج کی ایک کل کی دو کے برابر۔

2876. One tongue is enough for a woman.

۲۸۷۶- عورت کے لئے ایک ہی زبان کافی ہے۔

2877. One trick needs a great many more to make it good.

۲۸۷۷-ایک جھوٹ کو ثابت کرنے کے لئے دس جھوٹ اور بولنے پڑتے ہیں۔

2878. One woman will take another woman's part.

۲۸۷۸- عورت عورت کا ساتھ دے گی!

2879. One wrong step may give you a fall.

۲۸۷۹- بوند کا گیا پھر حوض سے نہیں آتا!

2880. One is too few, three is too many.

۲۸۸۰- اکیلا نہیں کے برابر- تین کا مطلب جمگھٹا-

2881. Only the wearer knows where the shoe pinches.

۲۸۸۱- جس کے پیر نہ پھٹی بوائی- وہ کیا جانے پیڑ پرائی!

2882. Open confession is good for the soul.

۲۸۸۲- اپنے قصور کا کھلم کھلا اعتراف کر لینا ضمیر کے لئے اچھا-

2883. Open not the door when the devil knocks.

۲۸۸۳- شیطان کھٹکھٹائے تو دروزہ مت کھولو!

2884. Opinion is the queen of the world.

۲۸۸۴- رائے دنیا کی ملکہ ہے-

2885. Opinions are like fashions, beautiful when new, ugly when discarded.

۲۸۸۵- رائے وضع کی طرح ہوتی ہے نئی نئی خوبصورت لگتی ہے پرانی کو کوئی نہیں پوچھتا-

2886. Opportunity is often lost by passing.

۲۸۸۶- دیر کرنے سے اکثر موقع ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔

2887. Opportunity makes the thief.

۲۸۸۷- موقع ہی انسان کو چور بنا دیتا ہے۔

2888. Oppression never thrives.

۲۸۸۸- سبز ہوتے دیکھا ہے کھیت کبھی شمشیر کا؟

2889. Other times, other manners.

۲۸۸۹- ہر ایک بات وقت کے مطابق ہونی چاہئے۔

2890. Our ancestors grew not great by hawking and hunting.

۲۸۹۰- ہمارے آباؤ اجداد صرف شکار کھیل کر بڑے نہیں بنے!

2891. Our best friend is our work.

۲۸۹۱- کام سب سے اچھا دوست ہے۔

2892. Our birth made us mortal, our death will make us immortal.

۲۸۹۲- پیدا ہوئے تو فانی بنے مر جائیں گے تو لافانی ہو جائیں گے۔

2893. Our neighbour's hen seems a goose.

۲۸۹۳- دوسرے کی چھوٹی چیز بھی بڑی معلوم ہوتی ہے۔

2894. Our opinion is never wrong.

۲۸۹۴- اپنی رائے کو کوئی غلط نہیں مانتا!

2895. Our whole life is but a greater and longer childhood.

۲۸۹۵- انسان ساری عمر بچہ رہتا ہے-

2896. Out of debt, out of danger.

۲۸۹۶- بھلا جو چاہے آپ کا- دینا نہ رکھے باپ کا!

2897. Out of sight, out of mind.

۲۸۹۷- آنکھ سے اوجھل، دل سے دور!

2898. Out of the frying pan into the fire.

۲۸۹۸- آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا-

2899. Over fast, over loose.

۲۸۹۹- شتابی میں خرابی!

2900. Over big, over low.

۲۹۰۰- اعتدال سے تجاوز خرابی کا باعث ہوتا ہے!

2901. Over shoes, over boots.

۲۹۰۱- اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں سے کیا ڈر!

2902. Overdone is worse than underdone.

۲۹۰۲- حد سے زیادہ معمول سے کم سے بھی بُرا-

2903. Over-feeding has destroyed many more than hunger.

۲۹۰۳- بھوک سے اتنے آدمی نہیں مرتے جتنے زیادہ کھانے سے مرتے ہیں-

P

2904. Painted pictures are dead speakers.

۲۹۰۴- تصویریں کیا ہیں گویا جان نہیں پر زبان ہے۔

2905. Pain forces even the innocent to lie.

۲۹۰۵- ایذا بیگناہ کو بھی جھوٹ بولنے پر مجبور کر دیتا ہے۔

2906. Pain of mind is worse than pain of body.

۲۹۰۶- دماغی تکلیف جسمانی تکلیف سے بُری ہے۔

2907. Painters and poets have leave to lie.

۲۹۰۷- مصوروں اور شاعروں کو مبالغہ کی اجازت ہے۔

2908. Pardon is the choicest flower of victory.

۲۹۰۸- فتح کی سب سے بڑی خوبی دشمن کو معاف کر دینے میں ہے۔

2909. Pardons and pleasantness are great revengers of slanders.

۲۹۰۹- بدنام کنندہ سے انتقام لینے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسے معاف کر دیا جائے اور اس کے ساتھ نرمی اور نیکی کا سلوک روا رکھا جائے۔ عفو میں جو لذت ہے وہ انتقام میں نہیں۔

2910. Parents are patterns.

۲۹۱۰- والدین اولاد کے لئے نمونہ ہوتے ہیں۔

2911. Parnassus has no gold mines in it.

۲۹۱۱- دُور کے ڈھول سہانے!

2912. Pass me the rhubarb and I will pass you the senna.

۲۹۱۲- اِس ہاتھ لے اُس ہاتھ لے-

2913. Patience and application will carry through.

۲۹۱۳- صبر اور محنت کی ڈالی میں پھل لگتا ہے-

2914. Patience conquers the world.

۲۹۱۴- صبر دنیا کو فتح کر لیتا ہے-

2915. Patience is a flower that grows not in every one's garden.

۲۹۱۵- صبر سب نہیں کرنا جانتے!

2916. Patience is a plaster for all sores.

۲۹۱۶- کیسا ہی گھاؤ ہو صبر اس کے لئے مرہم کا پھایا ہے-

2917. Patience is bitter, but its fruit is sweet.

۲۹۱۷- صبر اگرچہ تلخ ہے لیکن اس کا پھل میٹھا ہے-

2918. Patience is the greatest prayer.

۲۹۱۸- صبر ہی سب سے بڑی دُعا ہے-

2919. Patience is the key of content.

۲۹۱۹- صبر قناعت کی جڑ ہے-

2920. Patience is the key of pardise.

۲۹۲۰- صبر والے کو جنت ملتی ہے-

2921. Patience , money and time bring all things to pass.

۲۹۲۱- صبر، روپیہ اور وقت کے آگے کوئی بات ناممکن نہیں-

2922. Patience is a stout horse but it tires at last.

۲۹۲۲- صبر میں بڑی برداشت ہے لیکن آخر اس کی بھی انتہا ہے-

2923. Patience wears out stones.

۲۹۲۳- صبر کی طاقت حد اندازہ سے باہر ہے-

2924. Patience with poverty is all a poor man's remedy.

۲۹۲۴- غریب کو مفلسی میں صبر کے سوائے کیا چارہ ہے-

2925. Patient waiters are no losers.

۲۹۲۵- جو صبر کرتا ہے کبھی گھاٹے میں نہیں رہتا-

2926. Pay beforehand and your work will be behindhand.

۲۹۲۶- اگر پیشگی اجرت دے دو تو کام کبھی وقت پر نہ ہو گا-

2927. Pay well when you are served well.

۲۹۲۷- کھری مزدوری چوکھا کام!

2928. *Pay what you owe and what you are worth you'll know.*

۲۹۲۸- سب کا حساب بیباق کر دو تو تم کو اپنی صحیح مالی حالت کا اندازہ ہو سکتا ہے-

2929. *Peace with a cudgel in hand is war.*

۲۹۲۹- ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے صلح نہیں ہو سکتی-

2930. *Peace is always the final aim of war.*

۲۹۳۰- لڑائی کا مقصد آخر صلح ہی ہے-

2931. *Peace is more powerful than war.*

۲۹۳۱- صلح میں جنگ سے زیادہ طاقت ہے-

2932. *Peel a fig for your friend, a peach for your enemy.*

۲۹۳۲- دوست کے ساتھ خواہ تھوڑی نیکی کرو مگر دشمن کے ساتھ اور زیادہ نیکی کرو!

2933. *Penny and penny laid up will be many.*

۲۹۳۳- بوند بوند کر کے تالاب بھر جاتا ہے-

2934. *Penny goes after penny, till Peter has not any.*

۲۹۳۴- پیسہ پیسہ کر کے قارون کا خزانہ خالی ہو جاتا ہے-

2935. Pennywise pound foolish.

۲۹۳۵- گنوار گنا نہ دے بھیلی دے-

2936. People love without reason, and without reason they hate.

۲۹۳۶- محبت اور نفرت کی کوئی وجہ نہیں ہوتی-

2937. Penniless amid great plenty.

۲۹۳۷- سب کچھ ہوتے ہوئے بھی کنگال-

2938. People throw stones only at trees with fruit on them.

۲۹۳۸- پھل والے درخت پر ہی پتھر پھینکا جاتا ہے-

2939. People who are too sharp cut their own fingers.

۲۹۳۹- سیانا کوا اکثر گوہ میں منہ ڈالتا ہے-

2940. Perfection walks slowly; she requires the hand of times.

۲۹۴۰- حصول مہارت کے لئے وقت درکار ہے-

2941. Perpetual use of anything is given to no one and heir follows heir as wave succeeds on wave.

۲۹۴۱- ایک ہی شخص ہمیشہ کسی چیز کا مالک، نہیں رہتا- ایک کے بعد دوسرا جانشین اس طرح آتا ہے جیسے لہر پر دوسری-

2942. Persevere and never fear.

۲۹۴۲- استقلال رکھو اور کبھی مت ڈرو۔

2943. Persistent kindness conquers those who are evilly disposed.

۲۹۴۳- لگاتار نیک سلوک ایسے اشخاص کو بھی جو تمہارا برا چاہتے ہوں اچھا بنا دیتا ہے۔

2944. Perseverance is never unfruitful.

۲۹۴۴- محنت کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔

2945. Persuasion is better than force.

۲۹۴۵- سمجھانا زبردستی سے اچھا ہے۔

2946. Perverseness makes one squint eyed.

۲۹۴۶- ہٹ دھرمی اصلیت سے اندھا کر دیتی ہے۔

2947. Peter in and Paul out.

۲۹۴۷- ایک اندر دوسرا باہر۔ آفتاب طلوع ہوتا ہے چاند غروب ہو جاتا ہے۔

2948. Physician, heal thyself.

۲۹۴۸- تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو!

2949. Piety is the foundation of all virtues.

۲۹۴۹- خدا ترسی سب خوبیوں کی جڑ ہے۔

2950. Pigs would grow fat where lambs

would strave.

۲۹۵۰- ایک ہی جگہ سب کو موافق نہیں آتی-

2951. Pills are to be swallowed, not chewed.

۲۹۵۱- گولی ثابت نگلنے کے لئے ہے- چبانے کے لئے نہیں-

2952. Pinch yourself and know how feel.

۲۹۵۲- دوسرے کی تکلیف کو وہی محسوس کر سکتا ہے جو تکلیف اٹھا چکا ہو-

2953. Pity cureth envy.

۲۹۵۳- حسد کا درمان رحم ہے-

2954. Pity is akin to love.

۲۹۵۴- محبت اور رحم دونوں بہن بھائی ہیں-

2955. Play with your peers.

۲۹۵۵- مذاق اور شادی برابر والوں سے زیب دیتے ہیں-

2956. Plant your taters when you will, they wou't come up before April.

۲۹۵۶- چاہے کتنی جلدی کرو فصل تو وقت پر ہی تیار ہوگی-

2957. Plain dealing is a jewel, but they that use it die beggars.

۲۹۵۷- دیانتداری جوہر ہے لیکن جو اسے استعمال کرتے ہیں کنگال مرتے ہیں-

2958. Play, women and wine undo men laughing.

۲۹۵۸- جواء، عورت اور شراب انسان کو ہنستے کھیلتے ہی تباہ کر دیتے ہیں۔

2959. Pleasure tasteth well after service.

۲۹۵۹- کام کے بعد کھیل اچھا لگتا ہے۔

2960. Plenty is no dainty.

۲۹۶۰- زیادہ ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ لذیذ بھی ہو۔

2961. Plenty is no fault.

۲۹۶۱- دولت مند ہونا کوئی جرم نہیں۔

2962. Plenty of eloquence but little wisdom.

۲۹۶۲- فصاحت بہت۔ عقل تھوڑی۔

2963. Plough deep whilst sluggards sleep.

۲۹۶۳- کاہل سوتے ہی رہتے ہیں دنیا اپنا کام کر جاتی ہے۔

2964. Plough or plough not, you must pay me my rent.

۲۹۶۴- ہل چلاؤ یا نہ چلاؤ لگان تو دینا ہی پڑے گا۔

965. Plutus (wealth) is full of fear.

۲۹۶۵- دولت کو ہر وقت خطرہ!

966. Pluck the grapes hanging from the

well-stocked vine.

۲۹۶۶- بہتی گنگا میں ہاتھ دھولو!

2967. Point not at other's spots with a foul finger.

۲۹۶۷- شیش محل میں بیٹھ کر دوسروں پر پتھر مت پھینکو!

2968. Poison is drunk out of gold.

۲۹۶۸- سونے کے پیالے میں سے لوگ زہر بھی پی لیتے ہیں-

2969. Policy may be virtuous as well as vicious.

۲۹۶۹- تدبیر نیک و بد دونوں طرح کی ہو سکتی ہے-

2970. Policy goes beyond strength.

۲۹۷۰- طاقت سے وہ کام نہیں نکلتا جو تدبیر سے نکلتا ہے-

2971. Poor and liberal, rich and covetous.

۲۹۷۱- غریب عموماً فیاض طبع ہوتا ہے اور امیر حریص ہوتے ہیں-

2972. Poor men are fond of little things.

۲۹۷۲- غریب آدمی چھوٹی چھوٹی باتوں کے شائق ہوتے ہیں-

2973. Poor folks seek meat for their stomachs, rich flocks, stomachs for their meat.

۲۹۷۳- غریب کو بھوک لگے تو اس کے پاس کھانے کو نہیں امیر کے پاس کھانے کو ہے تو اُسے بھوک کا رونا ہے-

2974. Poor man are apt to think everybody flouts them.

۲۹۷۴- غریب کو یہی خیال رہتا ہے کہ ہر کوئی اس کو حقارت سے دیکھتا ہے۔

2975. Poor men's reason are not heard.

۲۹۷۵- نقار خانے میں طوطی کی صدا کون سنتا ہے۔

2976. Popular opinion is the greatest lie in the world.

۲۹۷۶- عوام الناس کی رائے دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ ہے۔

2977. Positive men err most of any men.

۲۹۷۷- سیانا ہی خطا کھاتا ہے۔

2978. Positive men are oftenest in error.

۲۹۷۸- سیانا کوا کوڑے میں منہ ڈالتا ہے۔

2979. Positiveness is an evidence of poor judgement.

۲۹۷۹- کسی شخص کا بات کو بصد دعویٰ پیش کرنا اس بات پر دلالت ہے کہ اس کی قوتِ فیصلہ کتنی گھٹیا ہے۔

2980. Possession is as good as title.

۲۹۸۰- ملکیت چاہیے نام ہو یا نہ ہو!

2981. Possibilities are infinite.

۲۹۸۱- ممکنات لامحدود ہیں۔

2982. Postponed is not abandoned.

۲۹۸۲- ملتوی کرنے اور ترک کرنے میں فرق ہے۔

2983. Posterity gives to each man his due.

۲۹۸۳- موت کے بعد قدر پہچانی جاتی ہے۔

2984. Poverty breaks covenants.

۲۹۸۴- افلاس میں اصول کی پابندی کہاں رہتی ہے!

2985. Poverty has no greater foe than bashfulness.

۲۹۸۵- غریب کی بڑی دشمن شرم ہے۔

2986. Poverty is an evil counsellor.

۲۹۸۶- مفلسی بری صلاح کار ہے۔

2987. Poverty is no crime and no credit.

۲۹۸۷- مفلسی نہ جرم ہے نہ خوبی!

2988. Poverty is no sin but twice as bad.

۲۹۸۸- غریبی کوئی جرم نہیں لیکن جرم سے بڑھ کر ہے۔

2989. Poverty is querulous.

۲۹۸۹- ناداری جھگڑے کی جڑ ہے۔

2990. Poverty is the mother of all arts.

۲۹۹۰- بھوکا مرتا کیا نہ کرتا!

2991. Poverty is the mother of health.

۲۹۹۱- غربت میں ہی صحت ٹھیک رہتی ہے۔

2992. Poverty is the sixth sense.

۲۹۹۲- تنگ دستی عقل کو جلا دیتی ہے۔

2993. Poverty makes men poor spirited.

۲۹۹۳- مفلسی کمر توڑ دیتی ہے۔

2994. Poverty makes men ridiculous.

۲۹۹۴- غریب پر کون نہیں ہنستا؟

2995. Poverty tries true friendship.

۲۹۹۵- غریب سچی دوستی کی کسوٹی ہے۔

2996. Poverty breeds strife.

۲۹۹۶- غریبی میں ہزار جھگڑے۔

2997. Poverty on an old man's back is a heavy burden.

۲۹۹۷- بڑھاپے کی مفلسی سب سے بُری۔

2998. Poverty, that great reproach, bids us do or suffer anything.

۲۹۹۸- مفلسی کا داغ کونسی مصیبت نہیں لاتا اور کیا کیا نہیں کراتا۔

2999. Power is the best sort of eloquence.

۲۹۹۹- طاقت ہی سب سے بڑی فصاحت ہے۔

3000. Power is only given for good purpose.

۳۰۰۰- خدا طاقت اس لئے بخشتا ہے۔ کہ اس سے اچھے کام کئے جائیں!

3001. Power is bought by virtue alone.

۳۰۰۱- طاقت صرف نیکی سے ہی آسکتی ہے-

3002. Power is now-a-days given to none but the rich.

۳۰۰۲- آج کل طاقت صرف دولت کے ساتھ ہے-

3003. Practice is better than precept.

۳۰۰۳- وعظ تمثیل سے کم تر ہے-

3004. Practice makes perfect.

۳۰۰۴- مشق ہی ماہر بناتی ہے-

3005. Practise thrift or else you'll drift.

۳۰۰۵- جو کفایت شعاری نہیں برتتا تباہ ہو جاتا ہے-

3006. Practise what you preach.

۳۰۰۶- جو نصیحت کرو خود بھی اس پر عمل کرو!

3007. Praise a fool and you water his folly.

۳۰۰۷- بیوقوف کی تعریف کرنا اس کی بیوقوفی بڑھانا ہے-

3008. Praise day at night and life at the end.

۳۰۰۸- انت بھلا سو بھلا!

3009. Praise is always pleasant.

۳۰۰۹- تعریف ہمیشہ خوشگوار معلوم ہوتی ہے-

3010. Praise makes good men better and bad man worse.

۳۰۱۰- تعریف اچھوں کو اچھا اور بُروں کو بُرا بنا دیتی ہے-

3011. Praise none too much, for all are fickle.

۳۰۱۱- کسی کی حد سے زیادہ تعریف مت کرو کیونکہ زمانہ تغیر پذیر ہے-

3012. Praise of one's self is offensive.

۳۰۱۲- اپنے منہ میاں مٹھو!

3013. Praise Peter, but don't find fault with Paul.

۳۰۱۳- ایک کی تعریف کرو پر دوسرے کی بُرائی مت کرو!

3014. Praise the bridge which carries you over.

۳۰۱۴- جس کا کھاؤ اسی کا گن گاؤ!

3015. Praise the hill, but keep below.

۳۰۱۶- راجہ کی تعریف کرو پر اس سے دور رہو!

3016. Praise the sea, but keep on land.

۳۰۱۶- سمندر کی تعریف کرو پر دور سے ہی!

3017. Praise you friends, not yourself.

۳۰۱۷- اپنی تعریف خود نہ کرو بلکہ دوستوں کی کرو-

3018. Pray devoutly, but hammer stoutly.

۳۰۱۸- دُعا صدقِ دل سے کام مشقت سے!

3019. Pray to God, but row to shore.

۳۰۱۹- خدا سے دُعا مانگو مگر ہاتھ پر ہاتھ دھر کر نہ بیٹھو!

3020. Prayer and practice is good rhyme.

۳۰۲۰- دُعا اور نیکی ساتھ ساتھ بھلی معلوم ہوتی ہے۔

3021. Prayer knocks till the door opens.

۳۰۲۱- مصیبت ٹلی خدا بھولا!

3022. Prayer should be the kay of the day and the lock of the night.

۳۰۲۲- دعا صبح سب سے پہلے اور رات کو سب سے بعد۔

3023. Precious things are not found in heaps.

۳۰۲۳- قیمتی اشیاء نایاب ہوتی ہیں۔

3024. Precaution is better than cure.

۳۰۲۴- علاج سے پرہیز بہتر ہے۔

3025. Precocious youth is a sign of premature death.

۳۰۲۶- جلد پکا، جلد سڑا!

3026. Presents keep friendship warm.

۳۰۲۶- تحائف سے دوستی برقرار رہتی ہے۔

3027. Prettiness dies quickly.

۳۰۲۷- چار دن کی چاندنی!

3028. Prevention is better than cure.

۳۰۲۸- سو علاج ایک پرہیز!

3029. Pride and grace never dwell in one place.

۳۰۲۹- مغرور آدمی شائستہ اطوار نہیں ہوتا۔

3030. Pride and poverty are illmet, yet often dwell together.

۳۰۳۰- غرور اور مفلسی اگرچہ بے جوڑ ہیں لیکن اکثر اکٹھے رہتے ہیں۔

3031. Pride feels no cold.

۳۰۳۱- اکڑ میں ٹھنڈ نہیں لگتی!

3032. Pride is scarce ever cured.

۳۰۳۲- غرور مرض لاعلاج ہے۔

3033. Pride is the sworn enemy to content.

۳۰۳۳- غرور قناعت کا جانی دشمن ہے۔

3034. Pride joined with many virtues chokes them all.

۳۰۳۴- ایک غرور ہزار خوبیوں کا گلا گھونٹ دیتا ہے۔

3035. Pride must have a fall.

۳۰۳۵- غرور کا سر سدا نیچا!

3036. Pride goeth before, and shame cometh after.

۳۰۳۶- بڑے بول کا سر نیچا!

3037. Pride, perceiving humility honourable aften borroweth her cloak.

۳۰۳۷- مغرور حلیم طبعی کی عزت ہوتے دیکھ کر اکثر دکھاوے کے لئے حلیم بننے کی کوشش کرتا ہے۔

3038. Pride will spit in pride's face.

۳۰۳۸- مغرور مغرور کے منہ پر تھوکتا ہے۔

3039. Procrastination is the thief of time.

۳۰۳۹- ٹال مٹول وقت کا چور!

3040. Procrastination brings loss, delay danger.

۳۰۴۰- ٹال مٹول نقصان دہ اور تاخیر خطرناک!

3041. Proud man can't bear with pride in others.

۳۰۴۱- مغرور آدمی دوسرے میں غرور کو برداشت نہیں کر سکتا!

3042. Promises engage more effectually than presents.

۳۰۴۲- تحفہ جات کی نسبت وعدے زیادہ کارگر ہوتے ہیں۔

3043. Promises make debts and debts make promises.

۳۰۴۳-وعدے انسان کو مقروض بناتے ہیں اور مقروض وعدے کرتے ہیں۔

3044. Prosperity destroys fools and endangers the wise.

۳۰۴۴- خوشحالی بیوقوفوں کو تباہ کر دیتی ہے اور عقلمندوں کو خطرے میں ڈال دیتی ہے۔

3045. Prosperity has drowned more souls than all the devils together.

۳۰۴۵- خوشحالی سب سے بڑا شیطان ہے۔

3046. Prosperity has many friends.

۳۰۴۶- سُکھ کے سب ساتھی۔

3047. Prosperity knows not the worth of patience.

۳۰۴۷- خوشحالی میں صبر کی قدر معلوم نہیں ہوتی۔

3048. Prosperity lets go the bridle.

۳۰۴۸- شراب پی کر مست نہ ہو تو معمولی بات ہے، لیکن جو دولت پا کر مست نہ ہو وہ مرد ہے۔

3049. Prosperity takes no counsel and fears no calamity.

۳۰۴۹- خوشحال انسان نصیحت نہیں سنتا اور مصیبت سے نہیں ڈرتا۔

3050. Proverbs are the wisdom of the streets.

۳۰۵۰- ضرب المثل عام لوگوں کے تجربہ کا نچوڑ ہوتی ہے۔

3051. Prvidence provides for the provident.

۳۰۵۱- خدا کفایت شعار کی مدد کرتا ہے۔

3052. Prudence is not satisfied with May be's.

۳۰۵۲- دور اندیش کسی بات میں شبہ نہیں رہنے دیتا!

3053. Prudence is the first thing to desert the wretched.

۳۰۵۳- بدقسمتی آتی ہے تو آدمی کوتاہ اندیش ہو جاتا ہے۔

3054. Prudence pauses.

۳۰۵۴- دور اندیش آدمی سوچ سمجھ کر کام کرتا ہے۔

3055. Public necessity is more important than private.

۳۰۵۵- پبلک کی ضرورت نجی ضرورت سے افضل ہے۔

3056. Public reproof hardens shame.

۳۰۵۶- بازار میں جوتے پڑیں تو آدمی بے شرم بن جاتا ہے۔

3057. Puff not against the wind.

۳۰۵۷۔ آسمان کا تھوکا منہ پر آتا ہے۔

3058. Pull down your hat to the wind's side.

۳۰۵۸۔ جدھر سے مصیبت آتی دیکھو اس کے انسداد کی کوشش کرو۔

3059. Puntuality is the soul of business.

۳۰۵۹۔ پابندئی وقت کاروبار کی جان ہے۔

3060. Purchase the next world with this; you will win both.

۳۰۶۰۔ اس دنیا میں عاقبت کا خیال رکھو گے تو دونوں میں سرخرو ہو گے۔

3061. Put chains on your tongue, or it will put chains on you.

۳۰۶۱۔ جو زبان کو لگام نہیں دیتا آخر خوار ہوتا ہے۔

3062. Put not your trust in money, put your money in trust.

۳۰۶۲۔ روپیہ پر بھروسہ مت کرو بلکہ روپے کو حفاظت سے رکھو!

3063. Put off your armour and then show your courage.

۳۰۶۳۔ گھر سے باہر نکل کر دلیری دکھاؤ!

3064. Put your finger into the fire, and then say it was your misfortune.

۳۰۶۴۔ جلتی آگ میں کودنا اور پھر قسمت کو کوسنا!

3065. Put your foot down where you mean to stand.

۳۰۶۵- جو جگہ لینے کی آرزو میں ہو اس پر قبضہ جمالو!

3066. Put your hand quickly to your hat and slowly to your purse.

۳۰۶۶- سلام کرنے سے اگر کام نکلے تو جیب کو کیوں آنچ لگنے دو!

3067. Put your own shoulder to the wheel.

۳۰۶۷- اپنی مدد آپ کرو-

3068. Public money is like holy water-everyone helps himself.

۳۰۶۸- عوام کا روپیہ گویا آبِ زم زم ہے جس کے ہاتھ لگا، لے گیا-

Q

3069. Quarrel and strife make short life.

۳۰۶۹- جھگڑے بکھیڑے زندگی کو کم کر دیتے ہیں-

3070. Quarrelling dogs come halting home.

۳۰۷۰- جھگڑالو آدمی سلامت گھر نہیں لوٹتا!

3071. Quarrellers never lack words.

۳۰۷۱- من حرامی حجتیں ڈھیر!

3072. Quick at meat, quick at work.

۳۰۷۲- جیسا تیرا دام ویسا میرا کام!

3073. Quick and well do not go together.

۳۰۷۳-جلدی میں کام اچھا نہیں ہوتا۔

3074. Quick removals are slow prosperings.

۳۰۷۴- تھوڑے نفع پر مال بیچ دینا- اس بات کی علامت ہے کہ بتدریج اقبال مندی کی بنیاد ڈالی جا رہی ہے۔

3075. Quick steps are best over miry ground.

۳۰۷۵- دلدل پر سے تیزی سے گزر جانا اچھا ہے۔

3076. Quick wits are generally conceited.

۳۰۷۶- عقلمند عموماً مغرور ہوتے ہیں۔

3077. Quietude is the most profitable of things.

۳۰۷۷- راحت سے بڑھ کر نہیں کوئی شے۔

3078. Quietness is best.

۳۰۷۸- سب سے بھلی چپ!

3079. Quiet persons are welcome everywhere.

۳۰۷۹- سیدھے سادے گم گو آدمیوں کی ہر جگہ قدر کی جاتی ہے۔

R

3080. *Rarer even than a white raven.*

۳۰۸۰- سفید کوے سے بھی زیادہ کمیاب-

3081. *Rare things please us.*

۳۰۸۱- کمیاب چیزیں اچھی لگتی ہیں-

3082. *Rashness proves a good thing to a few, but a bad thing to many.*

۳۰۸۲- اندھادھندی سے نقصان بہتوں کو فائدہ کسی کسی کو-

3083. *Rashness is a quality of youth, prudence of old age.*

۳۰۸۳- جوانی دیوانی- بڑھاپا دور اندیش!

3084. *Rashness is not valour.*

۳۰۸۴- جلدبازی اور بہادری میں فرق ہے-

3085. *Rats desert a sinking ship.*

۳۰۸۵- بڈھے کا کوئی لاگو نہیں!

3086. *Ready money is a ready medicine.*

۳۰۸۶- زر سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں-

3087. *Reckless youth makes rueful age.*

۳۰۸۷- جوانی میں آوارہ بڑھاپے میں خوار-

3088. *Reeds become darts.*

۳۰۸۸- سرکنڈوں کے تیز بنتے ہیں-

3089. *Relationship leads to ill-feeling.*

۳۰۸۹- رشتہ داری لڑائی جھگڑے کی جڑ ہے-

3090. *Reverence God, serve the king.*

۳۰۹۰- خدا پرستش کا حقدار ہے اور بادشاہ خدمت کا-

3091. *Reason binds the man.*

۳۰۹۱- انسان وہ جو عقل پر کاربند ہو!

3092. *Reason governs the wise man and cudgels the fool.*

۳۰۹۲- عقلمند عقل سے اور بیوقوف لاٹھی سے چلتا ہے-

3093. *Reason is a firm foundation to build upon.*

۳۰۹۳- عقل سے جو کام کیا جائے اچھا ہو گا-

3094. *Reason teaches the young man to live well, and the old man to die well.*

۳۰۹۴- عقل جوان کو زندگی بسر کرنا اور بوڑھے کو مرنے کا طریقہ سکھاتی ہے-

3095. *Reason is apt to be of more avail than blind force.*

۳۰۹۵- اندھا دھند زور کی نسبت عقل زیادہ کار آمد چیز ہے-

3096. Reason and authority, the two brightest lights of the earth.

۳۰۹۶۔ عقل اور اختیار دنیا کی دو سب سے افضل چیزیں ہیں۔

3097. Regulate thine own passions and bear those of others.

۳۰۹۷۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھو اور دوسروں کے غصے کو برداشت کرو!

3098. Remedies are slower than illnesses.

۳۰۹۸۔ جتنی جلدی بیماری آتی ہے اتنی جلدی علاج نہیں ہو سکتا!

3099. Remembering of old injuries invites new ones.

۳۰۹۹۔ پرانی برائی کو یاد کرنا گویا نئی برائی کو دعوت دینا ہے۔

3000. Religion without piety path done more mischief in the world than all other things put together.

۳۱۰۰۔ خدا ترسی کے بغیر مذہب تباہی و بربادی کا سب سے بڑا آلۂ کار ہے۔

3101. Repentance is the whip for fools.

۳۱۰۱۔ بیوقوفوں کو پچھتاوے سے ہی عقل آتی ہے۔

3102. Responsibility must be shouldered; you cannot carry it under your arm.

۳۱۰۲۔ فرض کی ادائیگی لازمی و لابدی ہے۔

3103. Revenge in cold blood is the devil's own act and deed.

۳۱۰۳- بے خبری میں بدلہ لینا کام شیطان کا ہے۔

3104. Revenge is sweet.

۳۱۰۴- بدلہ لینے میں مزہ آتا ہے۔

3105. Revenge is a confession of pain.

۳۱۰۵- بدلہ لینا گویا تکلیف کا اقرار کرنا ہے۔

3106. Rest comes from unrest, and unrest again from rest.

۳۱۰۶- بے چینی کے بعد چین اور پھر چین سے بے چینی!

3107. Reduced to poverty he still affects the pomp.

۳۱۰۷- رسی جل گئی پر بل نہ گیا!

3108. Repay not virtue with vice.

۳۱۰۸- نیکی برباد گناہ لازم!

3109. Religion is a stalking horse to shoot other fowls.

۳۱۰۹- مذہب ایک ٹٹی ہے جس کی آڑ میں شکار کھیلا جاتا ہے۔

3110. Religion is the best armour in the world, but the worst cloak.

۳۱۱۰- مذہب سے بڑھ کر دنیا میں کوئی محافظ نہیں اور نہ ہی اس سے برا کوئی دھوکہ!

3111. Religion lies more in walk than in

talk.

۳۱۱۱- مذہب زبانی جمع خرچ کی چیز نہیں۔

3112. Repentance costs very dear.

۳۱۱۲- پچھتاوا بہت مہنگا پڑتا ہے۔

3113. Repentance is good but innocence is better.

۳۱۱۳- پچھتاوا اچھی چیز ہے لیکن بے گناہی اس سے بھی اچھی ہے۔

3114. Report uttered by the people is everywhere of good power.

۳۱۱۴- عوام الناس کی رائے کا ہر جگہ کافی اثر پڑتا ہے۔

3115. Reproof never does a wise man harm.

۳۱۱۶- عقلمند کو فہمائش سے بھی کبھی نقصان نہیں ہوتا۔

3116. Reputation is commonly measured by the acre.

۳۱۱۶- جتنی دولت اتنی شہرت۔

3117. Reputation is often got without merit and lost without crime.

۳۱۱۷- شہرت عموماً بغیر قابلیت کے حاصل ہوتی ہے اور بغیر کسی خطا کے ضائع ہو جاتی ہے۔

3118. Reputation serves to virtue as light

does to a picture.

۳۱۱۸- شہرت نیکی کے لئے وہی کام کرتی ہے جو روشنی تصویر کے لئے۔

3119. Reserve the master blow.

۳۱۱۹- استادی کا نقطہ نہیں بتانا چاہئے۔

3120. Respect a man, he will do the more.

۳۱۲۰- تو میری عزت کرے گا تو میں تیرے باپ تک کی عزت کروں گا۔

3121. Respect yourself, or no one else will.

۳۱۲۱- رکھ پت رکھا پت!

3122. Rest breeds rest.

۳۱۲۲- حد سے زیادہ آرام ناکارہ بنا دیتا ہے۔

3123. Revenge never repairs an injury.

۳۱۲۳- انتقام سے اصلی نقصان پورا نہیں ہو سکتا۔

3124. Rich men feel misfortunes that fly over poor men's heads.

۳۱۲۴- امیران تکالیف سے گھبرا جاتے ہیں جن کی غریب ذرہ بھر بھی پرواہ نہیں کرتے۔

3125. Rich men have no faults.

۳۱۲۵- دولت میں داغ نہیں لگتا۔

3126. Riches, alone, make no man happy.

۳۱۲۶- صرف دولت ہی انسان کے لئے باعث مسرت نہیں ہو سکتی۔

3127. Riches come after poverty, then poverty after riches.

۳۱۲۷- قسمت ہے کبھی ہنساتی کبھی رُلاتی!

3128. Riches are got with pain, kept with care and lost with grief.

۳۱۲۹- دولت حاصل کرتے وقت تکلیف ہوتی ہے رکھتے وقت فکر و تفکر ہوتا ہے اور جاتے وقت غم اور دکھ۔

3129. Riches breed care, poverty is safe.

۳۱۲۹- دولت رنج والم سے وابستہ ہے مفلسی ان سے آزاد ہے۔

3130. Riches do not come in a few hours.

۳۱۳۰- آنکھ جھپکتے میں کوئی دولت مند نہیں ہوا۔

3131. Riches have made more covetous men than covetousness hath made men rich.

۳۱۳۱- لالچ سے اتنے آدمی امیر نہیں ہوئے جتنے دولت سے لالچی۔

3132. Riches have wings.

۳۱۳۲- مایا بادل کی چھایا! مایا آج میری کل تیری۔

3133. Riches rather enlarge than satisfy appetites.

۳۱۳۳- دولت سے خواہشات کم ہونے کی نسبت اور زیادہ بڑھتی ہیں۔

3134. Riches well got and used well are a

great blessing.

۳۱۳۴- دیانتداری سے حاصل کی ہوئی اور ٹھیک طریق پر استعمال میں لائی ہوئی دولت بڑی نعمت ہے۔

3135. Rich men often have the hearts of poor men.

۳۱۳۵- امیروں کے دل عموماً غریب ہوتے ہیں۔

3136. Right is might.

۳۱۳۶- جس کا حق اسی کا زور!

3137. Right wrongs no man.

۳۱۳۷- حق بات سے کسی کو نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

3138. Right is with the strongest in love as well as in war.

۳۱۳۸- عشق میں لڑائی میں جو طاقتور اسی کا حق!

3139. Rights are lost by disuse.

۳۱۳۹- حق کو اگر استعمال میں نہ لایا جائے تو وہ ضائع ہو جاتا ہے۔

3140. Rivers need a spring.

۳۱۴۰- ہر دریا کا منبع ہوتا ہے۔

3141. Rivers are roads which move.

۳۱۴۱- دریا گویا چلتی ہوئی سڑکیں ہیں۔

3142. Rob Peter to pay Paul.

۳۱۴۲- احمد کی پگڑی محمود کے سر!

3143. Rod tames everyone.

۳۱۴۳- ڈنڈا سب کا پیر-

3144. Rolling stone gathers no mass.

۳۱۴۴- دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا-

3145. Rome was not built in a day.

۳۱۴۵- کبھی ہتھیلی پر بھی سرسوں جمی ہے؟

3146. Rumour is great traveller.

۳۱۴۶- افواہ پھیلتے دیر نہیں لگتی-

3147. Rumour is a liar.

۳۱۴۷- افواہ بے سر پیر ہوتی ہے-

3148. Rumour is a lying jade.

۳۱۴۸- افواہ کو بکواس سے زیادہ منزلت نہیں دینی چاہیئے-

3149. Rust wastes more than use.

۳۱۴۹- استعمال سے کوئی چیز اتنی نہیں گھستی جتنی بے مصروف پڑے رہنے سے-

S

3150. Sacrifice not thy heart upon every altar.

۳۱۵۰- ہر ئی بات پر فریفتہ اور شیدا مت ہو-

3151. Sadness and gladness succeed one another.

۳۱۵۱- شادی (خوشی) اور غم کا جوڑا ہے۔

3152. Safe bind, safe find.

۳۱۵۲- آغاز میں اگر احتیاط رکھو گے تو انجام ضرور بخیر ہو گا۔

3153. Salt spilt is seldom clean taken up.

۳۱۵۳- اہم اور نازک معاملات اگر ایک بار بگڑ جائیں تو پھر درست نہیں کیئے جاسکتے۔

3154. Salvation is from God alone.

۳۱۵۴- خدا کی نظرِ لطف و کرم ہو تب ہی نجات مل سکتی ہے۔

3155. Save a thief from the gallows and he'll cut your throat.

۳۱۵۵- مارِ آستین پالنا۔

3156. Save something against a rainy day.

۳۱۵۶- مصیبت کے وقت کے لئے کچھ بچا رکھو!

3157. Saving is getting.

۳۱۵۷- بچایا سو کمایا!

3158. Say no ill of the year till it be past.

۳۱۵۸- جیتے جی ہار ماننا انسانیت کے خلاف ہے۔

3159. Say well or be still.

۳۱۵۹- نیکی نہیں کر سکتے تو بدی بھی مت کرو!

3160. Saying is one thing and doing another.

۳۱۶۰- کہنا کچھ اور ہے کرنا کچھ اور شے!

3161. Scald not your lips in another man's pottage.

۳۱۶۱- اپنے کام سے کام رکھو!

3162. Scandel will rub out like dirt when it is dry.

۳۱۶۲- بے بنیاد بدنامی بہت جلد دور ہو جاتی ہے-

3163. Sceptors and suitors hate competitors.

۳۱۶۳- بادشاہ اور عاشق رقیب نہیں دیکھ سکتے-

3164. Scratch my back and I will scratch yours.

۳۱۶۴- من ترا حاجی بگویم تو مرا ملا بگو-

3165. Scarch not for a good man's pedigree.

۳۱۶۵- نیکی کا ہو زیور تو خاندان سے کیا کام؟

3166. Second thoughts are best.

۳۱۶۶- کام سوچ سمجھ کر کرنے سے ہی ٹھیک ہوتا ہے-

3167. See a pin and let it lie; you are sure to want before you die.

۳۱۶۷- رکھی ہوئی چیز کام آجاتی ہے-

3168. See which way the wind blows.

۳۱۶۸- دیکھیں اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے؟

3169. Seeing is believing.

۳۱۶۹- آنکھوں دیکھی بات سے کس کو انکار ہو سکتا ہے-

3170. Seek information the experienced.

۳۱۷۰- حکیم کے پاس مت جا تجربہ کے پاس جا-

3171. Seek till you find and you'll not loose your labour.

۳۱۷۱- کوشش کبھی رائیگاں نہیں جاتی-

3172. Seek your salve where you got your sore.

۳۱۷۲- جس نے درد دیا ہے وہی دوا دے گا-

3173. Seize what is highest and you will seize what is between.

۳۱۷۳- ہاتھی کے پیر میں سب کے پیر!

3174. Seize the present day.

۳۱۷۴- موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دو!

3175. Seize an opportunity when it is offered.

۳۱۷۵- موقع کو غنیمت جانو!

3176. Self do, self have.

۳۱۷۶- جو کرے سو پائے۔

3177. Self-love makes the eyes blind.

۳۱۷۷- خود پرستی اندھا بنا دیتی ہے۔

3178. Self-praise is no recommendation.

۳۱۷۸- اپنے منہ میاں مٹھو!

3179. Self-praise is no praise.

۳۱۷۹- اپنی تعریف کرنا کوئی بڑائی نہیں۔

3180. Self-preservation is Nature's first law.


3692. The stream cannot rise above its spring.

۳۶۹۲- مینڈک پیٹ پھلا کر بیل نہیں بن سکتا۔

3693. The sun may do its duty though your grapes are not ripe.

۳۶۹۳- سورج اپنا معمول نہیں چھوڑ سکتا خواہ تمہارے انگور پکے ہوں یا نہ پکے ہوں۔

3694. The sunset way to be cheated is to think oneself clever than other people.

۳۶۹۴- دھوکا کھانے کا سب سے آسان طریقہ اپنے آپ کو دوسروں سے عقلمند سمجھنا ہے۔

3695. The sweetest sound is praise.

۳۶۹۵- خوشامد ہر کہ خوش آمد!

3696. The thief is sorry that he is to be hanged, but not that he is a thief.

۳۶۹۶- چور کو اس بات کا رنج ہے کہ اس کو پھانسی چڑھنا پڑے گا اس بات کا نہیں کہ وہ چور ہے۔

3697. The thief threatens the constable.

۳۶۹۷- اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے!

3698. The thin end of the wedge is to be feared.

۳۶۹۸- سانپ کے بچے کو بڑا ہی مت ہونے دو-

3699. The things are most clear to us which have cost us most.

۳۶۹۹- جو چیز مہنگی پڑی اس کی یاد ہمیشہ تازہ رہتی ہے-

3700. The things of others please us most, and our affairs are most pleasing to others.

۳۷۰۰- دوسروں کی باتیں ہمیں اچھی لگتی ہیں اور ہماری دوسروں کو-

3701. The thorn comes forth with the point forwards.

۳۷۰۱- بُرا ہر وقت بُرائی پر آمادہ-

3702. The thought hath good legs and the quill a good tongue.

۳۷۰۲- خیالات تیز رو قلم خوش بیان!

3703. The tide will fetch away what the ebb brings.

۳۷۰۳-خدا نے اگر دیا ہے تو وہ واپس بھی لے سکتا ہے-

3704. The tongue has sworn it, but the mind is unsworn.

۳۷۰۴- زبان سے اقرار کرلینا دل کے قبول کرنے کی دلیل نہیں-

3705. The tongue is not steel, yet it cuts.

۳۷۰۵- زبان لوہا نہیں پر گھاؤ لگا دیتی ہے-

3706. The tongue of idle people is never idle.

۳۷۰۶- بیکار کی زبان کبھی نچلی نہیں رہتی-

3707. The tongue talks at the head's co.

۳۷۰۷- زیادہ باتیں بنانے سے دماغ خالی ہو جاتا ہے-

3708. The trap to the high born is ambition.

۳۷۰۸-وہ جو ہیں بالا نشین نظر ان کی اٹھے-بار بار اوپر!

3709. The whole of life is nothing but a journey to death.

۳۷۰۹- زندگی کیا ہے؟ موت کا سفر!

3710. The way of the cross is the way of the light.

۳۷۱۰- خدا تک پہنچنے کے لئے سخت مصیبتیں اٹھانی پڑتی ہیں-

3711. The views of the multitude are neither bad nor good.

۳۷۱۱- عوام الناس کی رائے نہ اچھی نہ بری!

3712. The wealth you give away is the only wealth you will always possess.

۳۷۱۲- اپنا وہی ہے جو ہاتھ سے دے دیا ہے۔

3713. The visits of many physicians have killed me.

۳۷۱۳- جتنے زیادہ معالج بیمار کا حال اتنا ہی ابتر!

3714. The wind keeps not always is one quarter.

۳۷۱۴- مصیبت ہمیشہ ایک جگہ نہیں رہتی۔

3715. The wise hand doth not all that the foolish mouth speaks.

۳۷۱۵- گو زبان بنا سوچ سمجھے کہہ دیتی ہے لیکن عقلمند ہاتھ سب پر عمل نہیں کرتا۔

3716. The wise learn many things from their foes.

۳۷۱۶- عقلمند بہت سی باتیں اپنے دشمنوں سے سیکھتے ہیں۔

3717. The wise make jests, and fools repeat them.

۳۷۱۷- عقلمند مذاق کرتے ہیں بیوقوف اس کو دہراتے ہیں۔

3718. The wise man carries wealth in himself.

۳۷۰۸- عقلمند کی دولت اس کے سر میں۔

3719. The wisest make mistakes.

۳۷۱۹- غلطی کس سے نہیں ہوتی!

3720. The wisest of the wise may err.

۳۷۲۰- سو داناؤں کا دانا بھی غلطی کر بیٹھتا ہے۔

3721. The wish is father to the thought.

۳۷۲۱- جو دل میں ہو وہی زبان پر آتا ہے۔

3722. The wished for comes too late.

۳۷۲۲- خواہش بعد از وقت پوری ہوتی ہے۔

3723. The world is a living statue of God.

۳۷۲۳-دنیا خدا کا جیتا جاگتا مجسمہ ہے۔

3724. The work goes on with a will.

۳۷۲۴-جہاں چاہ، وہاں راہ!

3725. The work divided is in that manner shortened.

۳۷۲۵-بانٹ کر کرنے سے کام ہلکا ہو جاتا ہے۔

3726. The world is a net; the more we stir in it, the more we are entangled.

۳۷۲۶- دنیا ایک پھندا ہے پھنس کر جتنے ہاتھ پاؤں مارو اتنے ہی زیادہ اُلجھتے ہو۔

3727. The world is a staircase, some are going up and some are coming down.

۳۷۲۷-دنیا ایک زینہ ہے جس پر کوئی چڑھ رہا ہے اور کوئی اُتر رہا ہے۔

3728. The world is made of good and bad men.

۳۷۲۹- دنیا میں بُرے بھی ہیں بھلے بھی۔

3729. The world would perish, were all men learned.

۳۷۳۰-اگر سبھی عالم ہوں تو دنیا کا خاتمہ ہو جائے۔

3730. The world is much the same everywhere.

۳۷۳۰- کہیں چلے جاؤ دنیا کا سب جگہ ایک ہی حال ہے۔

3731. The worse things are, the better they are.

۳۷۳۱- جتنا کسی بات کو بُرا سمجھو اس کا نتیجہ اتنا ہی اچھا ہوتا ہے۔

3732. The worst of law is that one suit breeds twenty.

۳۷۳۲-قانون کی سب سے بُری بات یہ ہے کہ ایک مقدمے کے بیس بن جاتے ہیں۔

3733. The worst wheel always creaks most.

۳۷۳۳-سب سے خراب پہیہ ہی سب سے زیادہ چوں چوں کرتا ہے۔

3734. The worth of a thing is best known

by the want.

۳۷۳۴-ضرورت پڑنے پر چیز کی قدر معلوم ہو جاتی ہے۔

3735. The wound that bleedeth inwardly is most dangerous.

۳۷۳۵-جو گھاؤ اندر ہی اندر بہے وہ بہت خطرناک ہوتا ہے۔

3736. The wounded limbs recoil at even a gentle touch, and a vain shadow strikes the anxious with fear.

۳۷۳۶-جو عضو چوٹ کھائے ہوئے ہو وہ بہت خطرناک ہوتا ہے اور وہ چھوئے جانے کو بھی برداشت نہیں کرسکتا اسی طرح سانپ کا ڈرا رسی سے بھی خوف کھاتا ہے۔

3737. The year does nothing else but open and shut.

۳۷۳۷-وقت یونہی گزر جاتا ہے۔ صبح ہوتی ہے شام ہوتی۔ زندگی یونہی تمام ہوتی ہے۔

3738. The younger brother hath the more wit.

۳۷۳۸-جتنا چھوٹا اتنا ہی سمجھدار!

3739. There are as good fish in the sea as ever come out of it.

۳۷۳۹- غیب کے خزانے ہر وقت بھرے رہتے ہیں۔

3740. There are as many thousands of tastes as there are of persons.

۳۷۴۰- جتنے آدمی اتنے ہی مذاق- تیری جُدا پسند، میری جُدا پسند-

3741. There are as many fangs in love as shells upon the shore.

۳۷۴۱- محبت میں لاانتہا مصیبتیں اٹھانی پڑتی ہیں-

3742. There are but two families in the world, the Have and the Have-notes.

۳۷۴۲-دنیا میں صرف دو قسم کے لوگ ہیں- امیر اور غریب!

3743. There are many ways to fame.

۳۷۴۳-شہرت حاصل کرنے کے بہتیرے طریقے ہیں-

3744. There are more ways to the wood than one.

۳۷۴۴- کسی کام کو کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ نہیں ہوتا!

3745. There are no birds this year in lost year's nest.

۳۷۴۵-جس شخص کو پہلے اُلو بنایا تھا وہ اب قابو میں نہیں آئے گا-

3746. There are none poor but such as God hates.

۳۷۴۶-دنیا میں غریب صرف وہی ہے جن سے خدا نفرت کرے-

3747. There are people and people.

۳۷۴۷- آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر۔

3748. There are some good things to read here and some middling but more are bad.

۳۷۴۸- کچھ کتابیں اچھی ہیں کچھ درمیانہ درجے کی لیکن زیادہ تر بُری ہیں۔

3749. There are three ways the universities, the sea, the court.

۳۷۴۹- دنیا میں تین راہیں ہیں: دارلعلوم رستہ علم و فضل کا۔ سمندر رستہ نجات و دولت کا۔ مقدمہ بازی رستہ خواری اور تباہی کا۔

3750. There are two sides to every question- the wrong side and our side.

۳۷۵۰- ہر بات میں انسان اپنے آپ کو راستی پر اور دوسرے کو غلطی پر خیال کرتا ہے۔

3751. There came never ill of good advisement.

۳۷۵۱- اچھی نصیحت سے کبھی نقصان ہوتے نہیں دیکھا گیا!

3752. There can be no friendship where there can be no freedom.

۳۷۵۲- جہاں آزادی نہیں ہوتی وہاں دوستی بھی نہیں ہو سکتی!

Thans

3753. There could be no great ones if there were no little.

۳۷۵۳-چھوٹے نہ ہوں تو بڑے کہاں سے ہوں گے؟

3754. There is a black sheep in every fold.

۳۷۵۴-بُرے سب جگہ ہوتے ہیں-

3755. There is a but in everywhere.

۳۷۵۵-حجت ہر بات میں ہو سکتی ہے-

3756. There is a good time coming.

۳۷۵۶-اچھا وقت آ رہا ہے-

3757. There is a measure in things, there are at length fixed boundaries, beyond and about which that which is right cannot exist.

۳۷۵۷-مناسب حدود سے تجاوز کرنا بُرا ہے-

3758. There is mystery in the meanest trade.

۳۷۵۸-حقیر سے حقیر کام میں بھی کوئی نہ کوئی راز ہوتا ہے-

3759. There is a remedy for every thing, could men find it.

۳۷۵۹- ہر مرض کے لئے دواء موجود ہے لیکن انسان اس کو نہیں پاتا-

3760. There is skeleton in every house.

۳۷۶۰- ہر جگہ خوشی کے ساتھ غم موجود ہے۔

3761. There is a sort of pleasure in indulging of grief.

۳۷۶۱- رنج و غم کے اظہار سے ایک قسم کا سکون حاصل ہوتا ہے۔

3762. There is a scarcity of friendship; but not of friends.

۳۷۶۲- دوستوں کی کمی نہیں مگر سچی دوستی عنقا ہے۔

3763. There is a time for all things.

۳۷۶۳- ہر کام کے لئے وقت ہوتا ہے۔

3764. There is a time to wink as well to see.

۳۷۶۴- بعض اوقات انسان کو دیکھنا بھی پڑتا ہے اور بعض اوقات چشم پوشی بھی کرنی پڑتی ہے۔

3765. There is always less money, less wisdom and less honesty than people imagine.

۳۷۶۵- دولت، عقل اور دیانتداری ہمیشہ اصلیت سے زیادہ لگتے ہیں۔

3766. There is always life for the living.

۳۷۶۶- زندگی زندہ دلی کا نام ہے۔

3767. There is hope where there is life.

۳۷۶۷- جب تک سانس تب تک آس۔

3768. There is an hour wherein a man might be happy all his life, could be find it.

۳۷۶۸-اکثر اوقات زندگی میں یہ غلطی کی جاتی ہے کہ بڑی بڑی خوشیاں تلاش کی جاتی ہیں اور وہ ملتی نہیں دراصل چھوٹی چھوٹی خوشیاں کل زندگی کو خوش رنگ بنانے کے لئے کافی ہو سکتی ہیں بشرطیکہ انسان کو اس راز سے واقفیت ہو۔

3769. There is as much greatness in owning a good turn as in doing it.

۳۷۶۹- احسان ماننے میں اتنی ہی بڑائی ہے جتنی احسان کرنے میں۔

3770. There is craft in daubing.

۳۷۷۰- نقل کے لئے بھی عقل چاہئے!

3771. There is God's poor and the devil's poor: the first from Providence, other from vice.

۳۷۷۱- خدا کے غریبوں کی غریبی قسمت کا نتیجہ ہے اور شیطان کے غریبوں کی غریبی عیب کا۔

3772. There is great force hidden in sweet command.

۳۷۷۲- میٹھی زبان سے جو حکم دیا جاتا ہے اس میں بڑی طاقت ہوتی ہے۔

3773. There is many a fair thing full of

false.

۳۷۷۳- حسین اکثر بیوفا ہوتے ہیں-

3774. There is more art in saving than in gaining.

۳۷۷۴- کمانے کی نسبت بچانے میں زیادہ خوبی ہے-

3775. There is more pleasure in loving than is being loved.

۳۷۷۵-محبت کئے جانے کی نسبت محبت کرنے میں زیادہ لطف ہے-

3776. There is much meat in God's storehouse.

۳۷۷۶-خدا کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا-

3777. There is much more learning than knowledge in the world.

۳۷۷۷-دنیا میں علم کی نسبت علمیت بہت زیادہ ہے-

3778. There is no age which religion does not become.

۳۷۷۸-مذہب ہر زمانہ اور عمر کو زیب دیتا ہے-

3779. There is no chance which does not return.

۳۷۷۹-ایسا کوئی موقع نہیں جو دوبارہ نہ آئے-

3780. There is no deceit in a brimmer.

۳۷۸۰-ہاتھ کنگن کو آرسی کیا!

3781. *There is no desire for what is not known.*

۳۷۸۱- جس کا علم نہیں اس کی خواہش نہیں ہوتی-

3782. *There is no dog so sad but he will wag his tail.*

۳۷۸۲-بد قسمت سے بد قسمت انسان کی زندگی میں مسرت کا کچھ نہ کچھ سامان ضرور ہوتا ہے-

3783. *There is no easy way to the stars from the earth.*

۳۷۸۳-کارہائے نمایاں آسانی سے سرانجام نہیں پاتے-

3784. *There is no good result when hatred is returned for hatred.*

۳۷۸۴-نفرت کا جواب نفرت سے دینا بُرا ہے-

3785. *There is no greater pride than that of a poor man grow rich.*

۳۷۸۵-نودولتیئے سے بڑھ کر کوئی غرور نہیں ہوتا-

3786. *There is no inquisitive person who is also ill-natured.*

۳۷۸۶- ہر راز جو شخص بد خلصت ہوتا ہے-

3787. *There is no jollity but hath a smack*

of it.

۳۷۸۷-عارضی خوشیاں بھی بالکل لایعنی نہیں ہوتیں۔

3788. There is no proverb which is not true.

۳۷۸۸-ایسی کوئی کہاوت نہیں جو سچی نہ ہو۔

3789. There is no remedy against the bite of a flatterer.

۳۷۸۹-خوشامدی کے کاٹے کا نہ کوئی جنتر نہ کوئی منتر!

3790. There is no revenge upon the rich.

۳۷۹۰- دولت مند سے بدلہ نہیں لیا جا سکتا۔

3791. There is no smoke without fire.

۳۷۹۱- آگ بن دھواں کہاں؟

3792. There is no royal road to learning.

۳۷۹۲- علم پڑھنا خالہ جی کا گھر نہیں!

3793. There is no time like the present.

۳۷۹۳-جیسا وقت اب ہے پھر کبھی ایسا نہ ہوگا۔

3794. There is no worse fruit than that which never ripens.

۳۷۹۴-بدترین کام وہ ہے جو کبھی پورا ہی نہ ہو!

3795. There is no trust to be placed in outward looks.

۳۷۹۵- ظاہری صورت پر نہ جاؤ-

3796. There is no venom like that of a tongue.

۳۷۹۶- زبان کا زہر سب سے بُرا!

3797. There is nothing more precious than time.

۳۷۹۷- وقت سے زیادہ قیمتی کوئی چیز نہیں-

3798. There is nothing to despair about.

۳۷۹۸- مایوس ہونا گناہ ہے-

3799. There is nothing which has not been bitter before being ripe.

۳۷۹۹- پکنے سے پہلے ہر چیز کڑوی ہوتی ہے-

3800. There needs a long time to know the world pulse.

۳۸۰۰- دنیا کی اصلیت کا بڑی دیر میں پتہ چلتا ہے-

3801. There is solve for every sore.

۳۸۰۱- ہر درد کا درماں ہے-

3802. There's many a slip' twixt the cup and the lip.

۳۸۰۲- ہنوز دلی دور است- کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک!

3803. There's many a true word said in

jest.

۳۸۰۳- ہنسی مذاق میں سچی باتیں بھی مُنہ سے نکل ہی جاتی ہیں-

3804. There's no seeing one's way through tears.

۳۸۰۴- رنج و غم میں کوئی بات ٹھیک نہیں سوجھتی!

3805. There's safety in numbers.

۳۸۰۵- جتنی تعداد زیادہ اتنا خطرہ کم!

3806. They agree like London clocks.

۳۸۰۶- ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے-

3807. They agree like pick-pockets in a fair.

۳۸۰۷- چور کا بھائی گھ کترا!

3808. They are as good cats who scare the mice away as those who devour them.

۳۸۰۸- آم کھانے سے مطلب ہے پیڑ گننے سے نہیں-

3809. They are not friends that dwell far away.

۳۸۰۹- دوست ایک دوسرے سے دور نہیں رہ سکتے!

3810. They are welcome that bring.

۳۸۱۰- تحائف لانے والوں کو ہمیشہ خوش آمدید-

3811. They have begun a dispute which the devil will not let them make an end of.

۳۸۱۱- انہوں نے ایسا جھگڑا شروع کیا ہے جسے شیطان کبھی ختم نہ ہونے دے گا۔

3812. They love most who are least valued.

۳۸۱۲- سب سے زیادہ محبت ان کو ہوتی ہے جن کی قدر سب سے کم ہوتی ہے۔

3813. They love too much that die for love.

۳۸۱۳- جو محبت میں جان دے دیتے ہیں۔ ان کی محبت حد سے سوا ہوتی ہے۔

3814. They may sit in the chair who have malt to sell.

۳۸۱۴- جس کے پاس کچھ ہو اس کی ہی پوچھ ہوتی ہے۔

3815. They seldom live well who think they shall live long.

۳۸۱۵- جن کو موت کا ڈر نہیں ہوتا وہ اچھی زندگی بسر نہیں کرتے!

3816. They that buy an office must sell something.

۳۸۱۶- عمدہ مفت نہیں خریدا جا سکتا۔

3817. They that desire but a few things can be crossed but in a few.

۳۸۱۷- جتنی خواہشات کم ہوں گی اتنا ہی ناکامی کا منہ کم دیکھنا پڑے گا۔

3818. They who cross the sea, change their sky but not their disposition.

۳۸۱۸- غیر ممالک میں جانے سے کسی کی خصلت نہیں بدل سکتی!

3819. They that know one another, salute afar off.

۳۸۱۹- چور چور کو دور سے سلام کرتا ہے۔

3820. They that live longest see most.

۳۸۲۰- جتنی عمر اتنا تجربہ!

3821. Too much straight forwardness is foolish against ashamdess person.

۳۱۲۱- بے حیا کے ساتھ بہت زیادہ راستی برتنا بیوقوفی ہے۔

3822. Tranquility is difficult of attainment in leisure.

۳۲۲۲- فرصت میں چین مشکل سے حاصل ہوتا ہے۔

3823. The longer we live, the more strange sights we see.

۳۸۲۳- آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ جتنی زیادہ عمر اتنے ہی زیادہ دُکھ!

3824. They that are bound must obey.

۳۸۲۴- نوکری اور نخرہ!

3825. They that tease each other, love each other.

۳۸۲۵- ایک دوسرے سے چھلیں کرنا محبت کی علامت ہے-

3826. They who only seek for faults find nothing else.

۳۸۲۶- جو صرف نقائص کی تلاش میں رہے اس کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا!

3827. Things are not what they are, but as they seem.

۳۲۲۷- دنیا ظاہر پرست ہے-

3828. Things hardly attained are long retained.

۳۲۲۹- جو شے مشکل سے ہاتھ آئے احتیاط سے رکھی جاتی ہے-

3829. Things not understood are admired.

۳۸۳۰- جس بات کو ہم سمجھنے میں قاصر رہتے ہیں اس کی ہم تعریف کرتے ہیں-

3830. Things united are helpful.

۳۸۳۰- اتفاق میں برکت ہے- دانہ دانہ مل کر ڈھیر بنتا ہے-

3831. Things well fitted abide.

۳۸۳۱- موافقت میں پائیداری!

3832. Thinking does not matter, but doing.

۳۸۳۲- صرف سوچنے سے کچھ نہیں بنتا کام کرنے سے ہوتا ہے-

3833. Think and thank God.

۳۸۳۳-سوچو اور خدا کا شکر کرو!

3834. Think of ease, but work on.

۳۸۳۴- آرام کا خیال بے شک کرو لیکن کام نہ چھوڑو-

3835. Think of many things, do one.

۳۸۳۵-بہت باتیں سوچنے میں کوئی حرج نہیں لیکن ہاتھ ایک پر ہی ڈالو-

3836. Thinking is not knowing.

۳۸۳۶- سوچنے اور جاننے میں فرق ہے-

3837. Thistles and thorns prick sore, but evil tongue prick more.

۳۸۳۷-بری بات کانٹے سے بھی زیادہ چبھتی ہے!

3838. This modesty will be the ruin of you.

۳۸۳۸-جس نے کی شرم اس کے پھوٹے کرم-

3839. Those who do nothing generally take to shouting.

۳۸۳۹- بیکاروں کو شور مچانا ہی سوجھتا ہے-

3840. Those who live in glasshouses

should not throw stones at others.

۳۸۴۰- شیش محل میں بیٹھ کر دوسروں پر پتھر نہیں پھینکنے چاہئیں!

3841. These who make the best use of their time have none to spare.

۳۸۴۱- جو لوگ اپنے وقت سے پورا فائدہ اٹھاتے ہیں ان کے پاس فالتو وقت نہیں ہوتا۔

3842. Thou alone, O death, art the healer of deadly ills.

۳۸۴۲- مہلک بیماریوں کا علاج صرف موت ہی ہے۔

3843. Thou wouldst do little for God if the devil were dead.

۳۸۴۳- اگر شیطان نہ ہوتا تو خدا کو کون یاد رکھتا؟

3844. Though God take the sun out of the heaven, yet we must have patience.

۳۸۴۴- بڑی سے بڑی مصیبت نازل ہونے پر بھی صبر و شکر لازم ہے۔

3845. Though malice may darken truth, it cannot put it out.

۳۸۴۵- کینہ صداقت کو چھپا سکتا ہے مٹا نہیں سکتا!

3846. Though men were made of one metal, yet they were not cast all in the same mould.

۳۸۴۶- خدا نے سب انسانوں کو ایک ہی مٹی سے بنا دیا لیکن سب کا سانچہ جدا جدا رکھا!

3847. Though old and wise, yet still advise.

۳۸۴۷-ہزار بوڑھا اور دانشمند ہو نصیحت اس کو بھی سن لینی چاہئے-

3848. Though the heavens be glorious, yet they are not all stars.

۳۸۴۸- ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی!

3849. Though we lose fortune, we should not leave patience.

۳۸۴۹- دولت کے چلے جانے پر بھی صبر کا ہاتھ سے نہ جانے دینا چاہئے-

3850. Thoughts are free.

۳۸۵۰- خیالات جملہ قیود سے آزاد ہوتے ہیں-

3851. Threatened men long live.

۳۸۵۱- جا کو راکھے سائیں- مار نہ سکے کوئی-

3852. The excommunicated person eats bread very well.

۳۸۵۲- جس کے سب دشمن اس کے سر پر خدا کا ہاتھ-

3853. Three things drive a man out of his house; smoke, rain, a bad wife.

۳۸۵۳-دھواں، بارش اور بری بیوی یہ تین چیزیں آدمی کو باہر نکلنے پر مجبور

کرتی ہیں۔

3854. Three may keep counsel if two be away.

۳۸۵۴۔ نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں!

3855. Thrice ill-starred is he who marries when he is poor.

۳۸۵۵۔ مفلسی میں شادی کرنے والے پر خدا کی مار!

3856. Through obedience learn to command.

۳۸۵۶۔ حکومت وہی کر سکتا ہے جو اطاعت کرنا جانتا ہے۔

3857. Throw not stones at thine own window.

۳۸۵۷۔اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مت مارو۔

3858. Thrusday come and the week's gone.

۳۸۵۸۔وقت گزرتے دیر نہیں لگتی۔

3859. Till death all is life.

۳۸۵۹۔ جب تک جئیں۔ تب تک جیون۔

3860. Time and thinking tame the strongest grief.

۳۸۶۰۔ وقت اور سوچ بچار بڑے سے بڑے غم کو ہلکا کر دیتے ہیں۔

3861. Time devours every thing.

۳۸۶۱- کال سب کو کھا جائے گا!

3862. Time spares nothing that has been done without him.

۳۸۶۲- شتابی میں خرابی-

3863. Time is man's angel.

۳۸۶۳-وقت ہی انسان کا رہنما ہے-

3864. Time flies, never to be recoverd.

۳۸۶۴- گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا!

3865. Time softens all greifs.

۳۸۶۵- وقت ہر غم کا علاج ہے-

3866. Time is the great consoler.

۳۸۶۶- وقت ہی سب سے بڑا تسلی دینے والا ہے-

3867. Time dissolves all things, and makes them old.

۳۸۶۷-وقت کی دست برد سے کوئی چیز محفوظ نہیں!

3868. Time heals all.

۳۸۶۸- وقت ہر گھاؤ بھر دیتا ہے-

3869. Time and tide wait for none.

۳۸۶۹- وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا-

3870. Time, train and tide wait for no

man.

۳۸۷۰- وقت، ریل گاڑی اور جوار بھاٹا کسی کا بھی انتظار نہیں کرتے۔

3871. Time cures more than the doctor.

۳۸۷۱- طبیب سے بہتر معالج وقت ہے۔

3872. Time is the best counsellor.

۳۸۷۲- وقت بہترین صلاح کار ہے۔

3873. Time is the great discoverer.

۳۸۷۳-وقت پر سب کچھ معلوم ہو جاتا ہے۔

3874. Time is the great preacher.

۳۸۷۴-وقت سے بڑھ کر کوئی واعظ نہیں۔

3875. Time passes, sayings endure.

۳۸۷۵-وقت گزر جاتا ہے بات رہ جاتی ہے۔

3876. Time past can never be recalled.

۳۸۷۶- وقت کبھی واپس نہیں لوٹتا!

3877. Time is the universal healer.

۳۸۷۷-وقت سب زخموں کا مرہم ہے۔

3878. Time trieth truth.

۳۸۷۸-وقت صداقت کی کسوٹی ہے۔

3879. Time undermines us.

۳۸۷۹- وقت ہمیں کمزور بنا دیتا ہے۔

3880. Tit for tat.

۳۸۸۰- جیسے کو تیسا- اینٹ کا جواب پتھر!

3881. To a brave man every land is a native land.

۳۸۸۱- بہادر کے لئے ہر ملک وطن ہے-

3882. To accept a benefit is to sell one's liberty.

۳۸۸۲- احسان اٹھا کر آنکھیں نیچی کرنی پڑتی ہیں-

3883. To a child all weather is cold.

۳۸۸۳- کمزور کو ہر وقت خطرہ!

3884. To a crafty man a crafty and a half.

۳۸۸۴- سیر کو سوا سیر!

3885. To a good spender God is the treasure.

۳۸۸۵- جو شخص ٹھیک طریقہ سے خرچ کرتا ہے اس کو خدا اور دیتا ہے-

3886. To a grateful man give money when he asks.

۳۸۸۶- جو احسان مانے اس کی ہر وقت مدد کرنی چاہئے-

3887. To answer like a Scot.

۳۸۸۷- ذو معنی جواب دینا!

3888. To answer one in his own language..

۳۸۸۸- جواب ترکی بہ ترکی!

3889. To an upright man a good reputation is the the greatest in heritence.

۳۸۸۹- شریف آدمی کے لئے نیک نامی سے بڑھ کر کوئی ورثہ نہیں-

3890. To avoid covetousness is to conquer a kingdom.

۳۸۹۰- طمع پر قابو پانا گویا سلطنت فتح کرنا ہے-

3891. To beat the dog before the lion.

۳۸۹۱- بڑے خطرے کا سامنا کرنے سے پہلے چھوٹا خطرہ دور کرو-

3892. To be beloved is above all bargains.

۳۸۹۲- محبوب یا عزیز ہونا سب سے اچھا سودا ہے-

3893. To be born with a silver spoon in the mouth.

۳۸۹۳- پوتڑوں کا امیر!

3894. To believe a business impossible, is the way to make it so.

۳۸۹۴- کسی کام کو ناممکن خیال کرنا ہی اس کام کو ناممکن بنانے کا طریقہ ہے-

3895. To brave men walls are unncessary.

۳۸۹۵- بہادر آدمی کسی کا سہارا نہیں ڈھونڈتا-

3896. To build a bridge over the bridge.

۳۸۹۶- دریا کو کوزے میں بند کرنا۔

3897. To cast oil into the fire is not the way to quench it.

۳۸۹۷- تیل ڈالنے سے کہیں آگ بجھتی ہے۔

3898. To change a custom is as bad as death.

۳۸۹۸- رسم و رواج توڑنا موت کے برابر ہے۔

3899. To conquer is honourable, to oppress is harsh, to forgive is beautiful.

۳۸۹۹- فتح قابلِ عزت، ظلم بُرا اور عفو کارِ خوب ہے۔

3900. Today is yesterday's pupil.

۳۹۰۰- آج کل کا شاگرد ہے۔ حاصل کیا ہوا تجربہ کام آتا ہے۔

3901. To deceive one's self is very easy.

۳۹۰۱- اپنے آپ کو دھوکا دینا بڑا آسان ہے۔

3903. To do good to the ungrateful is to throw rose water into the sea.

۳۹۰۳- احسان فراموش پر نیکی کرنا گویا سمندر پر عطر پھینکنا ہے۔

3904. To every one his own life is dark.

۳۹۰۴- ہر شخص اپنے آپ کو ہی بد قسمت سمجھتا ہے۔

3905. To do well to a bad man is as great

a danger as to do ill to a good one.

۳۹۰۵- بد کے ساتھ نیکی کرنا اتنا ہی خطرناک ہے جتنا نیک کے ساتھ بدی کرنا-

3906. To forget a wrong is the best revenge.

۳۹۰۶- برائی کو بھلا دینا ہی بہترین انتقام ہے-

3907. To fry in ones own grease.

۳۹۰۷- آپ کا جوتا آپ کے سر!

3908. To gain teacheth how to spend.

۳۹۰۸- کمانا ہی خرچنا سکھاتا ہے-

3909. To get out of one mine to get into another.

۳۹۰۹- ایک مصیبت سے نکلے دوسری مصیبت میں پھنسے-

3910. To give and keep there is need of wit.

۳۹۱۰- کتنا خیرات کرنا چاہئے اور کتنا بچانا چاہئے یہ عقل ہی سکھاتی ہے-

3911. To hunt with the hounds and run with the hares.

۳۹۱۱- چور سے کہے چوری کر- شاہ سے کہے ہوشیار رہ-

3912. To save is to have.

۳۹۱۲- بچایا سو کمایا- بچانے سے ہی جمع ہوتا ہے-

3913. To invite one and feast another.

۳۹۱۳- ایک کو سائی- دوسرے کو بدھائی-

3914. To keep the wolf from the door.

۳۹۱۴- بڑی مشکل سے گزارہ کرنا-

3915. To kill two brids with one stone.

۳۹۱۵- ایک پنتھ دو کاج!

3916. To know the disease is half the cure.

۳۹۱۶- مرض تشخیص ہی گویا آدھا علاج ہے-

3917. To lead a cat and dog life.

۳۹۱۷- جھگڑے فساد کی زندگی بسر کرنا-

3918. To lend light to the sun, stars to the heavens.

۳۹۱۸- آفتاب کو چراغ دکھانا!

3919. To live is to do battle.

۳۹۱۹- زندگی کشمکش کا نام ہے-

3920. To look for a needle in a haystock.

۳۹۲۰- بھس کے ڈھیر میں سوئی ڈھونڈنا-

3921. To make a man valiant abuse him lustily.

۳۱۲۱- کسی آدمی کو بہادر بنانا ہو تو خوب لعنت ملامت کرو!

3922. To make one hale to stop up another.

۳۲۲۲- ایک برائی دور کرنے کے لئے دوسری برائی کھڑی کرلینا-

3923. To measure other people's corn by our own bushed.

۳۹۲۳- جیسا خود ہونا ویسا دوسروں کو سمجھنا!

3924. To no woman is her personal appearance displeasing.

۳۹۲۴- کونسی عورت اپنے آپ کو حسین نہیں سمجھتی!

3925. To owe is woe.

۳۹۲۵- دینا بھلا نہ باپ کا!

3926. To offer much is one way of denying.

۳۹۲۶- حد سے زیادہ پیش کرنا بھی انکار کا ایک طریقہ ہے-

3927. Tomorrow comes never.

۳۹۲۷- کل کس نے دیکھی؟

3928. Tomorrow will take care of itself.

۳۹۲۹- اب کی اب کے ساتھ، جب کی جب کے ساتھ-

3929. To overcome pleasure is the greatest pleasure.

۳۹۳۰- خواہشات کو روکنا ہی سب سے بڑی خوشی ہے-

3930. To physic the dead and to advise an old man are the same things.

۳۹۳۰- مردے کا علاج اور بوڑھے کو نصیحت ایک ہی بات ہے۔

3931. To plough the sands and sow the waves.

۳۹۳۱- صحرا میں ہل چلانا پانی مین بیج بونا۔

3932. To row one way and look another.

۳۹۳۲- کام کہیں اور دل کہیں!

3933. To see a storm is better than to feel it.

۳۹۳۳-دور سے تماشا دیکھنا جھگڑے میں پڑ کر نقصان اٹھانے سے بہتر ہے۔

3934. To see and listen to the wicked is already beginning of wickedness.

۳۹۳۴- بروں سے میل جول- برائی کا آغاز!

3935. To set the heather on fire.

۳۹۳۵- آسمان میں تھیگلی لگانا!

3936. To sleep seven hours is enough for either a young man or an old one.

۳۹۳۶- بوڑھا ہو یا جوان سات گھنٹے سونا کافی ہے۔

3937. To sit on two stools.

۳۹۳۷-نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم- دو گھروں کا مہمان بھوکا رہتا ہے۔

3938. To steal the pig and give the feet to God.

۳۹۳۸- مرغی چرا کر انڈے کو خدا کی راہ پر خیرات کرنا۔

3939. To stir up the hornet's nest.

۳۹۳۹- بھڑوں کو چھتے کو چھیڑنا!

3940. To strive against the stream.

۳۹۴۰- پانی کے آگے پل باندھنا!

3941. To swallow a camel and strain at a gnat.

۳۹۴۱- اونٹ نگل جائیں اور دم سے ہچکیاں لیں۔

3942. To strive with an equal is a doubtful thing to do; with a superior, a mad thing; with an inferior, a vulgar thing.

۳۹۴۲- ہم رتبہ سے لڑائی مشتبہ، اپنے سے بڑے کے ساتھ پاگل پن اور کم رتبہ کے ساتھ سفلہ پن ہے۔

3943. To tame the wolf you must marry him.

۳۹۴۳- شادی بڑی سخت معلمہ ہے۔

3944. To the pure, all things are pure.

۳۹۴۴- نیک کو سبھی نظر آتے ہیں۔

3945. To the people those trappings; I have known thee both inwardly and outwardly.

۳۹۴۵- یہ جال کہیں اور بچھانا میں تم سے خوب واقف ہوں۔

3946. To the timorous the air is filled with demons.

۳۹۴۶- ڈرپوک کو درخت کا سایہ بھی بھوت۔

3947. To throw the handle after the lost hatchet.

۳۹۴۷- کھوئی ہوئی کلہاڑی پیچھے دستہ گنوانا۔

3948. To understand is to forgive.

۳۹۴۸- دوسرے کے نقطۂ نظر کو سمجھنے کی کوشش کی جائے تو جس کو ہم غلطی سمجھتے ہیں وہ قابلِ معافی لغزش نظر آنے لگے۔

3949. To weep excessively for the dead is to affront the living.

۳۹۴۹- مرے ہوؤں کے لئے حد سے زیادہ آہ و زاری کرنا گویا زندوں کی بے حرمتی ہے۔

3950. To work is to pray.

۳۹۵۰- کام کرنا ہی بہترین عادت ہے۔

3951. Tone makes music.

۳۹۵۱- y آواز میں موسیقی پنہاں ہے۔

3952. Too many cooks spoil the broth.

۳۹۵۲- دو ملاؤں میں مرغی حرام!

3953. Too much of everything is bad.

۳۹۵۳- برا ہوتا ہے ہر شے کا اپنی حد سے بڑھ جانا۔

3954. Too much care weakness rather than improve a work.

۳۹۵۴- حد سے زیادہ احتیاط کام کو بہتر بنانے کی بجائے خراب کر دیتی ہے۔

3955. Too much consulting confounds all.

۳۹۵۵- زیادہ صلاح و مشورے کسی کی عقل کو ٹھکانے نہیں رہنے دیتے۔

3956. Translators, traitors.

۳۹۵۶- مترجم اصل مصنف کے ساتھ کم وفا کرتے ہیں۔

3957. Too much zeal spoils all.

۳۹۵۷- حد سے زیادہ گرم جوشی کام کو خراب کر دیتی ہے۔

3958. Tread on a worm and it will turn.

۳۹۵۸- دبے پر کیڑا بھی چوٹ کرتا ہے۔

3959. Treat a thousand dispositions in a thousand ways.

۳۹۵۹- جیسا مزاج ویسا علاج۔

3960. Trees eat but once.

۳۹۶۰- جہاں درخت ایک دفعہ جڑ پکڑ گیا اور قدرے بڑا ہو گیا پھر اسے سینچنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

3961. True coral needs no painter.

۳۹۶۱- نہیں حاجت ہے زیور کی جسے خوبی خدا نے دی!

3962. True innocene is ashamed of nothing.

۳۹۶۲- بیگناہ کو کس کی شرم!

3963. True love never grows cold.

۳۹۶۳- سچی محبت کبھی ٹھنڈی نہیں ہوتی-

3964. Trust, but not too much.

۳۹۶۴- بھروسہ کرو مگر حد سے زیادہ نہیں!

3965. Trust makes way for treachery.

۳۹۶۵- کسی پر بھروسہ کرو تب اس کو دغابازی کا موقع ملتا ہے-

3966. Trust me, but look to thyself.

۳۹۶۶- دوسرے کا اعتبار خوشی سے کرو لیکن اپنا بھی خیال رکھو!

3967. Truth conquers all things.

۳۹۶۷- سچائی سب پر فتح پاتی ہے-

3968. Truth's best ornament is nakedness.

۳۹۶۸- سچائی کا بہترین زیور اس کی عریانی ہے-

3969. Truth is truth to the end of the reckoning.

۳۹۶۹- سچائی قیامت تک سچائی ہی رہے گی-

3970. Truth does not always seen true.

۳۹۷۰- سچائی ہمیشہ سچائی معلوم نہیں ہوتی۔

3971. Truth finds foes where it makes none.

۳۹۷۱- سچائی کے دشمن خوامخوہ پیدا ہو جاتے ہیں۔

3972. Truth hath a good face, but bad clothes.

۳۹۷۲- سچی بات اچھی ہونے پر بھی کڑوی لگتی ہے۔

3973. Truth is above harm.

۳۹۷۳- سچائی کو خطرہ نہیں!

3974. Truth is the basis of all excellence.

۳۹۷۴- راستی تمام خوبیوں کی جڑ ہے۔

3975. Truth loves to go naked.

۳۹۷۵- سچائی کو مبالغہ پسند نہیں!

3976. Truth may be blamed, but it shall never be shamed.

۳۹۷۶- سچائی آخر سرخرو ہو کے رہتی ہے۔

3977. Truth may be smothered but not extinguished.

۳۹۷۷- صداقت کو دبایا جا سکتا ہے، لیکن مٹایا نہیں جا سکتا!

3978. Truth may sometimes come out of the devil's mouth.

۳۹۷۸- بعض اوقات شیطان کے منہ سے بھی سچی بات نکل جاتی ہے-

3979. Truth never grows old.

۳۹۷۹- صداقت زمانہ کی دستبرد سے محفوظ رہتی ہے-

3980. Truth stings, falsehood salves over.

۳۹۸۰- سچ چبھتا ہے لیکن جھوٹ پیارا لگتا ہے-

3981. Though a lie be swift, the truth overtakes it.

۳۹۸۱- جھوٹ چاہے پر لگائے سچ اس کو پکڑ کر رہے گا-

3982. Try and trust will move mountains.

۳۹۸۲- کوشش اور اعتقاد سے کیا کچھ نہیں ہو سکتا!

3983. Two blacks do not make a white.

۳۹۸۳- دو برائیاں مل کر ایک بھلائی نہیں بن جاتی-

3984. Two cunning knaves need no broker.

۳۹۸۴- دو بدمعاشوں کو دلال کی ضرورت نہیں!

3985. Two dogs strive for a bone, and a third runs away with it.

۳۹۸۵- دو لڑیں تیسرا لے اُڑے!

3986. Two faces under one hood.

۳۹۸۶- ایک نقاب تلے دو چہرے- دغاباز آدمی!

3987. Two goods seldom meet.

۳۹۸۷- چیز میں ایک ہی گن ہوتا ہے۔

3988. Two day sticks will kindle a green one.

۳۹۸۸- کاٹھ کے ساتھ لوہا بھی تر جاتا ہے۔

3989. Two heads are better than one.

۳۹۸۹- مشورہ ہر حالت میں مفید ہوتا ہے۔

3990. Two is company, three is none.

۳۹۹۰- دو ہوں تو صحبت۔ تین ہوں تو بھیڑ بھڑکا۔

3991. Two proud men cannot ride one ass.

۳۹۹۱- دو مغرور آدمی کوئی کام مل کر نہیں کر سکتے۔

3992. Two Sir Positives can hardly meet without skirmish.

۳۹۹۲- دو سیانے ملے اور لڑائی شروع ہوئی!

3993. Two things a man should never be angry at, what he can help and what he can't.

۳۹۹۳- دو باتوں پر آدمی کو کبھی غصہ نہیں آنا چاہئے ایک تو جسے وہ کر سکتا ہے اور دوسری وہ جو اس کے امکان سے باہر ہو!

3994. Two to one, in all things, against the angry man.

۳۹۹۴- ہر جگہ اور ہر موقع پر غصیل آدمی گھاٹے میں رہتا ہے۔

3995. Two wolves may worry one sheep.

۳۹۹۵- دو ملاؤں میں مرغی حرام!

3996. Two wrongs do not make a right.

۳۹۹۶- دو غلطیاں مل کر درست نہیں ہو جاتیں۔

3997. Two of a trade seldom agree.

۳۹۹۷- ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں۔

U

3998. Ugly women, finely dressed, are the uglier.

۳۹۹۸- بدصورت عورتیں اچھے کپڑے پہن کر اور بدصورت و بدنما ہو جاتی ہیں!

3999. Ulcers cannot be cured that are concealed.

۳۹۹۹- چھپے گھاؤ مشکل سے بھرتے ہیں۔

4000. Unbidden guests know not where to sit.

۴۰۰۰- بن بلائے مہمان کو بیٹھنے کے لئے جگہ نہیں ملتی!

4001. Understanding is the wealth of

wealth.

۴۰۰۱- عقل سب سے بڑی دولت ہے۔

4002. Understake no more than you can perform.

۴۰۰۲- جتنا کر سکو اتنا ہی ہاتھ میں لو!

4003. Uneasy lies the head that wears the crown.

۴۰۰۳- کوٹھی والا روئے چھپر والا سوئے۔

4004. Unequal marriage are seldom happy.

۴۰۰۴- اَن مل بے جوڑ شادی میں شاذونادر ہی مسرت ہوتی ہے۔

4005. Union is strength.

۴۰۰۵- ایک اور ایک گیارہ!

4006. Uninvited guests sit on thorns.

۴۰۰۶- بن بُلائے مہمان کی قدر نہیں ہوتی!

4007. Unkindness destroys love.

۴۰۰۷- بے رحمی محبت کو تباہ کر دیتی ہے۔

4008. Unkindness has no remedy at law.

۴۰۰۸- قانون میں بے رحمی کا کوئی علاج نہیں۔

4009. Unless the vessel is clean, whatever you pour into it turns sour.

۴۰۰۹- بُری صحبت کا بُرا پھل!

4010. Unminded, unmoaned.

۴۰۱۰- جس کی زندہ ہوتے ہوئے قدر نہیں اس کا مرنے پر رنج کیسا-

4011. Unpaid office makes thieves.

۴۰۱۱- جس کو کام کرکے دام نہ ملیں وہ تو چوری کرے گا ہی!

4012. Unsound minds, like unsound bodies, if you feed you poision.

۴۰۱۲- بیمار جسم کی مانند پاگل دماغ کو خوراک دینا گویا زہر دینا ہے-

4013. Unqualified activity of any kind leads in the end of bankruptcy.

۴۰۱۳- کسی قسم کا بھی بے قاعدہ کام ہو آخر میں دیوالیہ نکال کر رہے گا-

4014. Use legs and have legs.

۴۰۱۴- اگر کسی چیز کا استعمال نہ کیا جائے تو وہ نہ ہونے کے برابر ہے-

4015. Use maketh mastery.

۴۰۱۵- مشق سے ہی مہارت حاصل ہوتی ہے-

4016. Use the means, and God will give the blessing.

۴۰۱۶- ہمت مرداں مددِ خدا- تجھ سے حرکت، مجھ سے برکت!

4017. Use your wit as a bucker not as a sword.

۴۰۱۷- عقل اپنی حفاظت کے لئے ڈھال ہے دوسروں پر وار کرنے کے

لئے ہتھیار نہیں۔

V

4018. Vain glory blossoms, but never bears.

۴۰۱۸۔ جھوٹی شہرت پھُولتی ہے مگر پھلتی کبھی نہیں۔

4019. Valour delight in the best.

۴۰۱۹۔ بہادر کے لئے آزمائش مسرت کا باعث ہوتی ہے۔

4020. Valour is of no service, chance rules all, and the bravest often fall before the weapons of cowards.

۴۰۲۰۔ دنیا میں شجاعت کا نہیں اتفاق کا راج ہے۔

4021. Vain is the help of man.

۳۱۲۱۔ سائیں مارے تو رکھے کون؟

4022. Variety is pleasing.

۳۲۲۲۔ گلہائے رنگارنگ سے ہے زینت چمن!

4023. Varnishing hides a crack.

۴۰۲۳۔ روغن میں عیب چھپا رہتا ہے۔

4024. Vengeance is mild justice.

۴۰۲۴۔ بدلہ لینا ادنیٰ درجے کا انصاف ہے۔

4025. Venture a small fish and catch a great one.

۴۰۲۵۔ چھوٹے کام میں ہاتھ ڈالو تو بڑا کام بن جاتا ہے۔

4026. Ventrue not all in one bottom.

۴۰۲۶۔ ایک ہی ٹوکری میں سارے انڈے مت رکھو۔

4027. Very weight is the authority of custom.

۴۰۲۷۔ رسم و رواج کی بڑی زبردست عملداری ہے۔

4028. Very serious is the wrath of an upright man.

۴۰۲۸۔ منصف مزاج آدمی کا غصہ بڑا سخت ہوتا ہے۔

4029. Vice is its own punishment and sometimes its own cure.

۴۰۲۹۔ بداعمالی اپنی سزا آپ ہے اور بعض اوقات اپنا علاج بھی (اگر ٹھوکر کھا کر آدمی سدھر جائے۔)

4030. Vice often rides triumphant in virtue's chariot.

۴۰۳۰۔ اکثر اوقات عیب نیکوں کو بھی دبا لیتے ہیں!

4031. Vice ruleth where God reigneth.

۴۰۳۱۔ جہاں خدا کی عبادت کا دکھاوا ہوتا ہے وہیں سب سے زیادہ عیب پائے جاتے ہیں۔

4032. Vice would be frightful if did not bear a mark.

۴۰۳۲- بدی خدا جانے کس قدر مہلک ہوتی اگر اس پر بُرائی کا دھبہ نہ ہوتا!

4033. Vices are learned without a master.

۴۰۳۳- عیب سیکھنے کے لئے استاد کی ضرورت نہیں۔

4034. Vice is nourished and kept alive by concealment.

۴۰۳۴- عیب پوشیدگی میں ہی زندہ رہتے اور بڑھتے ہیں۔

4035. Vice is summary, virtue is slow.

۴۰۳۵- عیب ایک دم لیکن نیکی آہستہ آہستہ گھر کرتی ہے۔

4036. Vice which have grown with us are with difficulty cut away.

۴۰۳۶- جہاں ایک بار جڑ پکڑلی پھر عیب مشکل سے چھوٹتا ہے۔

4037. Vice brings its own punishment.

۴۰۳۷-بدی اپنی سزا آپ ہے۔

4038. Vice makes virtue shine.

۴۰۳۸- بادلوں میں گھر کر چاند اور زیادہ چمکتا ہے۔

4039. Victory is always where there is unanimity.

۴۰۳۹- جہاں اتفاق، وہاں فتح!

4040. Victory is always glorious whether it be due to chance or to skill.

۴۰۴۰- فتح ہمیشہ شاندار ہوتی ہے خواہ وہ کسی طریقے سے حاصل ہوئی ہو!

4041. Vinegar given is better than honey sought.

۴۰۴۱- نو نقد نہ تیرہ اُدھار!

4042. Virtue and a trade are the best inheritance for children.

۴۰۴۲- نیکی اور پیشہ بچوں کے لئے بہترین ورثہ ہے۔

4043. Virtue and happiness are mother and daughter.

۴۰۴۳- نیکی، مسرت کی ماں ہے۔

4044. Virtue brings honour and honour vanity.

۴۰۴۴- نیکی سے عزت اور عزت سے غرور پیدا ہوتا ہے۔

4045. Virtue dwells not in the tongue but in the heart.

۴۰۴۵- نیکی زبان پر نہیں دل میں رہتی ہے۔

4046. Virtue and vice divided the world; but vice has got the greater share.

۴۰۴۶- دنیا میں نیکی اور بدی دونوں ہیں لیکن بدی ذرا زیادہ ہے۔

4047. Virtue has never been the prevailing

fashion.

۴۰۴۷- نیکی کا کبھی دور نہیں رہا-

4048. Virtue is seldom fallowed gratis.

۳۸۴۸--نیکی سے ہمیشہ کچھ نہ کچھ صلہ کی امید ہوتی ہے-

4049. Virtue is a very strong shield.

۳۴۴۹- نیکی سے بڑھ کر کوئی ڈھال نہیں-

4050. Virtue serves as an anchor.

۴۰۵۰- انسان کے لئے نیکی جیسے جہاز کے لئے لنگر!

4051. Virtue joins man to God.

۳۵۵۱- صرف نیکی سے ہی انسان خدا تک پہنچ سکتا ہے-

4052. Virtue lives beyond the grave.

۴۰۵۲- نیکی موت کے بعد بھی قائم رہتی ہے-

4053. Virtue survives the grave.

۴۰۵۳- نیکی مرنے کے بعد بھی یاد رہتی ہے-

4054. Virtue is its own reward.

۴۰۵۴- نیکی اپنا صِلہ آپ ہے-

4055. Virtue never grows old.

۴۰۵۵- نیکی سَدا بہار ہے-

4056. Virtue now is in herbs, stones, and words only.

۴۰۵۶- انسان میں اب نیکی کا نام و نشان تک بھی نہیں رہا-

4057. Virtues all agree; vices fight one another.

۴۰۵۷- نیک آدمی باہم اتفاق کر سکتے ہیں- لیکن بُرے اور بد اصول آدمی لڑے بھڑے بغیر نہیں رہ سکتے!

4058. Vows made in storms are forgotten in clams.

۳۸۵۸- دُکھ گیا خدا بسرا!

4059. Voyage travel, and change of place impart vigour.

۴۰۵۹- خشکی و تری کا سفر اور جگہ کی تبدیلی تقویت بخشتے ہیں-

W

4060. Walls have ears.

۴۰۶۰- دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں-

4061. Want is the mother of invention.

۴۰۶۱- ضرورت ایجاد کی ماں ہے-

4062. Want of care does us more harm than want of knowledge.

۴۰۶۲- بد احتیاطی لاعلمی سے زیادہ نقصان پہنچاتی ہے-

4063. Want of wit is worse than want of money.

۴۰۶۳- بیوقوفی سے مفلسی اچھی-

4064. War, hunting and law are as full of trouble as of pleasure.

۴۰۶۴- لڑائی، شکار اور قانون میں جتنا لطف ہے اتنی ہی مصیبت بھی-

4065. War is death's feast.

۴۰۶۵- رزم موت کی بزم!

4066. Wash your dirty linen at home.

۴۰۶۶- گھر کے بھید باہر بیان نہیں کرنے چاہئیں-

4067. Wasps haunt the honey pot.

۴۰۶۷- جہاں گڑ وہاں مکھیاں!

4068. Waste not, want not.

۴۰۶۸- فضول خرچ سدا تنگ رہتے ہیں-

4069. Water, fire and soldiers quickly make room.

۴۰۶۹- آگ، پانی اور سپاہی جلد ہی اپنے لئے راہ بنا لیتے ہیں-

4070. We are all quick to copy what is base and depraved.

۴۰۷۰- بُری باتوں کی تقلید لوگ بہت جلد کرنے لگتے ہیں- بدی مرض متعدی ہے-

4071. We admire things which deceive us from a distance.

۴۰۷۱۔ دور کے ڈھول سہانے۔

4072. We are bound to be honest but not to be rich.

۴۰۷۲۔ ایمان رہے جائے سب کچھ۔

4073. We are captivated by dress.

۴۰۷۳۔ ایک نُور آدمی۔ سو نُور کپڑا!

4074. We are not born for ourselves alone.

۴۰۷۴۔ انسان دنیا میں دوسروں کی خدمت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔

4075. We begin not to live till we are fit to die.

۴۰۷۵۔ جب موت قریب آتی ہے تب ہمیں ہوش آتا ہے۔

4076. We easily give advice to others.

۴۰۷۶۔ دوسروں کو نصیحت دینا آسان ہے۔

4077. We do nothing without the leave of God.

۴۰۷۷۔ خدا کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔

4078. We despise what belongs to us.

۴۰۷۸۔ اپنی چیز کی کوئی قدر نہیں کرتا۔

4079. We give to the rich and take from the poor.

۴۰۷۹۔ غریب کے منہ کا نوالا چھین کر امیر کے منہ میں ڈالا جاتا ہے۔

4080. We hate delay, yet it makes us wise.

۴۰۸۰- تاخیر ناگوار گزرتی ہے لیکن یہ ہم کو عقل سکھاتی ہے۔

4081. We have all forgot more than we remember.

۳۸۸۱- آدمی جتنا یاد رکھتا ہے اس سے زیادہ بھول جاتا ہے۔

4082. We learn not in school, but in life.

۳۸۸۲- انسان کی اصل تربیت زندگی کے مدرسے میں ہوتی ہے۔

4083. We leave more to do when we die than we have done.

۳۸۸۳- زندگی میں لوگ جتنے کام کرتے ہیں ان سے زیادہ بغیر کئے پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔

4084. We must look to the mind, and not to the outward appearance.

۳۸۸۴-دل کو دیکھو- شکل و شباہت پر مت جاؤ۔

4085. We lose by the same way or means whereby was acquire.

۳۸۸۵- جیسا آیا، ویسا گیا- مال حرام بود بجائے حرام رفت!

4086. We must to cretans with the cretans.

۳۸۸۶- جیسے کے ساتھ تیسا!

4087. We must make a stand against adverse circumstances.

۳۸۸۷-مصیبت کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہئے۔

4088. We never know the worth of water till the well is dry.

۳۸۸۸-جو شخص مصیبت میں نہیں پھنستا وہ عافیت کی قدر نہیں جانتا!

4089. We shall be all alike in our graves.

۳۸۸۹- مرے پیچھے سب برابر!

4090. We shall play to live, not live to play.

۴۰۹۰- تفریح زندگی کے لئے ہے زندگی تفریح کے لئے نہیں ہے۔

4091. We shall publish our joys and conceal our griefs.

۴۰۹۱- انسان اپنا دکھ درد کبھی دوسروں کے سامنے بیان نہ کرے۔

4092. We the captars are caught.

۴۰۹۲- لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا!

4093. We strike ever after what is forbidden and desire the things which are denied us.

۴۰۹۳- آدمی کا دل ہمیشہ ان چیزوں کی طرف دوڑتا ہے جن سے اسے روکا جائے۔

4094. We usually praise only that we may be praised.

۴۰۹۴- اپنی تعریف کرانے کے لئے دوسروں کی تعریف کی جاتی ہے۔

4095. Weak men had need be witty.

۴۰۹۵- ظریف طبع ہونا کمزوروں کے لئے سودمند ہے۔

4096. Wealth is like rheum, it falls on the weakest parts.

۴۰۹۶- دولت مثل نزلہ ہے جو کمزور ترین عضو پر غلبہ پالیتا ہے۔

4097. Wealth makes wit waver.

۴۰۹۷- دولت نشہ میں سرشار کردیتی ہے۔

4098. Wealth makes worship.

۴۰۹۸- دولت مند کی ڈیوڑھی پر سب سجدہ کرتے ہیں۔

4099. Wealth sanctions (or excuses) folly.

۴۰۹۹- ء زر ستارِ عیوب!

4100. Wedlock is like a place besieged; those within want to get out, those without wish to get in.

۴۱۰۰- شادی بور کی برفی ہے جو کھائے وہ بھی پچھتائے جو نہ کھائے وہ بھی پچھتائے۔

4101. Weight justly and sell dearly.

۴۱۰۱- مہنگا بیچ پر پورا تول۔

4102. Welcome is the best cheer.

۴۱۰۲- میٹھا بولنا ہی مٹھائی ہے۔

4103. Well beaten cries as much as badly beaten.

۴۱۰۳- جب مار پڑی تو مکوں کیا اور لاتوں کیا!

4104. Well begun is half done.

۴۱۰۴- نیک آغاز- انجام بخیر!

4105. Well-done outlives death.

۴۱۰۵- نیکی مرنے کے بعد بھی زندہ رہتی ہے-

4106. Well done, soon done.

۴۱۰۶- کام اچھا ہو چاہے دیر سے ہو!

4107. What a vilest of beasts is the belly.

۴۱۰۷- پیٹ بُری بلا!

4108. What can't be cured must be endured.

۴۱۰۸- قہر درویش بجانِ درویش-

4109. What cannot be eschewed must be embraced.

۴۱۰۹- گلے پڑا ڈھول بجانا ہی پڑتا ہے-

4110. What come too take is as nothing.

۴۱۱۰- مرنے کے بعد حکیم بھی آیا تو کیا؟

4111. What costs nothing is worth nothing.

۴۱۱۱- مفت چیز کی کوئی قدر نہیں کرتا۔

4112. What does not love compel us to do?

۴۱۱۲- کیا کہوں عشق کی مجبوریاں لاچاریاں!

4113. What every one says must be true.

۴۱۱۳- آوازۂ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو!

4114. What hands have built, hands can pull down.

۴۱۱۴- انسان کی کسی چیز کو قیام نہیں۔

4115. What is done by night appears by day.

۴۱۱۵- لاکھ چھپ کر کرو بات ظاہر ہو کر رہتی ہے۔

4116. What is done is done.

۴۱۱۶- جو ہونا تھا سو ہو چکا!

4117. What soberness conceals, drunkennes reveals.

۴۱۱۷- نشہ میں راز نہیں چھپتا!

4118. What is crooked in nature cannot be straightened by art.

۴۱۱۸- کتے کی دم کو بارے سال نلوے میں رکھا وہ ٹیڑھی کی ٹیڑھی ہی رہی۔

4119. What's done can't be undone.

۴۱۱۹- کمان سے نکلا تیر واپس نہیں آسکتا!

4120. What is food for some is black poison for others.

۴۱۲۰- ایک کے لئے جو آب حیات دوسرے کے لئے وہی چیز زہر قاتل!

4121. What fortune offers, let us accept with unmoved mind.

۳۱۲۱- سر تسلیم خم ہے جو مزاجِ یار میں آئے!

4122. What is learnt in the cradle lasts to the tomb.

۳۲۲۲- بچپن میں سیکھی ہوئی باتیں عمر بھر نہیں بھولتیں!

4123. What is new is seldom true; what is true is seldom new.

۴۱۲۳- نئی بات بالعموم سچ نہیں ہوتی اور سچی بات نئی نہیں ہوتی!

4124. What is right cannot be separated from what is glorious.

۴۱۲۴- صداقت ہمیشہ شاندار ہوتی ہے-

4125. What is the use of patience, if we cannot find it when we want it?

۴۱۲۵- صبر وہ ہے جو کسی وقت ہاتھ سے نہ جائے-

4126. What is the use of running, when you are on the wrong road?

۴۱۲۶- غلط رستے پر دوڑنے کی نسبت چلنا ہی بہتر ہے۔

4127. What is to some sad and bitter, may seem to others particularly sweet.

۴۱۲۷- جو چیز تجھے ایک آنکھ نہیں بھاتی وہی مجھے نعمت ہے۔

4128. What is violent is not lasting.

۴۱۲۸- تشدد لازمی طور پر عارضی ہوتا ہے۔

4129. What is true, simple and sincere is most congenial to man's nature.

۴۱۲۹- سچائی، سادگی اور صاف دلی یہ سب انسانی فطرت کے عین مطابق و موافق ہیں۔

4130. What man has done, man can do.

۴۱۳۰- جو کچھ ایک آدمی نے کر دکھایا ہے وہ دوسرا بھی کر سکتا ہے۔

4131. What the eye has seen, the hand may do.

۴۱۳۱- جو کچھ کیا ہوا دیکھا ہے اسے تم بھی کر سکتے ہو!

4132. What may be done at any time will be done at no time.

۴۱۳۲- جس کام کے لئے وقت معین نہ ہوگا وہ ہرگز پایۂ تکمیل کو نہ پہنچے گا!

4133. What one day gives us another takes away from us.

۴۱۳۳- ایک دن نفع تو دوسرے دن نقصان-

4134. What one puts off is half abondoned.

۴۱۳۴- ملتوی کیا ہوا کام کبھی پورا نہیں ہوتا-

4135. What one will not, another will.

۴۱۳۵- اگر تم نہیں کرو گے تو اور ہزاروں کرنے والے موجود ہیں-

4136. What shall be, shall be.

۴۱۳۶- جو ہونا ہے ہو کر رہے گا!

4137. What should a cow do with a nutmeg.

۴۱۳۷- بندر کیا جانے ادرک کا سواد!

4138. What the eye does not admire, the heart does not desire.

۴۱۳۸- جو چیز آنکھ کو نہیں بھاتی اس کو دل بھی نہیں چاہتا!

4139. What the heart thinketh, the tongue speaketh.

۴۱۳۹- جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے-

4140. What tutor for a child sixty years old?

۴۱۴۰- کہیں بڈھے طوطے بھی پڑھے ہیں-

4141. What you have done to another, you

may expect from another.

۴۱۴۱- جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

4142. What will you do in your hatred, when you are so cruel in your love.

۴۱۴۲- محبت میں جب تم اس قدر ظالم ہو تو خدا جانے نفرت میں کیا قہر نہیں ڈھاؤ گے۔

4143. What you do not wish to be done to yourself, do not to another.

۴۱۴۳- جیسا سلوک اپنے ساتھ کرانا چاہتے ہو ویسا ہی دوسروں کے ساتھ کرو!

4144. What wind blew you hither?

۴۱۴۴- آج یہ عید کا چاند کدھر سے نکل آیا؟

4145. What your glass tells you will not be told by counsel.

۴۱۴۵- اپنے عیب و ہنر دوسروں کے مقابلے میں آدمی خود ہزار درجہ بہتر دیکھ سکتا ہے۔

4146. Whatever you are, be a man.

۴۱۴۶- دنیا میں رتبہ چاہے کیا ہو آدمیت مت چھوڑو۔

4147. Whatsoever time does, it undoes.

۴۱۴۷- وقت کا کیا وقت ہی مٹاتا ہے۔

4148. When a fool hath bethought himself

the market is over.

۳۸۴۸-بیوقوف جب تک ارادہ کو مصمم کرتا ہے موقعہ ہاتھ سے نکل جاتا ہے-

4149. When a friend asks, there is no tomorrow.

۴۱۴۹- دوست کی درخواست کو نہیں ٹالا جا سکتا!

4150. When a man is his own friend, you may know him to be a friend to all men.

۴۱۵۰- جو خود کو اپنا دوست ہے وہ سب کا دوست ہے-

4151. When a man is single, he lives at ease.

۳۵۵۱- مجرد کی زندگی آرام سے گزرتی ہے-

4152. When a poor man begins to imitate a rich man, he perishes.

۴۱۵۲- مفلس نے امیر کی نقل کی تو مرا!

4153. When all men say you are an ass, it is time to bray.

۴۱۵۳- پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی!

4154. When a rich man dies the citizens gather from all parts, but a poor man's funeral there is scarcely one

man presents out of thousands.

۴۱۵۴- امیر کا کتا مرا ہزاروں افسوس کے لئے آئے غریب کی بیوی مری کسی نے بات تک نہ پوچھی!

4155. When at Rome do as the Romans do.

۴۱۵۵- جیسا دیس ویسا بھیس-

4156. When every one is wrong, every one is right.

۴۱۵۶- اگر سب غلطی پر ہوں تو سب راستی پر ہیں-

4157. When fortune smiles on thee, take the advantage.

۴۱۵۷- جب قسمت یاوری کرے تو اس سے فائدہ اٹھاؤ!

4158. When God says, Today, the devils says Tomorrow.

۳۸۵۸- ٹال مٹول کام شیطان کا ہے-

4159. When God will, no wind but brings rain.

۴۱۵۹- خدا دے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے-

4160. When goo cheer is lacking, our friends will be packing.

۴۱۶۰- بگڑی پر دوست بھی کنارہ کش ہو جاتے ہیں-

4161. When I am dead, the world is gone.

۴۱۶۱- آپ مرے جگ پر لوں-

4162. When he dieth, he shall carry nothing away.

۴۱۶۲- مرے پر ساتھ کچھ نہیں جاتا-

4163. When I did well, I heard it never; when I did ill, I heard it ever.

۴۱۶۳- ہنسائے کا نام نہیں رلانا لازم- نیکی برباد گناہ لازم!

4164. When it rains, it rains on all alike.

۴۱۶۴- کرم اس کا یکساں نیک پر بد پر-

4165. When it thunders the thief becomes honest.

۴۱۶۵- خدا کا قہر دیکھ کر چور بھی ایماندار ہو جاتا ہے-

4166. When love cools, our faults are seen.

۴۱۶۶- جب محبت کا خمار اترتا ہے تو سب عیب ظاہر ہونے لگتے ہیں-

4167. Where there is no love, all are faults.

۴۱۶۷- جب دل میں محبت نہ رہے تو خوبیاں بھی عیب ہو جاتی ہیں-

4168. When money is taken, freedom's forsaken.

۴۱۶۸- پیسہ لیا نہیں اور غلام بنے۔

4169. When my house burns, it is not good playing at chess.

۴۱۶۹- جب سر پر تباہی آ رہی ہو تو عیش و آرام سے کنارہ کشی اختیار کر لینی چاہئے۔

4170. When one door closes another opens.

۴۱۷۰- ایک در بند ہزار در کھلے۔

4171. When one yawns another yawns after him.

